UNIVERSAL LIBRARY

فاتقوا اللہ واصلحوا ذات بینکم

روداد

اجلاس دہم ندوۃ العلماء


منعقدہ

۸ - ۹ اپریل ۱۹۱۷ء مطابق ۱۴ - ۱۵ - ۱۶ جمادی الاخری ۱۳۳۵ھ

روز شنبہ، یکشنبہ، دوشنبہ بمقام مدراس

حسب ایمائے

مجلس انتظامیہ ندوۃ العلماء



بابد یحیٰ خان شاہی پریس لکھنؤ میں چھپی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہٗ ونصلی علیٰ رسولہ الکریم

تمہید

خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہی کہ ندوۃ العلماء کے بہی خواہون کا حلقہ اب روز بروز نہایت وسیع ہوتا جاتا ہی، یہان تک کہ ہندوستان کے دور دراز صوبون کے مسلمان بھی اس کی تائید پر آمادہ نظر آتے ہین جس سے یہ توقع پیدا ہوتی ہی کہ اب وہ زمانہ زیادہ دور نہین ہی جبکہ ندوۃ العلماء کی مذہبی مرکزیت ایک شاندار حیثیت سے ملک مین نمایان ہوگی اور تمام اسلامی ہند ندوۃ العلماء کی گران قدر مذہبی وعلمی خدمات کا اعتراف کرے گا۔

شہرت وعظمت ندوۃ العلماء کا گویا قدرتی حصہ ہی جو اس کو روز اوّل ہی سے حاصل ہی کسی مجلس یا جماعت کی اس سے زیادہ خوش قسمتی اور کیا ہو سکتی ہی کہ عملی زندگی مین قدم رکھنے سے پہلے ہی اُس کی شہرت اسلامی دنیا کے ایک ایک گوشہ مین پھیل جائے اور ہر طرف سے اسکی تائید وحمایت مین آوازین بلند ہونے لگین۔ ندوۃ العلماء کی یہ ایسی خصوصیت ہی جو آج بھی ہندوستان کی کسی بڑی سے بڑی مجلس کو نصیب نہین اس موقع پر قدرتاً یہ سوال پیدا ہوتا ہی کہ آخر اس شہرت وعظمت کا کیا راز ہی؟ اور ندوۃ العلماء مین جذبۂ تاثیر کی وہ کون سی قوت ہی کہ لوگون کے دل خود بخود اُسکی طرف کھنچتے ہین، اور زبانین خواہ مخواہ اُس کی مدح وستایش مین مصروف رہتی ہین۔

افسوس کہ قلتِ گنجائش مانع ہی اس لیے ہم اِس بحث کو تفصیل سے نہین لکھ سکتے۔ اسکے علاوہ

ندوۃ العلماء کے مقاصد کے متعلق مختلف زبانون مین متعدد مضامین و رسائل لکھے گئے ہین جو عام طور پر شایع ہو چکے ہین اس لیے از سرِ نو ہر روداد مین ان مباحث پر تفصیل سے لکھنے کی حاجت نہین، با این ہمہ اس قدر بیان کرنا ضروری معلوم ہوتا ہو کہ ندوۃ العلماء کے مقاصد کی اہمیت و فضیلت کا سب سے بڑا راز یہ ہو کہ یہ مقدس مجلس علماء کی اصلاح و تربیت کے لیے قائم کی گئی ہو اور علماء کی اصلاح گویا تمام قوم کی اصلاح ہو۔

مندرجہ بالا بیان کو کسی قدر تفصیل سے یون سمجھنا چاہیے کہ علماء جو قوم کے ہادی و رہنما ہین، قوم کے لیے بمنزلہ دماغ کے ہین اس لیے جب علماء باخبر اور فرض شناس ہوتے ہین، تو قوم ترقی کرتی ہو اور جب علماء بگڑ جاتے ہین تو قوم بگڑ جاتی ہو، اس پر کسی استدلال کی حاجت نہین، ظاہر ہو کہ جب علماء کی حالت خود قابل اصلاح ہوگی تو قوم کی اصلاح کون کرے گا، اس بنا پر یہ کہا جا سکتا ہو کہ ندوہ نے قومی ترقی کے لیے صحیح اصول پر کام کرنے کا ارادہ کیا اور وہ طریقہ اختیار کیا جو درحقیقت کام کرنے کا اصلی و مستحکم طریقہ ہو، یعنی ندوہ نے فیصلہ کیا کہ قوم کی اصلاح صرف اس طریقہ سے ہو سکتی ہو کہ سب سے پہلے روشن خیال باخبر زمانہ شناس علماء پیدا کیے جائین جو زمانہ موجودہ کی ضروریات کو پیش نظر رکھ کر صحیح طریقہ سے قوم کی رہنمائی کر سکین، چنانچہ اسی خیال سے منجملہ اور مقاصد کے رفع نزاع باہمی، اور اصلاح نصاب کو اپنے مقاصد مین داخل کیا کیونکہ ترقی کی راہ مین سب سے زیادہ جو چیز سنگ راہ تھی وہ علماء کا باہمی اختلاف تھا اور اس سبب سے وہ اپنی مشترکہ طاقت سے باہم مل جل کر کام نہین کر سکتے تھے، ندوہ نے سب سے پہلے علماء مین باہمی اتحاد کی روح پھونکی اور ان کو آپس مین مل کر کام کرنے پر آمادہ کیا، اس کے بعد نصاب مین ترمیم و اصلاح کر کے ایک ایسا نصاب مرتب کیا جس کے پڑھنے سے طلبہ مین روشن خیالی، وسعت نظر، اور استعداد کامل پیدا ہو، اور وہ مذہب و تاریخ اسلام کی

عظمت کرنا سیکھین چنانچہ اِس مقصد کے لیئے مجلس ندوۃ العلما نے ایک دار العلوم قائم کیا، اور ایک وسیع شاندار کتب خانہ جمع کیا، لائق اساتذہ فراہم کئے اور اصلاح شدہ نصاب کے مطابق سلسلۂ تعلیم جاری کیا۔ جس کے مفید نتائج بحمد اللہ عام طور پر نمایان ہو چکے ہین، اور قوم کے باخبر و روشن خیال اصحاب نے اس کو تسلیم کر لیا ہی کہ ندوہ کا طریقہ تعلیم نہایت مفید اور زمانہ موجودہ کی ضروریات کے مطابق ہی اِس بنا پر ارکان ندوۃ العلما کی ہمیشہ سے یہ خواہش ہی کہ ہندوستان کے تمام دور و دراز حصص کے مسلمان ندوہ کی تعلیم و تربیت کے خوشگوار نتائج سے مستفید ہون اور ندوہ کا چشمۂ علم و فضل تمام مسلمانان ہند کو یکسان سیراب کرے۔

مندرجہ بالا وجوہ سے ندوہ کے اغراض و مقاصد کی تمام ہندوستان مین اشاعت کی گئی اور ہمیشہ یہ کوشش رہی کہ تمام اطراف ہند سے مسلمانون کے بچے ندوہ مین آکر یہان کی مخصوص تعلیم و تربیت سے فائدہ حاصل کرین چنانچہ اِن تمام مقاصد کے حاصل کرنے کے لیے ندوہ ہر سال ہندوستان کے کسی خاص شہر مین اپنا سالانہ اجلاس منعقد کرتا ہی اور وہان کے مسلمانون کے سامنے ندوہ کی تعلیم و تربیت کا اعلیٰ نمونہ پیش کرتا ہی؛ غرض اب تک ندوہ کے ۱۶-۱۷ اجلاس ہندوستان کے مختلف مقامات مثلاً کانپور، لکھنؤ، بریلی، میرٹھ، عظیم آباد، ٹپنہ، امرتسر، دہلی، بنارس، کلکتہ، مدراس، پونا، وغیرہ مین منعقد ہو چکے ہین، اور ان مقامات مین مقاصد ندوہ کی کافی اشاعت کی جا چکی ہی بلکہ بعض بعض مقامات کے ارباب خیر ندوہ کو دو دو دفعہ مدعو کر چکے ہین، چنانچہ مدراس مین سب سے پہلے ۱۹۰۶ء مین ندوۃ العلما کا سالانہ جلسہ ہو چکا تھا۔ اسکے بعد اپریل ۱۹۱۶ء مین جبکہ پونا مین ندوہ کا اجلاس ہو رہا تھا تو برادران مدراس نے پونا پہونچ کر از سر نو ندوہ کا خیر مقدم کیا اور دوبارہ ۱۹۱۷ء کے لیے ندوہ کو مدراس آنے کی دعوت دی جسکو ارکان انتظامیہ نے شکریہ کے ساتھ قبول کیا،

مولانا عبدالسبحان صاحب جو ندوہ کے رکن انتظامی اور مدراس کے ایک روشن خیال و تعلیم یافتہ تاجر ہین خاص طور پر اجلاس کی شرکت کے لیے مدراس سے پونا تشریف لائے اور یہ اعلان کیا کہ اگر آئندہ سال ندوہ کا اجلاس مدراس مین قرار دیا گیا تو ہم صوبہ مدراس کی طرف سے کم از کم دس ہزار روپیہ ندوہ کو تعمیر بورڈنگ کے لیے دین گے۔

اب سے پہلے ندوہ کا جو اجلاس مدراس مین ہو چکا تھا وہ بعض مقامی علما و عوام کی غلط فہمی و شدید مخالفت کی بنا پر ایک حد تک ناکامیاب رہا تھا اس لیے بزرگان مدراس کو قدرتاً یہ خیال تھا کہ اس دفعہ ندوہ کا اجلاس ہر طرح کامیاب ہو تاکہ وہ داغ بدنمائی جو مقدس علما و محترم مہمانون کی مخالفت کی وجہ سے مدراس کی پیشانی پر نمایان ہے ہمیشہ کے لیے زائل ہو جائے چنانچہ صوبہ مدراس کے تمام معزز مسلمانون خصوصاً جناب مولانا عبدالسبحان صاحب، سی عبدالحکیم صاحب تاجر، خان بہادر حاجی بدرالدین صاحب جناب محمد موسی حاجی ابراہیم سیٹھ نے ندوۃ العلماء کے اجلاس کو کامیاب بنانے کے لیے غیر معمولی سرگرمی کا اظہار کیا اس کے علاوہ مدراس کے اسلامی اخبارات کے ایڈیٹرون نے بھی اجلاس سے چند ماہ پہلے اپنے اخبارات مین ندوہ کی تائید مین متعدد مضامین شائع کیے، اور عام مسلمانان مدراس کو ندوہ کی امداد و اعانت پر متوجہ کیا۔

اجلاس سے چند ماہ پہلے مولوی حاجی غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوہ مدراس بھیجے گئے آپ نے مدراس کے مختلف اضلاع مین دورہ کیا اور خاص مدراس مین ایک زمانہ تک قیام کر کے ندوہ کی تحریک کو عام طور پر پھیلایا، اور جماعت استقبالیہ قائم ہو جانے کے بعد جلاس کے مصارف کے لیے بمعیت بزرگان مدراس چندہ جمع کیا، غرض آپ اجلاس کے زمانہ تک پیہم مقاصد ندوہ کی اشاعت مین مصروف رہے۔

اِس سال جناب مولانا حاجی قاری شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری پھلواروی نے بھی غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا، مدراس خصوصاً بنگلور مین آپ کے معتقدین کا حلقہ نہایت وسیع ہی اور اہل مدراس کو کئی دفعہ جناب ممدوح کے علم و فضل اور مواعظ حسنہ سے متمتع ہونے کا موقع مل چکا ہی چنانچہ اِس دفعہ بھی آپ اجلاس سالانہ سے چند ماہ قبل مدراس تشریف لے گئے وہان آپ نے زیادہ تر بنگلور مین قیام فرمایا اور اپنے مواعظ و خطبات کے سِلسِلہ مین برابر ندوہ کے اعلیٰ مقاصد کی اشاعت فرماتے رہے جس کے نہایت عمدہ نتائج اجلاس سالانہ کے موقع پر ظاہر ہوے یعنی جناب ممدوح کے معتقدین کثیر تعداد مین ندوۃ العلماء کے اجلاس مین شریک ہوئے اور وظائف کے سِلسِلہ مین معقول مالی اعانت اُن سے حاصل ہوئی، اجلاس سے چند روز قبل جناب شاہ صاحب ممدوح مع اپنے صاحبزادہ مولوی شاہ حسین میان صاحب کے خاص مدراس تشریف لائے اور یہان بھی دونون صاحب اجلاس کے زمانہ تک ندوہ کی خدمت مین مصروف و منہمک رہے اِس لیئے یہ کہنا بالکل صحیح ہی کہ اِس دفعہ مدراس مین ندوہ کو جو کچھ کامیابی ہوئی اُس مین جناب ممدوح کی کوششون کو بہت کچھ دخل ہی۔

سنہ ۱۹۰۷ء مین ندوۃ العلماء کا مدراس مین جس جوش و خروش سے استقبال کیا گیا وہ یقیناً مدراس کی قومی تاریخ کا ایک قابل یادگار واقعہ ہی جو ہمیشہ اہل مدراس کے لیے فخر و مباہات کا باعث ہوگا اگرچہ اِس دفعہ بھی وہان ندوہ کی مخالفت کی گئی اور مخالفت مین اچھا خاصہ جوش بھی ظاہر کیا گیا تاہم یہ مخالفت بے نتیجہ و بے اثر تھی اور ذاتی تعصبات صاف طور پر اُسکے اندر جھلک رہے تھے ورنہ عام حالت یہ تھی کہ اس دفعہ مدراس کے تمام سربرآوردہ اصحاب نے نہایت محبت و جوش کے ساتھ ندوہ کا خیر مقدم کیا اور ہزاکسلنسی گورنر مدراس اور صوبہ کے مقتدر حکام نے بھی دلچسپی کا اظہار فرمایا۔

مدراس کی اسلامی جماعت کے جن نامور وممتاز اصحاب نے خاص طور پر ندوہ کے لیے کام کیا انمین جناب آنریبل جسٹس عبدالرحیم صاحب، جناب مولانا عبدالسبحان صاحب آنریری مجسٹریٹ، جناب خان بہادر محمد عبدالقدوس بادشاہ صاحب جناب سی عبدالحکیم صاحب، جناب خان بہادر حاجی بدرالدین صاحب جناب محمد موسیٰ حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب جناب خطیب عبدالرشید صاحب، جناب مولانا الحاج ضیاءالدین محمد صاحب جناب ٹودی محمد ابراہیم صاحب بنگلوری خاص طور پر لائق شکریہ ہین ان کے علاوہ دوسرے محترم بزرگان بلدِ اس جو ندوہ کے لیے کام کرتے رہے اُن کا تذکرہ جماعت استقبالیہ کے سلسلہ مین موجود ہے اور ہم اُن سب محترم بزرگون کے شکرگذار ہین اگرچہ انھون نے جو کچھ کیا وہ ظاہری نام ونمود اور نمائش کے لیے نہین کیا اور نہ وہ ہمارے شکریہ کے محتاج ہین، اُن کو صرف خالص مذہبی جوش نے ایک مقدس اسلامی مجلس کی خدمت کے لیے آمادہ کیا اِس لیے اُن کو اِس کا صلہ بھی خدا ہی کی طرف سے ملے گا۔

سنہ ۱۹۱۶ء کے اجلاس ندوۃ العلما کی ایک خصوصیت بھی قابل ذکر ہے کہ جنوبی ہند کے علماء نے بھی خاص طور پر اسلامی محبت وخلوص کا اظہار کیا حالانکہ جماعت علماء مین اِس قسم کے برادرانہ جوش محبت کی مثالین نادرالوجود ہین اکثر یہ دیکھا جاتا ہے کہ مقامی علماء اپنے اثر و فوقیت کے قائم رکھنے کے لیے اِس قسم کے مواقع پر عموماً مخالفانہ رویہ اختیار کرتے ہین لیکن برخلاف اس کے جنوبی ہند کے علماء نے محبت وخلوص سے علماے ندوہ کا خیر مقدم کیا۔ علماء کے علاوہ جنوبی ہند و قرب وجوار کے عام مسلمانون نے بھی اپنی شرکت واعانت سے یہ ثابت کردیا کہ سنہ ۱۹۱۶ء کا اجلاس ندوۃ العلما جنوبی ہند کے تمام مسلمانون کا جلسہ ہے۔ اور وہ اجتماعی قوت سے اُس کا خیر مقدم کرنے کے لیے موجود ہین۔

مدراس چونکہ دور دراز فاصلہ پر واقع تھا، اور وہان کا موسم گرما عموماً نہایت تکلیف دہ خیال کیا جاتا ہو اس لیے یہ اندیشہ تھا کہ دوسرے صوبجات ہند کے مسلمان اس اجلاس مین شریک نہ ہوسکین گے لیکن یہ گمان غلط نکلا۔ کیونکہ مہمانون کی فہرست کے سرسری مطالعہ سے معلوم ہوتا ہو کہ لکھنؤ، دہلی، علی گڈھ، پانی پت، ہوشیارپور، پٹنہ، کلکتہ، بمبئی، بھوپال، حیدرآباد، شملہ، راجپوتانہ، مالابار، وانمباڑی، ویلور، بنگلور، میسور وغیرہ کے برادران اسلام اجلاس مین موجود تھے،

افسوس کہ حضرت مولانا سید شاہ **عبداللطیف** صاحب سجادہ قطب ویلور بوجہ علالت اجلاس مین شریک نہ ہوسکے جس پر جناب ممدوح نے اپنے نامہ گرامی مین اظہار معذرت فرمایا۔ لیکن آپ ہمیشہ سے ندوہ کے مقاصد کو نہایت پسند فرماتے ہین اور مختلف مواقع پر اپنی دلچسپی کا اظہار فرما چکے ہین۔

طبقۂ امرا مین سے ہز ہائنس نواب سر غلام محمد علی خان پرنس آف ارکاٹ نے اجلاس مین شریک ہوکر ارکان ندوۃ العلماء کو ممنون فرمایا اور ہز ہائنس نواب سلطان جہان بیگم صاحبہ بالقابہا فرمانروائے بھوپال نے مفتی محمد **انوار الحق** صاحب ایم اے ڈائرکٹر سررشتہ تعلیمات کو سرکاری طور پر ریاست کی طرف سے قائمقام بنا کر بھیجا۔

مدراس کے مسلمانون کے متعلق یہ بیان کیا جاتا ہو کہ وہ صرف باتین نہین کرتے بلکہ کام بھی کرتے ہین اور جو وعدہ کرتے ہین اُس کو پورا کرتے ہین، اس دفعہ اجلاس کے موقع پر اس کا عملی تجربہ ہوگیا۔ انھون نے وعدہ کیا تھا کہ دس ہزار روپیہ ندوہ کو دین گے لیکن انھون نے اس سے زیادہ دیا اور خوشی سے دیا۔ اس کے علاوہ مہمانداری اور اجلاس کے دوسرے مصارف کے لیے علیحدہ روپیہ جمع کیا۔ اور جس فیاضی و اولوالعزمی سے انھون نے اجلاس کے لیے

سازوسامان کیا وہ ان کی حوصلہ مندی واسلامی جوش کا زبردست ثبوت ہی مسلمانان مدراس بعض اسلامی خصوصیات مین دوسری جگہ کے مسلمانون سے ممتاز ہین اور اُن کے اخلاق وعادات مین عہدِ سلف اور اوائل اسلام کے محاسن اخلاق کی جھلک موجود ہی ان کی معاشرت نہایت سادہ وبے تکلف ہی اور ان کا جوش مصنوعی نہین بلکہ اصلی ہی مساوات واخوت اسلامی کے مظاہر اگر کہین نظر آتے ہین تو مدراس مین نظر آتے ہین وہ زبان سے جوش وخروش کا اظہار نہین کرتے بلکہ اُن کا جوش عملی ہوتا ہی وہ جس کام کو مفید سمجھتے ہین خاموشی سے اُس کی مدد کرتے ہین اُن کو خواہ مخواہ نمائش واظہار یا اپنے کام پر فخر ومباہات کا شوق نہین ہی اس کے علاوہ ایک بڑی خصوصیت اہلِ مدراس کی یہ ہی کہ اُن کا جوشِ عمل ہنگامی وعارضی نہین ہوتا یعنی وہ کسی فوری اثر سے متاثر ہو کر کام نہین کرتے بلکہ جو کچھ کرتے ہین وقار واستقلال کے ساتھ کرتے ہین اور اُس کا ثبوت یہ ہی کہ وہ ایک مدت سے ندوہ کی اعانت کر رہے ہین اور جلسہ کے زمانہ مین بھی اُنھون نے فیاضی کا اظہار کیا اور اب گرچہ جلسہ کو ایک زمانہ گذر چکا ہی لیکن اُن کی امداد واعانت کا سلسلہ برابر جاری ہی اور وہ اب تک اپنا موعودہ روپیہ بھیج رہے ہین۔

اِس دفعہ اجلاس ندوۃ العلماء کے سلسلہ مین ایک افسوسناک واقعہ بھی پیش آیا جس کا تذکرہ اس روداد مین اصولاً نظرانداز نہین کیا جاسکتا یعنی اس سال اجلاس ندوۃ العلماء کی صدارت کے لیئے جناب مولانا محمد حبیب الرحمن خان صاحب شروانی کا انتخاب ہوا تھا لیکن افسوس کہ عین وقت پر مولانا کی طبیعت ناساز ہو گئی اور آپ مدراس تشریف نہ لیجا سکے حالانکہ جناب ممدوح نے اپنا پُرمغز خطبۂ صدارت تیار کر کے چھپوا لیا تھا (جو آخر کار بذریعہ ڈاک مدراس روانہ کر دیا گیا اور اجلاس کے ایام مین وہان پہونچ گیا، چونکہ مولانا ممدوح کی تشریف آوری کی عام طور پر شہرت ہو چکی تھی اس لیے برادران مدراس استقبال کی تیاریان کر رہے تھے لیکن اجلاس سے دو روز قبل جب

علی گڈھ کے تارون سے مولانا کی علالت طبع اور عدم تشریف آوری کا حال معلوم ہوا تو ہر شخص نے اِس واقعہ کو رنج و افسوس کے ساتھ سُنا، لیکن چارہ کار کیا تھا اب دوسرے صدر کا انتخاب ناگزیر تھا آخرکار جماعت استقبالیہ و ارکان ندوہ نے باہم غور و مشورہ کر کے جناب مولانا الحاج شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری کو صدر منتخب کیا اور جناب ممدوح نے اِس انتخاب کو شرف قبولیت عطا فرماکر بعجلت ممکنہ ایک دلچسپ خطبۂ صدارت تیار کیا جو افتتاح اجلاس کے موقع پر کامل توجہ اور حُسن اعتقاد سے سُنا گیا اور ہمارے ناظرین اس کو روداد کے آئندہ صفحات مین اپنے موقع پر ملاحظہ فرمائین گے۔

اجلاس ۱۹۱۷ء کا ایک اور کارنامہ بھی قابل ذکر ہے یعنی اِس دفعہ چونکہ اجلاس ندوۃ العلماء کی وجہ سے صوبہ کے تمام سربرآوردہ مسلمانون کا خاص مدراس مین اجتماع تھا، لہذا اِس موقع سے فائدہ اُٹھا کر بزرگانِ مدراس نے اجلاس ندوہ مین اپنے صوبہ کے لیے اشاعت اسلام کی ایک وسیع اسکیم پیش کی جس کا پورے جوش و خروش سے خیر مقدم کیا گیا اور تقریباً ۸ ہزار روپیہ کے عطایا کا فوراً اعلان ہو گیا اس اسکیم کا مقصد یہ ہے کہ معقول سرمایہ فراہم کر کے خاص صوبہ مدراس مین اشاعت اسلام کا کام نہایت وسیع پیمانہ پر جاری کیا جائے، اگرچہ یہ کام براہ راست ارکان ندوۃ العلماء کے ہاتھ مین نہ ہوگا، لیکن اِس کام کی اہمیت و ضرورت سے کسی دانشمند کو اِنکار نہین ہو سکتا، بلکہ باعث صد حسرت و افسوس یہ امر ہے کہ اب تک رہنمایان قوم نے اسکی اہمیت کا صحیح اندازہ نہین کیا ہے اور وہ مطلق نہین جانتے کہ خاص ہندوستان کیلیے اشاعت اسلام کی تحریک کیسے بیش قیمت نتائج پیدا کرے گی، تاہم یہ امر باعث مسرت ہے کہ اہل مدراس نے اِس تحریک کی اہمیت کا صحیح اندازہ کر لیا ہے اور وہ محسوس کرتے ہین کہ بغیر معقول سرمایہ کے یہ خدمت انجام نہین دیجا سکتی اب سوال صرف آدمیون کا رہ جاتا ہے اگر اس کام کے لیے موزون اشخاص

حاصل ہو سکے تو اِس تحریک سے مفید نتائج کا پیدا ہونا یقینی ہی، اور اگر یہ تحریک کامیاب ہو گئی تو مدراس مین اجلاس ندوہ کی یہ ایک تاریخی یادگار رہو گی، ندوہ کا یہ مقصد ہرگز نہین ہی کہ جو مقاصد اُس کے پیش نظر ہین اُن سب کو وہ خود ہی انجام دے؛ بلکہ ندوہ صرف یہ چاہتا ہی کہ اس نے اپنا جو نصب العین قرار دیا ہی عام مسلمان اسکی طرف علمی قدم بڑھائین، اور اپنے اپنے مقام پر اِس مقصد کے لیے عملی سرگرمی کا اظہار کرین۔ اصلاح نصاب، رفع نزاع باہمی، اور اشاعت اسلام کا کام جہان جہان کیا جا رہا ہی وہ درحقیقت ندوہ کا کام ہی کیونکہ اِن اہم قومی مقاصد کو سب سے پہلے ندوہ ہی نے باقاعدہ طریقہ سے قوم کے سامنے پیش کیا اس بنا پر ہم کہہ سکتے ہین کہ ملک مین جہان جہان اِس قسم کی تحریکین نشو ونما پا رہی ہین وہ درحقیقت ندوہ ہی کا کارنامۂ اولین ہی۔

اجلاس سالانہ سے پہلے جو ضروری انتظامات ہوے۔ اور جن جن اصحاب نے اُنمین حصّہ لیا اُس کی مفصل کیفیت جماعت استقبالیہ مدراس کے ارکان نے قلمبند کر کے دفتر ندوۃ العلماء مین بھیجدی ہی جو صحیح وضروری واقعات پر مشتمل ہی اس لئے ہم اس روداد کو بلا حذف واضافہ صرف خفیف سے لفظی تغیر کے بعد ذیل مین درج کرتے ہین تاکہ ہمارے ناظرین کو برادران مدراس کے کارنامہ سے کسی قدر واقفیت حاصل کرنے کا موقع مِل سکے، امید ہی کہ یہ حالات دلچسپی سے پڑھے جائین گے۔

روداد جماعت استقبالیہ

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین

بتاریخ ۱۴-نومبر ۱۹۱۶ء بمقام لال ہال مونٹ روڈ مدراس ایک عام جلسہ مسلمانان مدراس کا انجمن معین الندوہ کی طرف سے منعقد ہوا تھا جس مین شہر کے سربرآوردہ اصحاب علما، تجار ومقتدر بزرگانِ ملّت شریک تھے اس جلسہ کی صدارت عالیجناب مولانا الحاج ضیاء الدین محمد صاحب بہادر رکن انتظامیہ ندوۃ العلما نے فرمائی۔ بالاتفاق یہ منظور رہوا کہ آئندہ سال ۱۹۱۷ء ایسٹر کی تعطیلات مین دوبارہ ندوۃ العلما کا اجلاس مدراس مین منعقد کیا جاوے اور اسکے انتظام کے لیے ایک مجلس بنام "مجلس استقبالیہ ندوۃ العلما" مدراس مرتب ہوئی جس مین تقریباً دوسو ارکان وعہدہ داران ذیل منتخب ہوے :-

صدر — عالیجناب مسٹر جسٹس مولوی عبد الرحیم صاحب بہادر

نائبانِ صدر — عالیجناب خان بہادر محمد عبد القدوس بادشاہ صاحب بہادر

عالیجناب خان بہادر محمد صفدر حسین صاحب بہادر۔

عالیجناب مولانا الحاج ضیاء الدین محمد صاحب بہادر۔

عالیجناب نواب سید محمد صاحب بہادر۔

عالیجناب خان بہادر لالجی والجی سیٹھ صاحب۔

عالیجناب حاجی محمد حنیف صاحب بہادر۔

ناظمان — عالیجناب حکیم حاجی محمد عبد العزیز صاحب بہادر — شعبہ انتظام ضیافت مہمانان

ناظمان　　عالیجناب خان بہادر غلام محمود صاحب مہاجر　　شعبہ طبع اشتہارات وغیرہ

عالیجناب آنریبل مسٹر یعقوب حسن سیٹھ صاحب　　شعبہ استقبال مہمانان

عالیجناب نواب محمد عبدالقادر صاحب بہادر　　شعبہ انتظام قیام مہمانان

عالیجناب خطیب عبدالرشید خان صاحب بہادر　　شعبہ تعمیر پنڈال

عالیجناب محمد موسی حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب بہادر　　تونیر مال

عالیجناب مولانا عبدالسبحان صاحب بہادر　　دفتر

خازن　　عالیجناب جناب سی۔ عبدالحکیم صاحب بہادر

تمام عہدہ دارون نے دلی خوشی کے ساتھ ان عہدون کو قبول فرمایا اور بڑی مستعدی کے ساتھ اپنے فرائض ادا کیے بالخصوص عالیجناب آنریبل جسٹس مسٹر مولوی عبدالرحیم صاحب بہادر کا صدارت کو قبول فرمانا نہ صرف اجلاس کی کامیابی کا باعث تھا بلکہ تمام مسلمانان جنوبی ہند کیلیئے موجب افتخار رہوا۔ آپ نے باوجود اپنے اہم مشاغل کے اس عہدہ کو قبول فرمایا جس کے لیے مجلس خاص طور سے شکریہ ادا کرتی ہے مجلس استقبالی نے اپنے دوسرے اجلاس مین صدارت اجلاس ندوۃ العلما کے لیے عالی جناب حاذق الملک مولوی حکیم حافظ محمد اجمل خانصاحب کو بالاتفاق منتخب کیا صاحب موصوف نے اپنے مشاغل کا عذر پیش کر کے اس عہدہ کو قبول نہ کر سکنے کا اسف ظاہر فرمایا۔ اُس کے بعد مجلس نے اپنے تیسرے اجلاس مین عالیجناب مولانا حبیب الرحمن خان صاحب شروانی رئیس بھیکن پور کو اس عہدہ کے لیے منتخب کیا جس کو صاحب موصوف نے قبول فرما کر مجلس کا حوصلہ بڑھایا۔

مجلس کا علمی کام

مجلس نے اپنے قیام کے بعد جو سب سے پہلا کام کیا وہ یہ تھا کہ جنوبی ہند کے مختلف

زبانون مین متعدد رسالے اور اشتہارات چھپوا کر ہر ایک گوشہ مین ندوۃ العلما کے مقاصد و اغراض کی اشاعت کی اور تمام اسلامی انجمنون کو علمی مدد دینے کی طرف توجہ دلائی۔ فروری ۱۹۱۳ء سے وصولی چندہ کا کام شروع کیا۔ جناب سی عبدالحکیم صاحب خازن مجلس جناب محمد موسیٰ حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب بہادر معتمد صیغہ مال اور جناب مولانا عبدالسبحان صاحب بہادر نے سب سے پہلے محلہ بڑی مٹ کا دورہ کیا جہان تاجران چرم کی بڑی بڑی کوٹھیان ہین اور جناب خان بہادر حاجی بدرالدین صاحب سے وصولی چندہ کی نسبت مشورہ کیا تو اُنھون نے نہایت فراخ دلی کے ساتھ اس کام مین مدد دینے کا وعدہ فرمایا اور خود اس دورہ مین شریک ہوے تمام تاجران بڑی مٹ نے اس وفد کا بڑے اخلاص کے ساتھ خیر مقدم کیا اور قابل قدر رقمین عنایت کر کے مجلس کی حوصلہ افزائی کی۔

صرف بڑی مٹ کے ایک محلہ سے تقریباً چھ ہزار روپیہ کی رقم جمع ہوئی اسکے بعد تاجران پارچہ محلہ گوڑنگ گلی نے اپنے حوصلے کے موافق امداد دی اس دورہ مین جناب خطیب عبدالرشید صاحب بہادر معتمد شعبہ پنڈال اور جناب اوٹنگرے عبدالرحمن صاحب نے بڑی مدد دی محلہ متھیال پیٹھ کے تاجرون نے بھی کشادہ دلی کے ساتھ اس کام مین حصہ لیا اس محلہ کے دورہ مین جناب مولانا الحاج ضیاءالدین محمد صاحب نے شریک ہو کر اس وفد کا ہاتھ بٹایا۔

مجلس نے بغرض سہولت انتظام ہر شعبہ کے لیے حسب ذیل مجلسین مقرر کین (۱) مجلس استقبال مہمانان (۲) مجلس تعمیر پنڈال (۳) مجلس مہمانداری (۴) مجلس انتظام قیام مہمانان (۵) مجلس انتظام سواری

سب سے بڑی خصوصیت مدراس کے اجلاس کی یہ تھی کہ مجلس نے بیرونجات سے آنے والے تمام حضرات کے خورد و نوش کا بلامعاوضہ انتظام کر دیا تھا اور بڑی مٹ مین ایک ایسے

مکان کا انتظام کیا تھا جہان اپنے کہانے پینے سے فارغ ہوکر نہایت آسانی کے ساتھ مہمان اجلاس مین شریک ہوجایا کرتے تھے مجلس استقبالی جناب وی محمد عبدالشکور صاحب بہادر کا دلی شکریہ ادا کرتی ہی کہ انھون نے اپنا وسیع مکان ضیافت مہمانون کے لیے خالی کرادیا اور خود مجلس مہانداری کے روح روان بن گئے۔

مجلس مہانداری

اس مجلس نے جس شوق و ذوق سے مہمانون کے ساتھ اپنے مراعات کا اظہار کیا اور جس محنت کے ساتھ اس کام کی تکمیل کی اس کا مجلس استقبالی اعتراف کرتی ہی اونگرلے جناب عبدالرحمن صاحب جناب ویلور شیخ احمد صاحب جناب ملیالم عبدالقدوس صاحب جناب چولورم چندان میان صاحب جناب دادے عبدالقدوس صاحب جناب مولوی موڈی محمد ابراہیم صاحب جناب حاجی غلام مرتضی صاحب جناب مودی عبدالحق صاحب و لتوری قابل ذکر ہین جنھون نے اجلاس سے چند ہفتے قبل ہی اپنے کاروبار چھوڑکر اس خدمت کو ادا کرنے مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا جناب الحاج حکیم عبدالعزیز صاحب بہادر جناب چولورم حاجی زین العابدین صاحب ناظمان مجلس مہانداری نے اپنے اپنے فرض منصبی کو ادا کرنے مین کوتاہی نہین کی۔

مجلس انتظام قیام مہمانان

اس مجلس کے جوشیلے ارکان جناب الحاج محمد عبیداللہ بادشاہ صاحب بہادر جناب حکیم الحاج محمد عبدالواحد صاحب جناب حکیم الحاج عبدالقادر صاحب بہادر جناب مولوی عبدالواحد

صاحب عاشق قابل شکریہ ہین جنھون نے اپنے اپنے فرائض کو ادا کرنے مین بڑی مستعدی سے کام لیا۔ جناب مولوی حاجی محمد اسحاق صاحب ساکن بجواڑہ نے جناب ساہوکار حاجی محمد بادشاہ صاحب مرحوم کی عالیشان حویلی مین رات اور دن رہ کر مہمانون کے آرام و آسائش کے اسباب کی فراہمی مین نہایت استقلال کے ساتھ کام کیا مجلس استقبالی جناب الحاج خان بہادر محمد عبدالعزیز بادشاہ صاحب بہادر سابق سفیر دولت عثمانیہ کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہو کہ انھون نے اپنی سہ منزلہ کوٹھی جو احاطہ مسجد والاجاہی مین واقع ہو مہمانون کے قیام کے لئے مجلس کو عنایت فرمائی۔ اسیطرح جناب حکیم الحاج محمد عبدالواحد صاحب کا شکریہ ادا کیا جاتا ہو جنھون نے قدیم حویلی مدرسہ اعظم کو مہمانون کے لیے خالی کرا دیا۔ جناب ساہوکار محمد ولی اللہ بادشاہ صاحب بہادر نے اپنا عالیشان پُرتکلف بنگلہ مہمانون کے قیام کے لیے عنایت فرمایا جسمین جناب صدر اجلاس ندوۃ العلما و دیگر مشاہیر علما نے قیام فرمایا۔ جناب ساہوکار محمد سعد اللہ بادشاہ صاحب بہادر آنریری پریسیڈنسی مجسٹریٹ نے بھی اپنا شاندار بنگلہ علما کے قیام کے لیے آراستہ کرادیا تھا جس مین عالیجناب ناظم صاحب ندوۃ العلما و دیگر علماے کرام قیام فرما تھے ان دونون صاحبون نے علما کی راحت و آرام اور خدمت گذاری مین بیحد حصہ لیا جسکا مجلس شکریہ ادا کرتی ہو۔

مجلس انتظام سواری

اس مجلس کے ارکان جناب سید عبدالقادر صاحب جیلانی اور جناب سید یوسف صاحب فرزند جناب سید اسماعیل صاحب مرحوم سوداگر آہن قابل تحسین و آفرین ہین۔ اور ان کی سرگرم خدمتون کو مجلس نہایت وقعت کی نگاہ سے دیکھتی ہو آخرالذکر صاحب نے نہایت جانفشانی کے ساتھ سواریون کا اہتمام کیا۔ اور ہر ایک اسٹیشن و قیام گاہ مین سواریون کی ایسی ترتیب دیدی تھی کہ

جس سے مہمانوں کو بڑا آرام ملا۔ عالیجناب خان بہادر تاد رنواز خان صاحب کی مجلس شکر گذار ہے کہ جنھوں نے اپنے کارخانے سے دو بڑے بڑے موٹر بلا معاوضہ عنایت فرمائے جن کی وجہ سے بڑی سہولت ہوئی۔ جناب حاجی موسیٰ حاجی محمد ابراہیم سیٹھ صاحب جناب صالح محمد حاجی ابراہیم سیٹھ صاحب جناب حاجی عبد الرحیم صاحب نے اپنی اپنی موٹر گاڑیاں مہمانان علما کی آمد و رفت کے لیے دیدی تھیں جناب سی عبد الحکیم صاحب بہادر خازن مجلس نے اپنی موٹر گاڑی چند ہفتے پہلے ہی سے مجلس استقبالیہ کو عنایت فرمائی تھی جس نے دفتر کے کام میں بڑی مدد دی۔ لہذا ان تمام صاحبوں کا مجلس شکریہ ادا کرتی ہے۔

مجلس تعمیر پنڈال

اس شعبہ کے معتمد جناب خطیب عبد الرشید صاحب بہادر کا خصوصیت کے ساتھ ذکر کرنا کسی طرح بیجا نہ ہوگا۔ کہ جن کی نگرانی سے پنڈال ایسا عالیشان اور خوشنما بنایا گیا تھا جس کی مثال ندوۃ العلما کی تاریخ میں نہیں مل سکتی۔ جناب مولانا عبد السبحان صاحب بہادر بھی وقتاً فوقتاً اُس کی طرف اپنی خاص توجہ مبذول فرماتے رہے اور ایسے ہوشیار و لائق آدمی کو کنٹراکٹ دیا تھا کہ جس نے نہایت اقتصادی طور سے اُس کی تکمیل کی۔ جناب محمد عبد الرزاق صاحب بنگلوری کنٹراکٹر کا نہ صرف مجلس استقبالیہ بلکہ مجلس ندوۃ العلما کو بھی اُنکا شکریہ ادا کرنا چاہیے اس پنڈال کی مختصر کیفیت یہ ہے:۔ پیپلس پارک کے احاطہ میں سوتھ انڈین اتھلیٹک اسوسیشن کے وسیع اور خوشگوار قطعہ میں پنڈال بنایا گیا تھا جس کا طول ۱۸۰ فیٹ اور عرض ۹۰ فیٹ تھا صدر دروازہ جانب شمال تھا جس کے دونو جانب اور دو خوبصورت دروازے بنائے گئے تھے اُن کے اوپر مصنوعی گنبد اور پہلوؤں میں چھوٹے چھوٹے مینارے اس کی خوبصورتی اور شان کو دوبالا کرتے تھے

جنوبی حصہ مین صدر دروازے کے مقابل ایک نہایت عمدہ اسٹیج تعمیر کیا گیا تھا جس پر پانسو کرسیان سہولت کے ساتھ رکھی جاتی تھین - پنڈال کے چارون طرف جالدار کمانین نصب کردی گئین تھین جن کی وجہ سے ہوا کی آمد ورفت بہت اچھی تھی - کم وبیش تین ہزار کرسیان پنڈال کے اندر رکھی گئی گئین تھین راتون کو جب کہ وعظ کے جلسے ہوتے تھے ہر چہار سمت گیس کی روشنی کرا دی جاتی تھی جس کی وجہ سے پنڈال بقعہ نور بن گیا تھا -

دفتر مجلس استقبالی

مجلس کا دفتر جناب مولانا عبدالسبحان صاحب بہادر سکریٹری کی تجارتی کوٹھی نمبر ۳۲ گزنگ گلی کے بالاخانے پر تھا - ۴ مہینے تک دفتر نے اپنے عملی کام کو نہایت متانت اور سنجیدگی کے ساتھ پورا کیا تنخواہ پانے والے ملازمون کے سوا جو ہنگامی طور پر مقرر کیے گئے تھے بعض ارکان مجلس نے بھی امداد دی - جناب مولوی عبدالمجید صاحب شرر ایڈیٹر قومی رپورٹ، جناب حکیم عبدالحمید صاحب، جناب مولانا عبدالوہاب صاحب جناب آبکار عبدالستار صاحب نے بڑا حصہ لیا - اجلاس سے چند روز قبل جناب خواجہ قادر شریف صاحب سکریٹری انجمن نقشبندیہ بنگلور نے مدراس آکر دفتر کے کام مین حصہ لیا ان تمام صاحبون کا مجلس استقبالی خلوص دل سے شکریہ ادا کرتی ہے -

والنٹیر کورس ندوۃ العلما

مدراس کے تمام مسلمان طلبہ جو انگریزی ودیگر مدارس مین تعلیم پاتے ہین

اس خدمت کو نہایت خندہ پیشانی سے قبول کیا مجلس کی طرف سے لالی ہال مین ایک عام جلسہ طلبہ کا بغرض ترتیب جماعت والنٹیر کورس مقرر ہوا تھا جسکی صدارت جناب سی عبدالحکیم صاحب بہادر خازن مجلس نے کی۔ جناب عبدالحمید حسن سیٹھ صاحب بی۔ اے بی ایل بی مترجم ہائی کورٹ مدراس نے نہایت وضاحت کے ساتھ اس خدمت کی ضرورت اور اہمیت بتلائی جناب مولانا عبدالسبحان صاحب بہادر نے طلبہ کو توجہ دلاتے ہوئے اس کام کی ترغیب دلائی اس جلسہ مین ڈیڑھ سو سے زیادہ درخواستین جمع ہوگئین جسکی تعداد بڑھتے بڑھتے ڈھائی سو تک پہونچ گئی، جناب عبدالحمید حسن سیٹھ صاحب بالاتفاق کیپٹن اور جناب عبدالغنی صاحب بی، اے، نائب کیپٹن مقرر ہوئے۔ تقریبًا بارہ لفٹننٹ مقرر ہوئے جنھون نے اپنا اپنا علیحدہ ڈیویزن مقرر کرلیا۔ ان تمام والنٹیرز کو ریشمی پھولون کے نشان دیے گئے۔ والنٹیرس نے ہر ہر شعبہ مین اپنی نمایان خدمات اسلامی کا ثبوت دیا۔ خاص کر اجلاس کے مقام مین دن اور رات اپنے اداے فریضہ مین منہمک نظر آرہے تھے سب سے بڑی بات یہ تھی کہ انھون نے نہایت اتفاق اور یکجہتی سے اس خدمت کو کامیاب کردکھایا۔ اسکا صلہ عبدالحمید حسن سیٹھ صاحب کیپٹن وجناب عبدالغنی صاحب نائب کیپٹن کو ملنا چاہیے جنھون نے نہایت شائستگی سے اس جماعت کی ترتیب دی جس سے اجلاس کے انتظام مین نمایان مدد ملی۔ ایک اور بات قابل یادداشت ہے کہ اپریل کا مہینہ از اول تا آخر انٹرمیڈیٹ بی، اے اور بی ایل کے امتحانون کا تھا تمام طلبہ کو اپنی تعلیم مین مصروف رہنے کی ضرورت تھی باوجود اسکے انھون نے اپنی تعلیمی پہلو کو بھی سنبھالا اور قومی خدمت بھی انجام دیتے رہے جسکا مجلس اعتراف کرتے ہوئے نہ صرف کیپٹن ونائب کیپٹن صاحبان کا بلکہ ہر ایک والنٹیر صاحب کا شکریہ ادا کرتی ہے۔

اردو اور انگریزی پریس کا شکریہ

سب سے پہلے جناب سید عبدالقادر صاحب مالک و اڈیٹر مخبر دکن و جناب مولوی عبداللطیف صاحب مالک و اڈیٹر جریدۂ روزگار و جناب مولوی عبدالمجید صاحب شرر مالک و اڈیٹر قومی رپورٹ کا شکریہ ادا کیا جاتا ہی جنھون نے وقتاً فوقتاً ندوۃ العلما کے مقاصد اور اغراض کی اشاعت مین پوری پوری مدد دی مجلس استقبالی کے مضامین و روداد وغیرہ کے طبع کرنے مین کوتاہی نہین کی اسیطرح مدراس میل، مدراس ٹیمس "ہندو" "سودیسی متر ن" انڈین پٹریٹ نیوانڈیا وغیرہ اخبارون کا شکریہ کرنا بھی مجلس کا ایک فریضہ ہی۔

غیر مسلم ہندو برادران

مجلس اُن ہندو بھائیون کا شکریہ بھی ادا کرنا نہایت مناسب سمجھتی ہی جنھون نے مجلس کی دعوت قبول کرکے اجلاس مین اپنی شرکت سے ایک علمی اتحاد کا ثبوت دیا جنکے اسماے گرامی اس رپورٹ مین داخل ہین۔

سب سے بڑھکر مجلس سارے شہر کے روشن خیال و بیدار مغز افسر جناب آرمٹیج صاحب بہادر پولیس کمشنر مدراس کا خصوصیت کے ساتھ شکریہ ادا کرتی ہی کہ جنھون نے نہ صرف اپنی شرکت سے اجلاس کی رونق بڑھائی بلکہ نہایت کشادہ دلی سے اس جماعت علما کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی کا اظہار فرمایا۔

مخالفت

اس بات کا ایک موہوم خیال پیدا ہوگیا تھا کہ گزشتہ اجلاس ندوۃ العلما کی طرح

اسوقت بھی اسکے ساتھ مخالفت کی جائے گی۔ مگر مجلس نے اس خوش اسلوبی کے ساتھ اس کام کو نبھایا کہ کسی قسم کی مخالفت نہ اہل شہر کی طرف سے ہوئی اور نہ علماے مدراس نے کی۔ اگرچہ بعض مفسدہ پردازون نے خفیہ طور سے سرکاری عہدہ دارون کو اس کی نسبت کچھ لکھا مگر اس کا انتہائی اثر یہ ہوا کہ اُلٹے سرکاری عہدہ دارون نے اس کام کی تائید کی جسکا نتیجہ ہے کہ اجلاس نہایت کامیابی اور سکوت کے ساتھ ہوا۔

ہز ہائنس نواب سر غلام محمد علیخان والاجاہ بہادر کے۔ سی، ائی ای، جی، سی، آئی ای پرنس آف ارکاٹ مدراس نے اجلاس کے ساتھ پوری ہمدردی فرماکر اپنے شاہانہ ایثار کا اظہار فرمایا اور ۹ تاریخ کے اجلاس مین اپنی شرکت سے اجلاس کی رونق کو دوبالا کر دیا۔

گورنر صاحب مدراس کا شکریہ

ہز اکسلنسی عالیجناب گورنر صاحب بہادر مدراس کو مجلس استقبالیہ نے نہایت ادب کے ساتھ اجلاس مین رونق افروز ہونے کی دعوت دی تھی ہز اکسلنسی ممدوح نے خوشی کے ساتھ آنے کا وعدہ بھی فرمایا مگر افسوس ہے کہ عین موقع مین حضور ممدوح کو ایسی ضرورت پیش آئی کہ خود اجلاس مین شریک نہین ہوسکے مگر اپنی ہمدردی کا اظہار ایسے شایستہ الفاظ مین ظاہر فرمایا جو حضور کے اُس خط سے روشن ہے جو اس رپورٹ مین مندرج ہے۔

بیرونجات مین ہلچل

مجلس استقبالیہ نے جب اپنے مطبوعہ رسالے وغیرہ بیرونجات کی اسلامی انجمنون وغیرہ کو بھیجے تو وہان بڑی ہلچل شروع ہوئی اور ہر مقام سے خیر مقدم کے خطوط آنے لگے سب سے

پہلا مقام جہان عملی کام کی بنیاد رکھی گئی مچھلی بندر ہی جو مدراس کے جانب شمال واقع ہی جناب مولانا غلام محمد صاحب شملوی سفیر ندوہ نے سب سے پہلے اپنا دورہ یہین سے شروع کیا۔ اہل اسلام مچھلی بندر گوڈی واڑہ و بجواڑہ نے نہایت مستعدی کے ساتھ مولانائے موصوف کو مدد دی اور ایک معتدبہ رقم مجلس کے لیے فراہم کی اور ندوۃ العلما کو بھی عطیے بھیجے جسکی تفصیل مہر مین درج ہی۔ جناب شاہ حاجی مولوی محمد عبد الرحیم صاحب صدیقی وکیل پا یوبچہ نے جو اتفاقاً حیدرآباد سے مچھلی بندر آگئے تھے مولانائے موصوف کو بڑی مدد دی۔ جناب محمد عثمان شریف صاحب سکرٹری انجمن نور الاسلام مچھلی بندر جناب سوداگر عبد العظیم صاحب رئیس بجواڑہ جاگیردار جناب غلام محی الدین صاحب بہادر رئیس بجواڑہ جناب عبد الوہاب صاحب جناب عبد السلام صاحب اسکے علاوہ جناب پاک تنی حاجی بادشاہ صاحب کمپنی تاجران بجواڑہ اور دوسرے معزز حضرات نے اس کام مین دلجوئی سے حصہ لیا۔ نلور مین محمڈن لٹریری سوسائٹی نے بڑی مدد دی۔ ویلور خاص طور سے شکریہ کا مستحق ہی کیونکہ یہان کی انجمن تعلیمی کے جوشیلے سکرٹری جناب عبد الغنی صاحب بی۔اے۔ لکچرار پولیس ٹریننگ اسکول ویلور اور جناب حکیم محمد ظہیر الدین صاحب سکرٹری انجمن رفاہ المسلمین ویلور نے باہم مل کر نہ صرف چندہ ہی فراہم کیا بلکہ ایک بڑا عام جلسہ بھی کرایا جس سے مقاصد و اغراض ندوۃ العلما کی اشاعت ہوئی۔ اس جلسہ کی صدارت حضرت مولانا سید شاہ عبد اللطیف صاحب حسینی قادری قبلہ مدظلہ العالی سجادہ خانقاہ قطب ویلور نے فرمائی۔ حضرت مولانا مولوی الحاج شاہ محی الدین صاحب قادری چیدہ صدر مدرس مدرسۂ لطیفہ و حضرت مولانا مولوی عبد الجبار صاحب صدر مدرس مدرسہ باقیات صالحات ویلور نے اپنی اپنی فاضلانہ تقریرون سے لوگون مین ایک جوش پیدا کردیا جس کا بڑا بھاری اثر ہوا۔ ویلور جیسے مقام مین جو کچھ چندہ جمع ہوا ہی اسکا بیّن ثبوت ہی جناب حکیم میر عارف علی صاحب دام فضلہ جناب

حاجی نعمت اللہ صاحب ذاکر و جناب محمد ہدایت اللہ صاحب ذاکر نے بھی اس کام مین بڑی مددی
بنگلور مین جس اخلاص مندانہ طریقے سے ندوۃ العلما کی سچی خدمت اور ہمدردی کی گئی
اسکا ذکر کرنا ہمارا فرض اولین ہی بیرونجات سے جو حضرات ندوۃ العلما کے اجلاس مین شرکت کے لیے
آئے اُن مین سب سے بڑی تعداد مسلمانان بنگلور کی تھی۔ بنگلور کے مسلمانون کی دینی حمیت و اخوت
دور دراز مقامون مین مشہور ہی اس پر حضرت مولانا مولوی قاری الحاج شاہ محمد سلیمان صاحب
قبلہ چشتی دام فیضہ کا اجلاس سے چند ماہ قبل بنگلور مین اقامت فرمانا اور پھر حضرت مولانا غلام محمد
صاحب شملوی دام فیضہ سفیر ندوۃ العلما کا وہان دورہ کرنا سونے مین سہاگے کا کام دے گیا۔
سب سے پہلے ہم جناب متولی احمد حسین صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہین جنھون نے
اپنی ان تھک کوششون سے ایک معقول رقم چندہ کی جمع کی جس سے ممبرون کی تعداد مین
قابل قدر اضافہ ہوا۔ جناب مودی عبد الغفور صاحب تاجر چرم و رئیس بنگلور نے اپنی فطرتی
جوش کا نمایان اثر دکھایا مجلس استقبالیہ کے لیے چندہ جمع کرنے کے علاوہ تقریبًا ڈیڑھ ہزار کی رقم
علیحدہ طور سے ندوۃ العلما کے لیے وصول کی اس سے پہلے بھی انھون نے کئی بار ندوۃ العلما
کو معقول رقمون سے مددی ہی بنگلور مین ایک یہی بزرگ ندوہ کی مشن چلانے والے
ہین۔ دوسرے اور حضرات نے بھی اپنے اپنے حوصلہ کے موافق مددوی کولار گولڈ فیلڈ مین
عالی جناب نواب غلام احمد صاحب کلامی رکن انتظامی ندوۃ العلما اور اُن کے لایق بھتیجے
جناب آصف بادشاہ صاحب نے چندہ جمع کیا۔ نواب صاحب موصوف نے ندوہ کے تمام
کامون مین خاطر خواہ حصہ لیا۔

ملک ملیبار مین ہلچل

اس اجلاس کی سب سے بڑی خصوصیت یہ تھی کہ ملک ملیبار کے علما و دیگر حضرات نے بھی

اس مین حصہ لیا اور شریک اجلاس رہے۔ صوبہ مدراس کی کل مسلمان آبادی کا دو ثلث حصہ ملک ملیبار مین ہے اسلام نے سب سے پہلے ملیبار کے ملک پر اپنی روشنی ڈالی اور ایک بڑے حصہ آبادی کو اپنے دامن فیض مین لے لیا۔ اس حصہ کے مسلمانون مین اب تک وہی اسلامی جوش وخروش ہے جو خیر القرون مین تھا جنوبی اور شمالی حصے کے مسلمانون کو ملک ملیبار کے مسلمانون سے صرف مغائرت زبان کی وجہ سے وہ اتحاد و اختلاط نہین ہے جو ہونا چاہیے تھا۔ مگر اب خدا کا شکر ہے کہ وہان بھی زبان اردو اپنا سکہ جما رہی ہے اور اردو سمجھنے اور بولنے والے پیدا ہو رہے ہین۔ ندوۃ العلما کے اجلاس مین ملیبار کے لوگون کی شرکت نے اس بات کا ثبوت دیدیا اور یقیناً اسکی امید دلادی کہ بہت ہی قریب زمانے مین اس ملک اور دوسرے ملکون سے بڑا ربط وضبط پیدا ہو جائے گا۔ حضرت مولانا الشیخ محمد ماہج ہمدانی صاحب ملیبار کے مشاہیر علما سے ہین جنھون نے بڑے ذوق کے ساتھ ندوۃ العلما کے تمام اجلاس مین حصہ لیا اور ایک مدلل عربی تقریر کی جو رپورٹ مین بھی چھپی ہے اس کے بعد جناب مولوی کنجی احمد صاحب نقوی ساکن تلچری ہین جنھون نے بڑی کوشش سے ممبر فراہم کیے اور خود اجلاس مین شریک ہو کر جلسہ کی رونق بڑھائی۔ آپ کا عربی قصیدہ جو اس رپورٹ مین چھپا ہے وہ اس بات کی دلیل ہے کہ کوچین ٹراونکور کلیکوٹ وغیرہ کے مسلمان بھی اجلاس مین شریک رہے۔ حیدرآباد مین طاعون کی وجہ سے ایک عام پریشانی پھیلی ہوئی تھی اور اہالیان بلدہ شہر سے باہر نکل گئے تھے باوجود اس کے بہت سے حضرات حیدرآباد کے جلسہ مین شریک رہے۔

ترچناپلی مین جناب مولوی سید مرتضی صاحب سابق ممبر لیجیسلٹو کونسل مدراس کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے جنھون نے وہان کے مسلمانون کو مقاصد واغراض ندوۃ العلما سمجھائے اور چندہ جمع کیا۔ جناب خان صاحب شیخ اسماعیل صاحب نے بھی چندہ جمع کیا۔

اسکے سوا جنوبی ہند کے مختلف مقامات جیسے گنٹور، نلور، کڑپہ، کرنول، بلہاری، مدرہ تنجاور، ناگور وغیرہ کے بہت سے مسلمان جمع ہوئے۔

جناب شیخ احمد صاحب ویلوری جو ندوۃ العلما کے قدیم ہمدرد اور خیرخواہ تھے اجلاس کے دو مہینہ کے بعد انتقال کیا جسکا مجلس کو سخت افسوس ہی مجلس استقبالی مرحوم کے لیئے مغفرت کی دعا اور اُن کے فرزندون کے ساتھ ہمدردی کرتی ہی"

مجلس استقبالی کی مندرجہ بالا روداد سے ہمارے ناظرین نے اندازہ کیا ہوگا کہ مسلمانان مدراس کے ہر طبقے نے کس مستعدی و گرمجوشی سے ندوۃ العلما کے اجلاس کو کامیاب بنانے کی کوشش کی اور کس فیاضی و سیر چشمی سے فرائض مہمانداری کو ادا کیا گویا اس دفعہ برادران مدراس نے اس سرد مہری کی پوری تلافی کردی جو مدراس کے پہلے اجلاس مین برتی گئی تھی۔

برادران مدراس کا ارادہ تھا کہ اس دفعہ وہ صدر انجمن کا پرجوش استقبال کرین گے لیکن چونکہ جناب صدر انجمن علالت طبع کی وجہ سے تشریف نہ لاسکے اسلیئے ان کو اپنے جوش وخروش کے اظہار کا موقع نہ ملا تاہم انھون نے مولانا حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما اور حضرت مولانا سید امیر علی صاحب مہتمم دارالعلوم ندوہ کا اُن کی تشریف آوری کے وقت اسٹیشن پر استقبال کیا اگرچہ عام طور پر اطلاع نہونے کی وجہ سے مجمع زیادہ نہ تھا تاہم مدراس کے تمام سرآوردہ اصحاب اور اڈیٹران اخبار جن کو اطلاع ہوسکی اسٹیشن پر موجود تھے حضرت مولانا حاجی شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری بھی جو پہلے سے مدراس مین قیام فرما تھے اسٹیشن پر تشریف لائے اور آپ نے پھولون کے دو خوبصورت ہار اپنے ہاتھ سے دونون معزز مہمانون کے گلے مین ڈالے اس کے بعد یہ محترم مہمان موٹرون مین قیام گاہ کی طرف روانہ ہوئے۔

مجلس استقبالی کی مختصر روداد بیان کرنے کے بعد اب ہم اختصار کو مدنظر رکھکر سالانہ اجلاس کے

حالات قلمبند کرتے ہین۔

پہلا اجلاس بمقام پبلیس پارک

۷- اپریل ۱۹۱۷ء مطابق ۱۴ جمادی الاخری ۱۳۳۵ھ روز شنبہ ۱۱ بجے سے ۱ بجے تک

آج ۱۱ بجے ندوۃ العلما کا افتتاحی اجلاس شروع ہوا، مقامی اخبارات کا اندازہ ہی کہ اس وقت تین ہزار سامعین پنڈال کے اندر موجود تھے، سب سے پہلے مولوی شاہ حسین سلمان خلف حضرت مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب پھلواروی نے نہایت مؤثر و بلند آواز سے قرآن مجید کی تلاوت کی جسکو حاضرین نے ادب و سکون سے سنا بعد ازان آنریبل مسٹر جسٹس عبد الرحیم صاحب صدر مجلس استقبالیہ نے اپنا خطبہ افتتاحیہ اردو زبان مین سنایا جو انگریزی و اردو دونون زبانون مین چھاپ کر اجلاس مین تقسیم کردیا گیا تھا۔

خطبہ افتتاحیہ عالیجناب آنریبل جسٹس عبد الرحیم صاحب صدر جماعت استقبالیہ

حضرات اراکین ندوہ!

مین نہایت فخر و خوشی کے ساتھ منجانب مسلمانان جنوبی ہند آپ بزرگون کا خلوص دل سے خیر مقدم کرتا ہون۔ یہ مجمع کثیر جو اسوقت آپ دیکھ رہے ہین خود اسکا شاہد ہی کہ یہان آپ کی تشریف آوری کس قدر مبارک اور مہتم بالشان خیال کی جاتی ہی۔

آپ مین سے اکثر اصحاب دور و دراز سفر کی صعوبت برداشت فرما کر یہان تک

تشریف لائے ہین مین آپ کو یقین دلانا چاہتا ہون کہ آپ کی مشہور و معروف مجلس کے خیالات حمیدہ کی پیروی کرنے اور ان سے مستفید ہونے مین اس صوبے کے باشندے دیگر صوبجات کے لوگون سے کسی طرح کم نہین ہین اور مجھے یقین ہی کہ یہان سے واپس تشریف لیجانے کے وقت آپ محسوس کرین گے کہ آپ کی محنت و مشقت ضائع نہین ہوئی ان اللہ لا یضیع عمل عامل منکم مجھے اس صوبے مین آئے ہوئے آٹھ سال سے زائد عرصہ ہوا ہی اور مین اپنی ذاتی واقفیت اور تجربہ سے کہ سکتا ہون کہ اگر باشندگان صوبہ مدراس کی حمیت اسلامی اور خیالات ہمدردی کو تحریک دیجائے تو یہ اپنی بلند حوصلگی اور فراخ دلی کا پورا ثبوت دیسکتے ہین۔ مجھے یقین ہی کہ ان حضرات کو نہ صرف اسلامی تواضع اور لوازم مہمانداری کا پورا پورا احساس ہی بلکہ اُس قدر و منزلت کا بھی کما حقہ خیال ہی جسکے وہ مقتدر مشاہیر علما جو ہمارے یہان چند ایام کے لیے تشریف لائے ہین مستحق ہین۔

برادران اسلام۔ بارہ سال کا عرصہ ہوا کہ ندوۃ العلما کا اجلاس مدراس مین منعقد ہوا تھا۔ گو کہ آپ کے محترم مہمان نہایت فصیح و بلیغ پیرائے مین خود اپنی تشریف آوری کا مقصد و غایت بیان فرمائین گے۔ لیکن یہ بیجا نہوگا کہ اگر مین اس صوبہ کے جمہور مسلمانون سے ندوۃ العلما کے تعارف کے طور پر کچھ عرض کرون۔

ندوۃ العلما، علماے اسلام کی ایک انجمن کا نام ہی جسکی بنیاد ۱۸۹۴ء مین پڑی اسکے خاص اغراض و مقاصد یہ ہین۔

اول۔ مدارس عربیہ کی تعلیم کی اصلاح اور ترقی۔

دوم۔ رفع نزاع باہمی و خصومات دینی۔

سوم۔ اصلاح معاشرت۔

چہارم - اہل اسلام کی بہبودیِ عام اور تبلیغ اسلام -

سیاسی معاملات مین دخل ندینا اور اُن سے بالکل بے تعلق رہنا ہمیشہ اسکا مسلک رہا ہی - اعلی سرکاری افسرون نے بھی بارہا تسلیم کیا ہی کہ ندوہ کو سیاسی امور سے کوئی تعلق نہین ہی اسکا اندازہ اس سے ہوسکتا ہی کہ خود **سر جان ہیوٹ** جیسے حاکم اعلی نے صوبجات متحدہ کی لفٹننٹ گورنری کے دوران مین ندوۃ العلما کی عمارت کا سنگ بنیاد نصب فرمایا - اسوقت ندوۃ العلما کی عمر ماشاءاللہ قریب ایک ربع صدی کے ہی اور وہ نہایت صداقت سے یہ دعوی کرسکتا ہی کہ اس عرصۂ دراز مین ہندوستان کے سیاسی مطلع پر اُس کا اثر سے کوئی غبار نہین آیا حتی کہ اس ہیبت جنگ کے دوران مین بھی جس نے بنی نوع انسان کی بیخ و بنیاد تک کو ہلادیا ہی یہ انجمن کمال استقلال اور امن و امان کے ساتھ اپنے روحانی فرائض کے انجام دہی مین ہمہ تن مصروف رہی ہی اور نہایت استقامت کے ساتھ فاسد اثرات کی مدافعت کی کوشش کرتی رہی ہی - ملک معظم اور گورنمنٹ کی وفاداری مین اس پر کبھی کسی طرح کا شک و شبہ نہین کیا گیا اور نہ کیا جاسکتا ہی -

ندوۃ العلما کا ایک اہم مقصد یہ ہی کہ مسلمانان ہند مین روحانی قوت کو مضبوط کیا جائے یہ ایک تاریخی واقعہ ہی کہ عرب - ترک، ایرانی اور مغل جیسی متضاد طبائع اور مختلف اقوام جو بعض تو ابھی وحشی ہی تھین اور بعض زوال پذیر تھین دائرۂ اسلام مین داخل ہوتے ہی تہذیب و تمدن کی بانی و رہنما ہوگئین - مگر اب ہم نہایت درد و الم سے دیکھتے ہین کہ **چین سے مراقش** تک اور کوہ قاف سے وسط افریقہ تک تمام مسلمان اقوام ایک عجیب بے حسی و ادبار کی حالت مین گرفتار ہین - علما سے دین پہلی ترقی کی یقیناً یہی وجہ بتائین گے کہ اوائل مین دین اسلام اُن لوگون کی زندگی پر ایسا حاوی ہوگیا تھا کہ آناً فاناً اُن کی کایا پلٹ دی - اسی طرح

جذبۂ اسلام کی کمی نے مسلمانوں کو موجودہ ناگفتہ بہ حالت تک پہونچا دیا۔

مین تسلیم کرتا ہون کہ یہ گمان بالکل درست ہی مگر اس سے مطلب یہ نہین ہی کہ اس زوال اور انحطاط کے اور بھی اسباب نہ تھے لیکن اسوقت ہم کو اُن دوسرے اسباب پر غور کرنے کی ضرورت نہین ہی۔ مین سمجھتا ہون کہ ندوۃ العلما مسلمانون مین اس قدیم قوت منہضمہ یا جذبہ کو دوبارہ زندہ کردینے کا خواہشمند ہی۔ اس مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے ندوہ کا پہلا فرض یہ ہی کہ قوت منہضمہ کی صحیح کیفیت دریافت کرے اور ایسا کرتے وقت اُن سطحی اور عارضی خصوصیات کو سرسری نظرانداز کردینا چاہیے جو گو ملحق ہوکر ضروری ہوگئے ہون مگر اسلام کے اعلیٰ جوہر نہین مانے جا سکتے۔ مین چاہتا ہون کہ آپ تھوڑی دیر کے لیے اس مسئلہ پر نہ صرف مذہبی خیال سے بلکہ فلسفیانہ نظر سے بھی غور فرمائیے تو بلاشبہ آپ اُن ہر دو صورتون سے ایک ہی نتیجہ پر پہونچین گے خدائے رحیم وکریم کی وحدانیت کا اعتقاد اسلام کا اصل اصول ہی۔ اور آپ میرے ساتھ اس امر پر اتفاق کرین گے کہ دو عظیم الشان خدمات جو اسلام نے کین یہ تھین ۔

اول۔ اُس نے عقل انسانی کو اوہام اور باطل پرستی سے بالکل آزاد کردیا اور

دوم۔ اس کے آئین وقوانین نے بنی نوع انسان کو اخوت اور مساوات کا عملی سبق سکھایا۔

اسلام نے جو دنیا کی اول الذکر خدمت کی اُسکو زمانۂ حال کی مادی اور عقلی انکشافات نے دنیا کی نظرون سے ایک حد تک اوجھل کردیا ہی۔ لیکن فی الحال ہماری یہ غرض نہین ہی کہ اپنی گُزری ترقیات اور کمالات پر فخر کرین۔ بلکہ اسوقت ہمارا اصل فرض یہ ہی کہ اُسکی پوری اور منصفانہ تحقیقات کرین کہ کیا فی زمانہ خود مسلمان اُن مہلک اثرات کا شکار نہین ہورہے ہین جو ایام جاہلیت کے اوہام پرستی سے مشابہت رکھتے ہین۔

آپ اس بارے مین ضرور میرے ہم خیال ہون گے کہ اسلام عقل پر مبنی ہو لیکن یہ کیا یہ سچ نہین ہو کہ ہم نے مدت دراز سے اس پر عمل کرنا ترک کر دیا ہو اور برخلاف اس کے ارسطو اور اسکے مقلدین کی منطق کو عقل پر ترجیح دیکر اسلام کی اصلیت سے بہت دور جا پڑے ہین۔ اس سے کون انکار کرسکتا ہو کہ عقل انسانی جو خداے تعالی کی بزرگ ترین نعمتون مین سے ہو اور بالطبع ایک لاانتہا ترقی کی قابلیت رکھتی ہو۔ وہ بہ نسبت زمانۂ وسطی کی منطق و بلاغت سے زیادہ کارآمد شی ہو۔ اب وقت آگیا ہو کہ ہم اس حقیقت کو پوری طرح اور نہایت صاف دلی سے تسلیم کرلین کہ عقل کے لیے حدود مقرر کرنا یا ایسے ایک خاص دائرے مین مقید کرنے کی کوشش کرنا اسکے وسعت ونشر کے ملکہ کو نیست و نابود کردینے کی ہم معنی ہو۔ اگر کسی کو صداقت پرستی کا دعوی ہو تو وہ ہرگز اس سے انکار نہین کرسکتا کہ اب سے تین چار صدی قبل مسلمانون مین تحقیق و تدقیق کا مادہ بالکل سلب ہوچکا ہو۔ آج ہماری دماغی حالت یہ ہو کہ گویا ابتک زمانۂ قدیم ہی مین ہین۔ ایسی قوم کی ترقی کی کوئی امید نہین ہوسکتی جو اپنے زمانے کے حقایق امور اور حالات اور کیفیات سے دیدہ ودانستہ ناواقف رہے جو اپنی زندگی کو ایسے اقوال کے مطابق بنانے کی کوشش کرے جو اب سے ایک ہزار سال قبل کسی کے قلم سے نکلے تھے وہ علما اور حکما خواہ وسیع تخیلات رکھتے ہون لیکن بیسوین صدی عیسوی کے حالات زندگی کا اندازہ ہرگز نہین کرسکتے میرے ان الفاظ سے آپ کو کسی قسم کی غلط فہمی نہونی چاہیے۔ حاشا وکلا میرا منشا قدح زنی نہین ہو بلکہ برعکس اسکے تمام علماے سلف کی میرے دل مین نہایت درجہ عظمت ہو۔ اور نہ آپ یہ خیال کیجیے گا کہ مین ان کے اقوال کو کم قدر سمجھتا ہون۔ مگر کیا یہ سچ نہین ہو کہ ہم فی الواقع اپنی حد سے بہت تجاوز کرگئے ہین اور اُن کو ہر امر مین حقیقتہً مبرا از خطا تصور کرتے ہین حالانکہ ہم اسکے مجاز نہین ہین سواے خداے پاک کے اور دینی امور مین جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی اور ذات کو مبرا از خطا

سمجھین المجتهد یخطی ویصیب ہمارے دینیات کا اصول ہو پھر اسکی کیا وجہ ہو کہ ہم اپنی روزانہ زندگی مین اپنے ہر فعل و عمل کے لیے نوین یا دسوین صدی کے کسی نہ کسی منصف کے اقوال کو اپنا نصب العین بنا لیتے ہین اور اپنی زندگی بھر اُسی پر عمل پیرا رہتے ہین اور اُسی سے اسناد کرتے ہین؟ اکثر اوقات تو اُن کے ذاتی اور صحیح اقوال دستیاب ہوتے ہین اور نہ ہو سکتے ہین تب ہم یہ وہ اختیار کرتے ہین کہ مکڑی کی طرح عجیب و غریب منطق سے غیر موزون اقوال کے تار و پود کے استدلات کا ایک خاصہ جال اپنے ارد گرد قائم کر لیتے ہین مگر آپ کو خوب علوم ہو کہ ان ا وھن البیوت لبیت العنکبوت تو کیا یہ کچھ تعجب انگیز امر ہو کہ ہم خود کو اتنی صدیون تک منطقی ابحاث و جد و جدل کے بے فیض اور بے سود بلکہ مضر اثرات مین مقید رکھنے کی وجہ سے ہمارے عقل و ادراک کے قوی بالکل تلف ہو گئے ہ یاد رکھیے کہ جب تک خیالات مین آزادروی نہوگی اور جب تک کہ وہ زندگی کے حقائق امور او واقعات سے اپنا تعلق قائم نہ رکھین گے وہ نتیجہ خیز نہین ہو سکتے۔ وقت یہ ہو کہ ہر طرح اسکی کوشش کی جاتی ہو کہ تمام خوبیان زمانۂ ماضی ہی سے منسوب کی جائین حال کو حقیر و ذلیل فرض کیا جائے اور قوم کے مستقبل کو محض غیر ضروری سمجھ کر نظر انداز کر دیا جائے دینیات کو چھوڑ کر ادبیات مین علوم و فنون مین صنعت و حرفت مین طرز معاشرت مین یہانتک کہ لباس اور شکل و شباہت کی تفصیل مین جدت طرازی کرنا اور اسی طرح گویا اس بات سے انکار کرنا کہ ہر چیز کی تکمیل کا طریقہ اب سے ہزار برس پہلے بتا یا گیا ہو بعض لوگون کے نزدیک بدعت اور امر مذموم سمجھا جاتا ہو جب کسی قوم کی دماغی حالت اس طرح ہر تغیر کے خلاف ہو جائے تو سوائے انجماد اور تدریجی انحطاط و زوال کے اُس قوم سے اور کچھ امید رکھنا سخت غلطی ہو وہی بزرگان جنکی پیروی کا ہم دعویٰ کرتے ہین ہمیشہ اس بات کے لیے آمادہ و مستعد تھے کہ اگر وہ کسی سے کچھ بھی اخذ کر سکتے ہین تو اسے ہاتھ سے نہ جانے دین۔ خواہ وہ استاد کسی قوم و ملت و ملک کا ہو اس بارے مین وہ یونانی

رومی۔ زرتشتی اورچینی مین کوئی فرق وامتیاز نہین کرتے تھے۔اس کا یہ نتیجہ ہوا کو وہ خود جلد ہی تمام دنیا کے استاد ہو گئے اب کیا وقت نہین ہی کہ ہم زمانے سے اس علیحدگی اورکنارہ کشی کو جسمین قوم آجکل گرفتار ہی اورجس سے یہ خطرناک اورمضر نتائج پیدا ہورہے ہین اپنے سے دور کرنے کی کوشش کرین اور آوازہ لاتسبوا الدھر فانی انا اللہ ھر پر عمل کرین اورپھر دوبارہ اُسی قوت اخذ اور مادۂ تحصیل کو اپنے مین پیدا کرلین جو اسلام کی اعلی ترقی کے زمانے کے خصائص اولین تھے۔ارباب فہم اور اصحاب غور وخوص جس نتیجے پر پہونچے ہین وہ یہ ہی کہ ہم نے اسلام کی آزادخیالی اوروسیع نظری کے جوہر بے بہا کو ضائع کردیا ہی۔ اوراب جو مسئلہ آپ کے سامنے پیش ہی وہ یہ ہی کہ قوم کے لیے اُسے دوبارہ حاصل کرنے کا بہترین طریقہ کیا ہی۔ آزادخیالی اوروسیع نظری اسلام کا ایک ایسا جزو ہی کہ جو اُس سے کسی طرح علیحدہ نہین کہا جاسکتا اورجسکے بغیر ہم امید نہین کرسکتے کہ اسلام سے قوم کی حالت کی درستی مین بہت کچھ مدد ملے گی۔ اورنہ ہم یہ دعوی کرسکتے ہین کہ اسلام کی قوت ماسکہ آجکل پورے طورپر اپنا اثر کررہی ہی۔ ہمارے مذہب کے دشمن بھی اس بات سے انکار نہین کرتے کہ اسکی تعلیمات کا میلان زیادہ تر اس پر ہی کہ اسکے پیروان مین ارتباط واتحاد کو ترقی دیجائے لیکن ہمین یاد رکھنا چاہیے کہ اسلام کا اعلان اوراسکی تبلیغ پہلے پہل اہل عرب مین ہوئی تھی اوروہ ایک ایسی قوم تھی کہ جس قوم کے خصائل مین خصومات قبائل کے علاوہ غایت درجہ کی شخصیت ونفسانیت کا مادہ کہ جو طبعًا ہرقسم کی معاشرتی ترقی کا نقیض ہی نہایت محکم طورپر جاگزین تھا۔ ہرشخص جس نے تاریخ عالم کا مطالعہ کیا ہی اسلام کی اُس شان دار کامیابی کا اعتراف کریگا جو اُسنے اہل عرب کی اُن ناقص متواتر خصایص کو کئی صدیون تک مغلوب رکھنے سے حاصل کی تھی بلکہ یہ اسلام کا ایک الٰہی معجزہ ہی اسکے علاوہ ایشیا اور افریقہ کی اوراقوام کا کہ جو سطوت اسلام کے ماتحت آگئی تھین قریب قریب ایسا ہی حال ہوا لیکن طاقت جسمانی کی طرح روحانی اوراخلاقی قوی کو بھی متواتر امداد اور تقویت کی ضرورت ہی ورنہ وہ ایک ایک دن بالکل

نیست ہو جاتے ہین۔

اب پھر وہی اصلی شکستگی کے آثار مسلمانون مین شد و مد کے ساتھ اپنا رنگ جما رہے ہین پس ایک اور ضروری کام جو آپ کی پوری توجہ کا محتاج ہے یہ ہے کہ آپ مسلمانون کی اس حالت سقیم کے لیے کوئی مناسب علاج تجویز کرین میری رائے مین فقط اُس کی بُرائیان بیان کرنا کافی نہین ہے بلکہ آپ کا تجربہ اور معلومات اس بات کے شاید ہون گے کہ ہندوستان کی موجودہ حالت مین جبکہ یہان ایک قومی اور باقاعدہ حکومت کا دور دورہ ہے لوگون مین معاشرت و عصبیت کے خیالات کو رواج دینا ہی اُن کے افعال و اعمال کو متحد اور یکسو کر دینے کا سب سے عمدہ طریقہ ہے۔

اب مین اُن چند خاص خاص امور کا بیان کرون گا کہ جن کے انصرام مین آپ کو اپنی طاقت و ہمت صرف کرنی ہو گی۔ ندوۃ العلما کے گزشتہ اجلاس مین اُسکے ایک مقتدر رکن نے علما کی تعداد مین جو سرعت کے ساتھ تنزل ہو رہا ہے اس کا نہایت دردناک خاکہ کھینچا تھا۔ ان کا بیان حقیقت پر مبنی تھا۔ اور ہمارے لیے یہ امر باعث فکر و تشویش ہے۔ پہلے ہم کو اصل حالت کا اندازہ کرنا چاہیے۔ گزشتہ زمانے مین علما کے خاص فرائض محکمۂ قضا اور دینیات سے متعلق تھے۔ لیکن ہمین اس بات کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ اب ان کو معاملات سے بالکل سروکار نہین۔ اور آجکل حکومت کسی خاص مذہب سے علاقہ نہین رکھتی علیٰ ہذا القیاس آپ یہ بھی امید نہین کر سکتے کہ لوگ ایسے قانونی امور مین آپ سے مشورہ طلب کرین گے جو عدالتون کے احاطۂ اختیار مین ہین۔ ہماری فقہ اب صرف چند ہی شعبون مین نافذ ہے۔ مثلاً نکاح۔ طلاق۔ ترکہ۔ ہبہ۔ وقف اور وصیت اور اس قسم کے مقدمات مین بھی نظائر اس کثرت سے جمع ہو گئے ہین کہ کسی طرح یہ توقع نہین ہو سکتی کہ کوئی قانونی مشورے کا متلاشی اُن لوگون کے پاس جائے گا کہ جنھون نے اینگلو انڈین قانون کا مطالعہ نہ کیا ہو۔ اب علما کا دائرۂ عمل صرف امور دینی تک محدود ہے البتہ عبادات کے متعلق اگر کوئی مسئلہ

پیدا ہوگا تو اسمین لوگ ضرور آپ حضرات سے فتویٰ طلب کرین گے لیکن ایسے مواقع جن مین کسی کو خالص دینی مسائل مین فتوی طلب کرنے کی ضرورت ہو شاذ و نادر ہی رہ گئے ہین میرا تو خیال یہ ہو کہ آپ کو اپنے قیمتی وقت کا بہت کم حصہ دینی مسائل کے جزئیات کے حل کرنے مین صرف کرنے کی ضرورت ہوگی۔ مگر حاشا اللہ میرا اس قول سے یہ مطلب نہین ہو کہ اب ہمین علوم دین و روایات کی حفاظت کے لیے علما کی ضرورت باقی نہین ہی بلکہ جیسا کہ مین نے ابھی اپنا خیال ظاہر کیا ہو حق یہ ہو کہ قوم کو ہمیشہ علما کی ایک زبردست جماعت کی ضرورت رہیگی اور مین وثوق کے ساتھ کہسکتا ہون کہ اگر ہمارے یہان ہر زمانے مین اعلی قابلیت اور خصائص حمیدہ رکھنے والے علما نہ رہے تو من حیث القوم ہم کو سخت نقصان پہونچے گا لیکن جیسا کہ آپ خود بآسانی سمجھ سکتے ہین اب وہ وقت آگیا ہو کہ ہمارے علماے دین کی بہترین لیاقت اور سعی بجاے اسکے کہ محض پیچیدہ اور دقیق مسائل حل کرنے مین صرف ہو اس سے زیادہ وسیع اور مفید امور مین کام آئے اگر وہ چاہتے ہین کہ وہ قوم کی نگاہ مین اس مرتبہ اور دبدبہ کو دوبارہ حاصل کرلین جسے وہ کھو چکے ہین تو انھین چاہیے کہ قوم کی معاشرتی حالات کی درستی اور اصلاح مین اور بھی زیادہ کوشش کرین مجھے معاف کیجیے گا اگر مین اس ضمن مین یہ عرض کرون کہ جو حضرات اس پیشہ کو اختیار کرنا چاہتے ہین انھین یہ امید نہین رکھنی چاہیے کہ اور لوگ اپنی حاجتین اُن کے پاس لائین بلکہ اُن کا فرض ہو کہ وہ خود اُن کے پاس جائین اور اُن کی ضروریات کی تفتیش کرین۔ جو لوگ قومی رہنما بننے کی متمنی رہتے ہین اُن سے اکثر یہ شکایت سُنی جاتی ہو کہ لوگ اُن کی اصلی قدر و منزلت کا اندازہ کرنے سے قاصر رہتے ہین لیکن اگر اس پر محض سرسری نگاہ سے بھی غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہو کہ خود یہ امر کہ ایک شخص اپنی قوم کا راہبر بننے کی تمنا رکھتا ہو۔ مگر وہ اس کی پیروی نہین کرتی اس بات کا کافی ثبوت ہو کہ یا تو اُس شخص مین وہ اوصاف نہین ہین جو ایک رہبر قوم مین ہونا ضروری ہین

اور یا اس مین اتنی قابلیت نہین ہو کہ اپنے خیالات قوم کو سمجھا سکے یا اُن کی حاجتون و ضرورتون کا اندازہ کر سکے گو کہ مسلمانان ہند مین بہت سی کمزوریان ہین۔ مگر وہ اسلام کے نام کے اب بھی دلدادہ ہین۔ اور اسمین ذرا بھی شک نہین کہ اگر علماے اسلام متفقہ طور پر باقاعدہ اپنے تمام مساعی کو اصلاح معاشرت کے اہم کام مین صرف کرین تو قوم فوراً انھین اپنا پیشوا اور رہنما تسلیم کر لیگی۔

ندوۃ العلما نے دار العلوم قائم کر کے ایک قابل تحسین کام کیا ہو اور سکی رودادون سے معلوم ہوتا ہو کہ اسکی بنا اور قیام صحیح طرز پر ہو۔ اور ہندوستان کے تمام حصون کے مسلمانون سے نہایت فیاضانہ امداد کا مستحق ہو۔ مجھے یہ معلوم کر کے خوشی ہوئی کہ دار العلوم تسلیم کرتا ہو کہ عربی زبان کے قواعد کے پیچیدہ اور دقیق مسائل کے ضبط کرنے مین تمام عمر صرف کرنا اور یہ بھول جانا کہ یہ ایک زندہ زبان ہو اور دنیا کی ایک بڑی آبادی مین مستعمل ہو۔ انسانی عقل و طاقت کی ایک افسوسناک تضییع ہو اور میری یہ رائے ہو کہ منطق اور علم بلاغت کا مطالعہ صرف اس حد تک محدود رکھا جائے کہ جس سے فقہ اور اصول کی کتب کے جملے اور اصطلاحات کے سمجھنے مین مدد مل سکے ان کو اس سے زیادہ اہمیت دینا بیکار ہو۔ یہ دونون علوم اہل عرب نے اہل یونان اور ارسطو کے عیسائی مقلدین سے اسلیئے اخذ کیئے تھے کہ علماے اسلام اُنھین کے حربہ سے مذہبی مباحثات مین کامیابی کے ساتھ ان کا مقابلہ کر سکین لیکن اس قسم کے طول طویل مناظرات دنیا کی نگاہ مین عرصہ سے بے قدر و قیمت ہو چکے ہین۔ بیسوین صدی کے لوگون کو صرف وہی دلائل پسند آتے ہین جو عقل عامہ اور حقیقت پر مبنی ہون۔

آپ کو یہ نہین سمجھنا چاہیے کہ لکھنؤ کا ایک دار العلوم تمامی ہندوستان کی ضروریات کو پورا کریگا۔ آپ کو نہ صرف اس صوبہ مین بلکہ دیگر صوبجات مین بھی ایسے باقاعدہ مدارس کی ضرورت ہو کہ جو اُن لوگون کو تعلیم دے سکین جو اپنے آپ کو مذہب و قوم کی خدمت کے لیے وقف کرنا چاہتے ہین

مین نے دانستہ ان دونون کا ذکر سنا تھا ہی کیا ہے۔ کیونکہ مین خدمت ملت و خدمت دین کو جدا گانہ نہین تصور کر سکتا۔ ہمین اس بات کو بھی تسلیم کرنا ہوگا کہ اب وقت نہین رہا کہ ہندوستان مین طلبہ کی ایک بڑی تعداد عربی مدارس کی طرف راغب ہوگی۔ بلکہ اگر ہم اس خیال پر عمل کرین تو گویا ہم اپنے مساعی کو ضائع کرین گے۔ مین تو آپ کو یہی مشورہ دونگا کہ آپ اپنی کوششون کو چند خاص مہمات پر مصروف رکھین۔

ہمین ہر صوبہ مین کم از کم ایک ایسا مدرسہ چاہیے جہان دینیات اور تاریخ اسلام کی اعلیٰ سے اعلیٰ تعلیم دی جاسکے۔ اور ان مختلف علوم و فنون کے متعلق تحقیقات کی جاسکے جن کو عرب۔ اندلس۔ اور افریقہ مین اہل عرب نے اور اہل ایران و مغل نے ایران ہندوستان اور دیگر ممالک مین مشہور و معروف ترقی دی۔ ان ذرائع سے آپ علم کے اُن بیش بہا خزانون کو دنیا کے سامنے پیش کر سکتے ہین جو آجکل عربی کے قدیم قلمی نسخون مین مخزون ہین اور جو تلاش کرنے سے ایشیا یورپ اور افریقہ کے کتب خانون مین مل سکتے ہین۔ علامہ شبلی مرحوم نے ایک نہایت عمدہ مثال قائم کی ہے اور اس صیغہ مین قابل قدر کام کیا ہے۔ اس قسم کا مدرسہ جیسا کہ مین تجویز کر رہا ہون اُن لائق فائق داعیان اسلام کو پیدا کرنے مین مفید ہو سکتا ہے کہ جو اُن قومی مسائل کو حل کرنے مین ہم کو مدد دے سکتے ہین جن کا مین نے پہلے ذکر کیا ہے۔ اس کے علاوہ مجھے یہ بھی امید ہے کہ اُن مدارس مین دینیات الٰہیات کے ایسے علما ہون گے جو ان مضامین اور علم اصول پر لکچر دیا کرین گے۔ ان سے فن قانون کے گرایجوئیٹون کو بھی قانون اسلامی کے علم کی تکمیل مین مدد ملے گی۔ مین یہ بھی امید کرتا ہون کہ ان مین سے بعض اساتذہ قانون اسلام کے مسائل پر عدالتون کے فیصلہ جات سے ضرور واقف و ماہر ہون گے ان مدارس یا دار العلوم کا ایک ضروری کام یہ ہوگا کہ ادبیات عربی و فارسی کی جدید اور بیش قیمت کتابون کا اردو زبان مین اضافہ کرے۔ ان مدارس کو ایسے علما پیدا کرنے چاہیین جو مقبول عام کتب کے ذریعے سے تمام

ملک مین مفید معلومات کی اشاعت کر سکین ہر شخص جو ہندوستان کی تعلیم سے کچھ بھی تعلق رکھتا ہے محسوس کرتا ہے کہ زبان اردو مین اس نوع کے تعلیمی رسائل کس قدر کم ہین۔ مزید بران ان مدارس کے ایک خاص شعبہ کا کام یہ ہوگا کہ وہ لایق واعظین پیدا کرے۔ ہمین پرجوش اور سرگرم داعیان اسلام کی سخت ضرورت ہے۔ ہندوستان کی مسلم اور غیر مسلم آبادی کا ایک بڑا حصہ ایسے واعظون کے وعظ سے بہت کچھ روحانی فائدہ حاصل کریگا۔ علما کے اس جلسے کو اس امر کا لحاظ رکھنا چاہیے کہ ہندوستان کی آبادی کا ایک بڑا حصہ نہایت پستی کی حالت مین ہے اور "نیچ ذات" کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ گو کہ وہ تمام ملک مین پھیلے ہوئے ہین لیکن اس صوبہ مین اُن کی تعداد کثرت سے ہے۔ اُن مین عیسائی مشنری نہایت مفید کام کر رہی ہے مفید اس لحاظ سے نہین کہ اُنکے مذہب کی توسیع ہوتی ہے۔ بلکہ اس لحاظ سے کہ ان غریبون کی تعلیمی و تمدنی ترقی ہو جاتی ہے۔ تعلیم یافتہ ہندوؤن نے بھی ان طبقون کی اصلاح حال کے لیے متعدد انجمنین قائم کی ہین۔ ہماری قوم اور بالخصوص علما پر یہ الزام عائد ہو سکتا ہے کہ انھون نے رفاہ انسانی کے اس وسیع کام مین حصہ نہین لیا۔

ہمارے اس صوبہ مین کئی مدارس اور کثیر التعداد مکاتب ہین۔ زیادہ تر مکاتب مالابار مین واقع ہین۔ سررشتہ تعلیم مدراس کے ڈائرکٹر کی رپورٹ کے مطابق اس صوبہ کی خاص اسلامی مدارس کی تعداد سنہ ۱۶-۱۹۱۵ع مین ۲۷۱۹ تھی۔ اور سال گزشتہ مین ۱۴۱۹۱۱ طالب علم اُن مین تعلیم پا رہے تھے علاوہ اس کے لڑکیون کے لیے عام ابتدائی مدارس کی تعداد ۱۶۷ تھی جن مین ۱۹۱۰۲ لڑکیان تعلیم پاتی تھین۔ ۳۶۲۳۷ لڑکے عربی فارسی کی اعلی تعلیم حاصل کر رہے تھے ۱۷۴۳۳ لڑکے اور ۵۳۴۴۴ لڑکیان خانگی ابتدائی مدارس مین قرآن شریف پڑھتی تھین۔ جہانتک ہمین معلوم ہوا ہے اس موخر الذکر نوع کے مدارس کی تعداد ڈائرکٹر کی بتائی ہوئی تعداد سے بہت کچھ زیادہ ہے۔ مین نے سنا ہے کہ صرف مالابار مین اس قسم کے ابتدائی مدارس چار ہزار سے کم نہین ہین۔ وہان کے مسلمان باشندے ماپلا کہلاتے ہین

بہ حیثیت ایک جماعت کے وہ نہایت پختہ مسلمان ہین یہان تک کہ یہ گمان کیا جاتا ہو کہ گاہ بگاہ اُنکا مذہبی جوش اپنی حد سے تجاوز کر جاتا ہو۔ وہ قوت عملی اور ہمت وجرأت کے اوصاف سے موصوف ہین۔ میرا خیال ہو کہ اگر ان کی صحیح تربیت کی جائے تو وہ قوم کی طاقت اور رعب وداب بڑھانے مین بہت کارآمد ثابت ہون گے۔ اُن کے مذہبی علما تانگل کہلاتے ہین۔ اگر ہمارے روشن خیال علما ان سے روابط قائم کرلین تو یہ نہایت مناسب اور مفید ہوگا۔ ویلور کا مدرسہ باقیات الصالحات اس صوبہ کے بہترین مدارس عربیہ مین سے ہو۔ اور جن جن کے نام مجھے معلوم ہوئے ہین مدرسہ لطیفیہ ویلور مدرسہ محمدیہ رائی پیٹھ مدراس۔ مدرسہ معدن العلوم وانیم باڑی اور مدرسہ عربیہ تناولی ہین۔ یہ ان مدارس کے منتظمین کا کام ہو کہ وہ اس پر غور کرین کہ اُن کے درجے اور اہمیت بڑھانے کے عمدہ ترین ذرائع کیا ہین میرا خیال ہو کہ اگر تمام امور کو صحیح صحیح طور پر گورنمنٹ کے سامنے پیش کیا جائے گا تو گورنمنٹ بھی ان عربی مدارس کی بہت کچھ مدد کرے گی۔ لیکن یہ بتانا آپ کا کام ہو کہ ایسے عطیات کے لیے جو شرائط مقرر ہین وہ کیسے پورے کیے جا سکتے ہین۔ باقی رہے مکتب اُن کے متعلق بھی آپ کو غور کرنا چاہیے کہ ہمارے لیے ان کا سرکاری ابتدائی مدارس سے علحدہ رکھنا کہان تک مناسب ہو۔ اور کیا یہ اچھا نہو گا کہ بشرط امکان اُن کو سرکاری قواعد اور ضروریات کے ماتحت کر دیا جائے۔

مین نے آپ کے سامنے اُن ضروری مسائل کا ایک مختصر سا خاکہ کھینچ دیا ہو کہ جن پر ندوۃ العلما کے اس اجلاس کے دوران مین آپ کی توجہ صرف ہونی چاہیے مگر اُن کے متعلق مناسب تجاویز کرنا آپ کا کام ہو مسلسل اور باضابطہ کام اور سرمایہ ہماری اہم ضروریات مین سے ہو۔ لکھنو کے دارالعلوم کو اس طرز کے مدرسہ کلیہ کے درجے تک ترقی دینا چاہیے کہ جس کا مین نے ذکر کیا ہو اور پھر اُسی صنف کا ایک مدرسہ آپ کو مدراس مین بھی قائم کرنا چاہیے۔ علاوہ اس کے جو مکاتب موجود ہین اُن کو اچھے اصول پر چلانا اور اُن کی تعداد مین اضافہ کرنا چاہیے۔ مذکورہ بالا مقاصد کی تکمیل کے لیے اس صوبہ مین

ایک فنڈ قایم کیا جائے جسکو "اشاعت اسلام فنڈ" یا کسی اور مناسب نام سے موسوم کیا جائے۔ اس جلسے کے سرکردہ مہتممون نے مجھے یقین دلایا تھا کہ وہ اس موقع پر ایک ایسے کام کی بنا ڈالین گے جو مستقل اور پایدار رہوگا۔ یہ اُس وقت سے قبل کا ذکر ہی کہ جب مجھے کمیٹی کی صدرات سے ممتاز کیا گیا ہی۔ مین نے اس صوبہ کے مسلمانون کو ایفائے وعدہ مین کبھی سست نہین پایا۔ اور مجھے یقین ہی کہ وہ ایک ایسے معاملے مین جو اُن کو دل سے عزیز ہی ہماری امیدون کو نہایت فراخ دلی سے پورا کرین گے۔

حضرات! مین نے آپ کا بہت سا وقت صرف کیا۔ اور مین نے ایسے امور پر بحث کی ہی کہ جو شاید ایک استقبالیہ کمیٹی کے صدر کے فرائض مین شامل نہین ہین۔ اس کی ایک وجہ تو دوستون کا یہ اصرار تھا کہ مین اُن بعض امور پر جو اس اجلاس مین پیش ہونے والے ہین اپنی راے بھی ظاہر کرون اور دوسرا سبب یہ تھا کہ مجھے خود بھی ان امور مین دلچسپی ہی جو قوم کے معاملات مین نہایت اہم ہین۔ مین دوبارہ مسلمانان مدراس کی جانب سے اُن ممتاز حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہون جو اس اجلاس مین شریک ہونے کے لیے دور دراز مقامات سے تشریف لائے ہین اور ہماری تمنا ہی کہ وہ دوران قیام مین آرام و آسایش سے رہ کر اس صوبہ کے متعلق ایسے خیالات لیجائین جو یہان کی خوشگوار یادگار ہوسکین۔ آخر مین میری دعا ہی کہ آپ کی سعی مشکور ہو اور خدا کی برکتین ہماری اُن کاروائیون کے شامل حال ہین جو اب شروع ہونے والی ہین **شعر**

بخت خواب آلود ما بیداری خواہد شد مگر　　زانکہ زد بر دیدہ آب از روی رخشان شما

آنریبل جسٹس عبدالرحیم کے خطبہ افتتاحیہ کے بعد جناب مولانا **عبدالسبحان** صاحب صدارت کی تحریک پیش کرنے کے لیے اسٹیج پر تشریف لائے اور آپ نے فرمایا۔ ایک ایسے جلسہ مین جسمین ہندوستان کے مشاہیر علما و مشائخ شریک ہین کسی تحریک کے لیے آپ لوگون کے سامنے میرا آنا مناسب نہ تھا لیکن بمصداق الامر فوق الادب مجبوراً آنا پڑا۔ مین اسوقت آپ کے سامنے جو تحریک پیش کرنے کے لیے

آیا ہون اس مین ایک پہلو رنج کا ہی اور ایک خوشی کا رنج اس کا کہ اس مجلس کے صدر درحقیقت مولانا محمد حبیب الرحمن خان صاحب شروانی تھے لیکن ہماری بدقسمتی سے جناب ممدوح علیل ہوگئے اور شرکت سے عذر فرمایا۔ اور خوشی کا سبب یہ ہی کہ جب یہ مسئلہ سبجکٹ کمیٹی مین پیش ہوا تو ایک ایسے بزرگ کا نام تجویز کیا گیا جن کا نام زبان سے لینا میرے رتبہ و منزلت سے باہر ہی لیکن چونکہ مین اس مسئلہ کی تحریک کے لیے کھڑا ہوا ہون اسلیے مجبوراً نام لیتا ہون یعنی وہ محترم بزرگ جناب مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب پھلواری ہین، آپ حضرات سے جناب ممدوح کا تعارف کرانے کی حاجت نہین۔ ہمارے اکثر برادران مرید آپ کے مرید ہین اور عام طور پر لوگ حضرت سے واقف ہین، اسلیے مین امید کرتا ہون کہ جناب ممدوح کی صدارت اجلاس ندوۃ العلما کے لیے خصوصیت سے مفید و مبارک ہوگی۔

اس کے بعد جناب مولوی عبداللہ احمد صاحب محافظ حجاج (بمبئی) نے اسکی تائید فرمائی اور باتفاق حاضرین جناب مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب صدر قرار پائے، اور جناب ممدوح نے حسب ذیل خطبہ صدارت پڑھ کر سنایا۔

خطبۂ صدارت

جناب مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب

قادری چشتی متع اللہ المسلمین بطول بقائہ

(صدر انجمن)

اللھم صلے علی محمد و آل محمد و بارک وسلم

حضرات! یہ میرا پانچوان دفعہ ہی کہ مین صدارت اجلاس ندوۃ العلما کی کرسی پر بیٹھا ہون

دو سال تو لگاتار لوگون نے مجھے صدر بنایا۔لکھنؤ مین مین ہی صدر نشین تھا پونا مین مین نے ہی صدارت کی اور اس کا سلسلہ ٹوٹنے نہ پایا کہ پھر آج بھی مجھے مجبور کیا گیا۔

صاحبو! ہر چند مین اس سے بہت بھاگتا ہون اور ہر سال معذرت کرتا ہون کہ میرے قویٰ کمزور ہو گئے ہین اب پہلے جیسا دل و دماغ نہین پیری اور ناتوانی نے بالکل نحیف و لاغر کر دیا۔ مگر جانے ندوۃ العلما کو مجھ سے کیسا لگاؤ ہے اور اُس کے کیسے پُر زور جذبات ہین کہ کشان کشان مجھے کھینچ لاتے ہین اور اس بار گران کا مجھے بدقت متحمل ہونا پڑتا ہے۔اس سال مین بہت خوش تھا کہ مجھے صدارت جیسے عظیم الشان بار گران سے سبکدوشی حاصل ہو گئی ہے کیونکہ اس جلسہ کے صدر میرے عزیز دوست مولوی حبیب الرحمن خان صاحب شروانی رئیس بھیکم پور مقرر ہو چکے تھے جو ایک دولتمند اہل علم ہین اور ہمیشہ علمی خدمت کرتے رہے ہین۔مگر نہایت افسوس کے ساتھ کہتا ہون کہ وہ اپنی کمزور کرنے والی علالت کے باعث جلسہ کی شرکت نہ کر سکے اور پھر مجھے قوم کی دی ہوئی اُس عزت کو قبول کرنا پڑا جسکا مین حقیقۃً قابل نہین اور اپنی پیری کی وجہ سے ہمیشہ جس سے بھاگتا رہا اس سال بھی جب ایک بڑی جماعت نے مجھے صدر ہونے کے لیے کہا تو مین نے اس کے لیے سخت معذرت پیش کی تھی۔مگر کسی کو کیا معلوم کہ اللہ کو کیا منظور ہوتا ہے آخر وہی ہوا جو ہونے والا تھا

رضینا بقضاء اللہ وھو انعم المولیٰ ونعم النصیر

حضرات! ندوۃ العلما کا یہ سالانہ جلسہ یہان دوبارہ ہے۔بارہ برس کے بعد اس ندوۃ العلما کو پھر یہان کشان کشان آنا پڑا بجز اپنے مرکز (لکھنؤ) کے کسی شہر مین اس مجلس کو دوبارہ رونق افروزی کی نوبت نہین آئی آخر یہ کیون؟ اس کے لیے تھوڑی تفصیل درکار ہے۔

حضرات! اسلامی بارھوین صدی سے تیرھوین صدی تک یہ شہر (مدراس) مشرقی علوم کا مرکز رہا ہے ملا محمد باقر آگاہ نایتی فاضل محقق و علامہ ہُوا سی کرناٹک کے باشندے اسی شہر مین

جلوہ افروز تھے ان کی تالیف و تصنیف انھین کے زمانے مین شہرہ آفاق ہوئی اور ان کے حلقہ درس مین دور دراز سے لوگ یہان آیا کرتے تھے۔ حضرت مولانا سید عبد القادر فخری فخر المحققین اسی شہر کے عزلت نشین تھے۔

حضرت ملک العلما مولانا عبد العلی بحر العلوم لکھنوی یہان آکر مقیم ہوئے اور انھون نے اس بحر جنوبی کے کنارے علم کا دریا بہا دیا۔

پھر فاضل محقق قاضی ارتضا علی خان گوپاموی کی جلوہ افروزی نے اس شہر کو اور بھی زینت بخشی۔

مولوی محمد سلم صاحب عالم متبحر اسی سرزمین کے علمی باغ کے گل سرسبد تھے۔

مفتی بدر الدولہ کا خاندان اپنی فقاہت و تبحر فن و حدیث و وسعت نظر مین یکتائے روزگار تھا اور ہنوز اس مقدس دودمان کے علمی آثار کچھ نہ کچھ موجود ہین۔

اور وہ مقدس خاندان جو اس جنوبی ہند مین روشن چراغ تھا جس کی روشنی دور دراز ملکون تک پہونچتی تھی وہ اس علاقہ مدراس کے شہر ویلور کا لطیفیہ قطبیہ خاندان ہے۔

اس مقدس دودمان کے بہترین اور روشن یادگار ہمارے شمس العلما شاہ عبد اللطیف صاحب سجادہ نشین زینت بخش مجلس ہین۔

حضرات! میرا خیال ہے کہ لکھنؤ اور دہلی کے بعد پچھلے دور مین علمی جواہرات کی بارش خاصکر اسی شہر مدراس مین ہوئی اب آپ ہی حضرات انصاف فرمائین کہ جب اس قدر روحانی جذبات اور علمی کشش ہون تو پھر ندوۃ العلما دوبارہ کیونکر یہان نہین آتا بالخصوص ہمارے حضرت قبلہ و کعبہ بحر العلوم تو لکھنوی ہین اور ندوہ کا ہیڈ کوارٹر بھی لکھنؤ ہے۔ پھر ان کے علمی جذبات کیونکر ہمین یہان نہ بلاتے اور وہ اہل مدراس سے ندوہ کی کیونکر سفارش نہ کرتے پس گویا وہ فرماتے ہین

۱؎ افسوس ہے کہ آپ جلسہ مین شریک نہو سکے۔

ھو الست مأکر دتہ یتضوع

حضرات! مدراس انگریزی ابتدائی شہر ہے اور انگریز علم دوست و علم پرور ہین پس اس شہر کی بنیاد کے ساتھ اس کا نام ہی مدراس مشہور ہوا عربی لٹریچر کے قاعدے سے اس کا مادہ درس ہے پس پڑھنے پڑھانے کا ہمیشہ یہان چرچا ہونا چاہیے، پھر نہ وہ بار بار یہان کیونکر نہ آئے کسی نے کیا خوب کہا ہے شعر

لب شیرین کی چاٹ پر اُن کے ۔۔۔ آشنا بار بار آستے ہین

تصویر کا دوسرا رخ

اب یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آپ نے مدراس کی اگلی ترقی اور مرکز علمی کو یاد دلایا مگر یہ بتاسیئے کہ موجودہ رفتار کیسی ہے، اور یہان کے مسلمانون کی دینی دنیوی تعلیم کی کیا حالت ہے؟

اس کا جواب مین نہایت ہی دردناک لہجہ مین دیتا ہون کہ موجودہ زمانے مین دینی و دنیوی تعلیم یہان کی نہایت ہی افسوسناک ہے دینی تعلیم کے متعلق یون انقلاب ہوا کہ جو بزرگان کامل و مکمل تھے جب وہ گور مین تشریف لے گئے تو اپنا فضل و کمال بھی اپنے ساتھ لیتے گئے اور کوئی ان کا ایسا بہتر جانشین ہوا جو زمانے کے رخ کو دیکھ کر چلتا الا ماشاء اللہ

اگلے علما علمی میدان مین تنگ خیال نہ تھے جس فن کی جیسی ضرورت ہوتی نصاب تعلیم مین داخل کرتے مولانا عبد العلی بحر العلوم ہی کو دیکھیے کہ کرناٹک کے قدیم عربی درس پر فلسفہ و معقولات کا کس قدر آپ نے اضافہ کیا۔

اسی طرح ہر عالم متبحر مروجہ و مفیدہ علوم کو رواج دیتا رہا مگر رفتہ رفتہ تنگ نظری و بیجا تعصب نے ایک ایسے حد پر لا کر ان کو کھڑا کر دیا کہ اس سے انھون نے ایک قدم بھی آگے بڑھنا چاہا پس جس

علم و فن کی وہ سو برس قبل ضرورت تھی اب ترقی علوم کے زمانے مین بھی اسکو وہ کافی سمجھنے لگے بریانی، مزعفر کے ہضم کرنے کے لیے وہ سرکہ و آب شورہ کو کافی سمجھتے تھے اور واقعی وہ اس کے لیے کافی تھا مگر اب جب بیف و مٹن کا زمانہ آیا تو اس کے ہضم کے لیے سوڈا آئس اور سلفورک ایسڈ سے کام لینا چاہیے تھا مگر وہ رفتار قدیم کی طرح عرق نعناع پر ڈٹے رہے آپ سمجھ سکتے ہین کہ وہ کہان تک کام دے گا ہمارے گزشتہ علوم گزشتہ زمانے مین اتنے مفید تھے کہ غیر اقوام بھی اس کی قدردانی پر مجبور تھین پس اسی علم کے ذریعہ سے ہم ابتدائے انگریزی زمانے مین سررشتہ دار و پیشکار قاضی و مفتی و منصف و صدراعلی و صدر الصدور ہوتے تھے مگر اب علم نے ایک دوسرا ہی لباس بدلا اور زمین و آسمان کا رنگ ہی دوسرا ہو گیا اگر ہم یہ سمجھتے ہین کہ صدرا اور شمس بازغہ و شرح مقاصد و امور عامہ اب بھی ہم کو ان خاص معزز عہدون کی مستحق کر سکتی ہین ع

این خیال است و محال است و جنون

اس مدراس کے قاضی القضاۃ ایک زمانے مین قاضی ارتضا علی خان تھے اب اس جگہ پر اپنی زور آور تقدیر سے اگر کوئی مسلمان ہو بھی تو مسٹر جسٹس عبد الرحیم ہو سکتے ہین نہ کہ میرے دوست مولوی محی الدین صاحب چیدہ۔

اے کاش اس قدیم عہد حکومت مین اگر انگریزی زبان دانی کو بھی سکنڈ لینگویج کی طرح سے اپنے مدرسون مین ہم داخل کیے ہوتے اور مغربی جدید علوم کو مشرقی ٹکسال مین ڈھال لیتے تو یہ روز سیاہ نہ دیکھنا پڑتا اور اپنے اعزاز قومی کو نہ کھوتے۔

حضرات! اللہ تعالی نے ارشاد فرمایا ہے۔

تلک الایام نداولها بین الناس۔

پس ایک زمانے مین فضل ادب تہذیب و حانیت مذہب و رسالت سب کا آفتاب مشرق ہی سے

طلوع ہوتا تھا۔ اور ہمارے علم و فضل و ہنر کے استفادہ پر اہل مغرب مجبور تھے مگر زمانے نے دوسرا پلٹا کھایا یعنی علوم و فنون حکمت و سائنس کا آفتاب مغرب سے طلوع ہو کر ظل گستری کرنے لگا تو کیا وجہ ہے کہ ہم اہل مشرق اس سے مستفید نہون اور اپنے تعصب کی ہٹ دھرمی پر اڑے رہین بالخصوص ہم مسلمانون کو تو یہ ارشاد ہوا کہ

وللہ المشرق والمغرب

پس نعمت مغربی و مشرقی سب خدا ہی کی ہے کیا مغرب مین ہمارے خدا کی قدرت نہین ہے کیا وہان کوئی دوسرا خدا ہے ہرگز نہین ہرگز نہین بلکہ:-

رب المشرق والمغرب لا الہ الا ھو فاتخذہ وکیلا

پس علوم قدیمہ ہون یا جدیدہ، فلسفہ قدیم ہو یا جدید اپنے اپنے موقع پر سب خدا ہی کی نعمت ہے اس سے ضرور فائدہ اُٹھاؤ اور ان علوم کے ذریعہ سے علام الغیوم کو پہچانو اور حکمتون سے حکیم مطلق کو جانو

من یؤت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا

ہمارے اگلے علما امام غزالی و امام رازی وغیرہ ہمانے فلسفہ قدیم سے واقف ہو کر کتنا فائدہ اُٹھایا اور شریعت کو کیا کچھ مستحکم کیا اصول فلسفہ سے اور انھین کے مسلمات سے تمام ملحدانہ خدشات کو دور دفع کیا جس کی قبولیت مین کسی غیر قوم کو اندکے بھی تامل نہ رہا چنگیز خان اور ہلاکو نے اسلامی دنیا کو تہ و بالا کر دیا اور سلطنت و حکومت اُن کی چھین لی مال و زر و زمین سب کچھ لے لی مگر علمی جواہرات جو اُنکے دلون میں تھے انھین نہ نکال سکا پس ہر سلطنت ہر چیز مین مسلمانون کی محتاج رہی بالخصوص طبابت حکمت فلسفہ ہیئات نجوم وغیرہ مین اس لیے کہ ان علوم مین تمام دنیا مین کوئی ان کا ہمسر تھا پاک روحانیت و دلی جذبات انھین کے پاس تھے پس سلطنت کو ضرور ہوا کہ وہ ان کی طرف مائل ہو پھر رفتہ رفتہ اس کو اسلام قبول ہی کرنا پڑا اور فاتح نے مفتوح کے مذہب کو اختیار کیا۔ شاید دنیا مین اسکی

دوسری نظیر نہو گی۔

حضرات! مغربی علوم سے بعض مقدس لوگون نے یون بھی کنارہ کشی کی، کہ مغربی علوم کے ساتھ کہین مغربی طرز معاشرت بھی نہ آجائے، اور جبہ وعمامہ کفش کی جگہ پس شگافتہ کرتہ جسے کوٹ کہتے ہین اور بے ازاربند کا پائجامہ جسے پتلون بولتے ہین اور ایک نیم ذراع کی ٹوپی جسے ہیٹ کہتے ہین اور نعل اسود جسے بوٹ کہتے ہین پہننا نہ پڑے، اور خمر عتیق ولحم خنزیر نوش جان نہ کرنا ہو مین کہتا ہون کہ یہ کس قدر کمزوری تھی، کیا جب ہم نے یونانی فلسفہ وعلوم وفنون اخذ کیا تھا تو یونانی طرز معاشرت بھی اختیار کی تھی، شراب وکباب کے بھی عادی ہوگئے تھے؟ ہرگز نہین، پھر آج ایسے چھوئی موئی کیون بن گئے۔

حضرات! مین ان مُلّاؤن مین ہون کہ بارہا برسر منبر کہہ چکا ہون کہ اسلام طرز معاشرت لباس وپوشاک مین نہین اٹکا ہوا ہے ع

درویش صفت باش کلاہ تتری دار

مگر آج آپ لوگون کو ایک فتویٰ پڑھ کر سناتا ہون جو میرے خیال مین نہایت ہی قابل قدر ہے اور اب مین بھی کہتا ہون علیہ الفتویٰ "خاطر جمع رہے وہ کسی عبا پوش مولوی کا فتویٰ نہین ہے۔ کہ شیم شیم کی صدا بلند ہو بلکہ ایک لائق وفائق گریجویٹ ومعزز عہدہ دار کا فتویٰ ہے یعنے میرے مخلص دوست مسٹر حیدری بی اے ہوم سکریٹری سرکار آصفیہ نظام دکن کا فتویٰ ہے اور مدلل باقوال فقہائے زمانہ ہے وہ اپنی تقریر صدارت وُ امبا ڑی مین فرماتے ہین۔

مین چاہتا ہون کہ آپ مغرب کے تمام مادی فواید کو حاصل کرین لیکن اسکے ساتھ مین یہ بھی چاہتا ہون کہ آپ اپنے مذہب اپنے لباس اور اپنی صنعت کو قائم رکھین، مین مسٹر ایل ہرن کی پُر لطف کتاب "اوٹ آف دی ایسٹ" مین سے چند جملے سناتا ہون جو اُس نے اُس کے متعلق لکھے ہین وہ لکھتا ہے کہ

جو کچھ اُس نے (جاپان نے) کیا ہے اور کر رہا ہے اس کے لکھنے کے لیے دفتر چاہیئے مگر اس قدر کہنا کافی ہے کہ اس نے ہماری صنعت و دستکاری ہمار علمی سائنس ہماری اقتصادی مالی اور قانونی تجربات مین سے بہترین حصہ انتخاب اور اختیار کیا ہے اور ہر صورت مین اعلیٰ نتائج حاصل کیے ہین اور ہمیشہ ہمارے مستعار حصہ کو اپنی ضروریات کے مطابق نئی صورت مین ڈھال لیا ہے لیکن اُس نے ہمار۔۔۔ مغربی لباس مغرب کی معاشرتی عادتین مغربی فن تعمیر یا مغربی مذہب اختیار نہین کیا، کیونکہ ان کے داخل ہونے سے اسکی قوت بجاے بڑھنے کے ضعیف ہو جاتی ہے لباس کے متعلق وہ کہتا ہے کہ غیر ملکی لباس جاپانی عہدہ دارون نے اختیار کیا ہے لیکن وہ اسے صرف دفتر کے اوقات مین مغربی طرز کی عمارتون مین پہنتے ہین جہان جدید زمانے کی میزین کرسیان موجود ہین ایک بار ایک اعلیٰ تعلیم یافتہ جاپانی نے میرے ایک دوست سے کہا کہ ہم نے مغربی لباس صرف عارضی طور پر اختیار کیا ہے جیسے بعض جانور اپنی حفاظت کی غرض سے بعض موسمون مین خاص رنگ اختیار کر لیتے ہین۔ مین خاص طور سے اپنے لباس اور عادات پر ثابت قدم رہنے کے لیے زور دیتا ہون کہ اس مین زیادہ کفایت شعاری ہے اور بڑی بات یہ ہے کہ اپنے لباس اور عادات پر قائم رہنے سے ہم درحقیقت اپنی سوسائٹی کے لیے زیادہ مفید ہو سکتے ہین اور بیجا اصراف سے بچکر اپنی قوت اور روپیون کو اچھے کامون مین لگا سکتے ہین مین اس موقع پر یہ بھی بتانا چاہتا ہون کہ اس طریق سے نہ ہم صرف اسراف سے بچتے ہین بلکہ ہمارے اخلاق بھی برے اثرات سے محفوظ رہتے ہین جو لوگ محض نقالی کے طور پر دوسرون کی معاشرت اختیار کر لیتے ہین ان کے اخلاق و اطوار پر بہت برا اثر پڑتا ہے اور تجربہ سے یہ معلوم ہوا ہے کہ انھین اپنی قوم و ملک سے ایک اجنبیت سی پیدا ہو جاتی ہے۔

اس فتوی کو سنانے کے بعد مین عرض کرون گا:۔

فاعتبروا یاگو ایجوٹیس و یا اسٹوڈنٹس

نصیحت گوش کن مسٹر کہ از جان دوست تر دارد　　　جوان نیک اسٹوڈنٹ پسند پیر مُلّا را

حضرات! مین کہان سے کہان چلا گیا اب پھر لوٹتا ہون اور مختصر یون عرض کرونگا کہ مسلمانان مدراس کے تنزل کے اسباب وہی توہمات ہین جو عموماً ہر حصہ ہندوستان کے ہین مگر فرق اتنا ہی کہ وہ لوگ کچھ سنبھلے اور سنبھل رہے ہین اور یہ ابھی فی طغیانھم یعمھون مین ابھی بہت کم احساس ہوا ہی

زمانے کی پُرزور طاقت سے کوئی لڑ نہین سکتا ع

زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ بساز

جب یہ لوگ ایک پرزور طاقت سے لڑ گئے اور مغربی علوم سے متنفر رہے تو مشرقی علوم بھی گویا اُن سے کھو گئے اس علاقہ مدراس مین ابتدائی مکاتب کے سوا عربی کے کئی مدرسے ہین اس شہر مین ایک جناب قاضی صاحب کے یہان بھی قدیم وضع کا درس ہی اور شہر کے کنارے جناب جمال محی الدین صاحب کا ایک مدرسہ ہی جس کی عمارت نہایت ہی پُرفضا ہی پھر ویلور کے دو مدرسے ہین، ان مین اگلی وضع کی تعلیم اچھی طرح سے ہوتی ہی اور باقیات الصالحات کی فیاضی سے کوئی انکار نہین کر سکتا اسیطرح اور بھی مدرسون کی مجھے خبر ہی۔

مگر معاف فرمائیے کہ کسی مدرسے مین اشاعت اسلام کا کام نہین سکھایا جاتا اور اس کی سخت ضرورت ہی۔

علم کلام کی جدید روش ابھی کہین بھی پیدا نہوئی جس کی اس وقت مسلمانون کو سخت ضرورت ہی۔

عربی زباندانی اس وضع کی کہ اس مین تقریر و تحریر کر سکین، عربی اخبارون مین اپنا منشا ظاہر کرین اسکی طرف توجہ نہین ہی اگر یہ حضرات تھوڑی سی توجہ فرمائین تو سب کام بآسانی ہو سکتا ہی۔

یہان مدراس مین دنیوی تعلیم کی کیا حالت ہی وہ بھی نہایت ہی مایوسی بخش ہی میرے دوست مسٹر حیدری نے اس پر مبسوط لکھ دیا ہی۔ اسلیئے مین اسوقت اس پر تقریر نہ کرونگا۔

حضرات! ہم شمالی ہندوستان کے مسلمانون کو اپنی غفلتون کا احساس ہوا اور تلافی مافات کے لیے علما کا ایک مشورہ گاہ قرار پایا جس کو ندوۃ العلما کہتے ہین اور باتفاق رائے یہ امر طے پایا کہ موجودہ نصاب تعلیم کی تھیوری بدلنا چاہیے مگر ہم بوڑھون کی پرانی مشق کا چھوٹنا اور جدید طرز پر آنا ایک امر محال سمجھا گیا اسیلیے ایک دارالعلوم کی ضرورت پڑی کہ جسکے ذریعہ سے نئے پودے لگائے جائین، اور حسب منشا و مراد ہمارے وہ بار آور ہون اور پھولین پھلین اور ملک و ملت کو فائدہ پہونچائین یہ وہی دارالعلوم ندوۃ العلما ہی جسکے چند فرزند آپکے سامنے موجود ہین۔ اس دارالعلوم کے چار چیز اہم مقاصد ہین۔

(۱) مغربی علوم کو مشرقی جامہ پہنانا۔

(۲) عربی لٹریچر کو اعلیٰ پیمانے پر پہونچانا جس سے عربی زبان مین اپنی دیسی زبان کیطرح سے لکھنے پڑھنے کی قدرت ہو اور قرآن و حدیث کو محققانہ طور سے سمجھنے لگین۔

(۳) جدید علم کلام کی بنیاد ڈالی جائے تاکہ اسلام پر جو بیرونی حملہ ہو اسکو بخوبی روک سکین۔

(۴) تاریخ و سیر اور اپنے بزرگون کے کارنامے سے آگاہی۔

مین ہر ایک مقصد پر اور ضرورت پر کافی بحث کرسکتا ہون مگر قلت کی معذرت کرتا ہون ع

این زمان بگذار تا وقتے دگر

معہذا کچھ کچھ عرض کیئے دیتا ہون۔

(۱) مغربی اور مشرقی علوم کے ایتلاف کی ضرورت میری تمہیدی تقریر مین موجود ہے۔

(۲) اب عربی لٹریچر کی ضرورت کو سنئے ایک مدت سے ہندوستان مین علم معقولات کا وہ غلغلہ بلند ہوا کہ لوگون نے عربیت کی طرف توجہ کم کردی، عالم و فاضل ہوجاتے ہین مگر چار سطر عربی لکھنا اور بولنا ان کو نہین آتا بجز قال اقول اور کان یکون کے مصر کے عربی اخبارات اگر پڑھنا چاہین تو

اس کی سمجھ سے قاصر اب عربی کی زبان کے مختلف انداز ہو گئے ہین بولنے چالنے کی اور زبان ہے۔ لکھنے پڑھنے کی اور زبان ہے اخبار کے آرٹیکلون کی اور زبان ہے، فقط کتابی عربی اور تاریخی تھیوری اور مقامات حریری کا پڑھا ہوا آدمی ان نئے اندازون پر قادر نہین ہو سکتا علاوہ ازین یورپ کے اصطلاحات اور اُن کے طرز معاشرت کے خلط ملط سے عربی زبان مین نئے الفاظ و محاورات کا ذخیرہ جمع ہو گیا پس ہمین ضرور ہے کہ تبادلہ خیالات کے لیے تمام عربی شعبون سے واقفیت ہو اور خدا کے فضل سے ہمارے دار العلوم کو اس مقصد مین کامیابی ہوئی اور امید سے زیادہ کامیابی ہوئی ہمارے ابنائے دار العلوم بے تکلف عربی زبان مین وعظ کر سکتے ہین، لیکچر دے سکتے ہین اور نظم و نثر مین بہت اچھی طرح سے وہ مہارت رکھتے ہین اسوقت بھی اگر آپ چاہین تو ہم نمونہ پیش کر سکتے ہین۔

جدید علم کلام

حضرات! اسلام وہ مدلل و مبرہن مذہب ہے جسکو عقل سلیم بہت جلد قبول کر سکتی ہے بخلاف دیگر مذاہب کے کہ ان کو تاویلات کے ساتھ بھی اپنی بے عقلی کا اقرار کرنا پڑتا ہے اسیلیے اسلام نے کبھی کسی مذہب و اہل مذہب کو مُنھ نہین لگایا کیا تثلیث والے توحید کے مقابلہ مین پانچ منٹ بھی ٹھہر سکتے ہین ایک صاف دماغ مین نکتہ توحید کے سوا ایک مثلث غیر متساوی الاضلاع خدائی سما سکتی ہے لا واللہ لا وبعد علی ہذا القیاس بچھتر کرور معبودون کے ماننے والے کیا ایک ذات واحد کی پرستش کرنے والون کے مباحثہ مین ٹھہر سکتے ہین لا واللہ لا واللہ۔

اسی لیے ہمارے اسلام نے اُن کو قابل خطاب نہ سمجھا ہان اگر اسلام کے مقابلے مین اپنے پُر زور دلائل کے لشکر لے کر کوئی سامنے آ کر کھڑا ہو تو وہ فلسفہ اور سائنس ہے بس اسی لیے ہمارے حکمائے اسلام اس کے دوش بدوش ہوئے اور کبھی اس کے زیر کرنے کی فکر سے غافل نہ رہے

جسنے امام غزالی اور امام رازی کے تصانیف پڑھے ہین وہ خوب سمجھتے ہین کہ ان لوگون نے فلسفہ پر کیسا معقول قبضہ کیا اور اس کو اپنا بنا لیا پھر کوئی وجہ نہین ہی کہ اس زمانے کا موجودہ سائنس اور فلسفہ ہمارے قبضہ مین نہ آسکے اور اس کو ہم اپنا نہ بنالین۔

اسلام ایک وہ مضبوط مذہب ہی۔ کہ

العروۃ الوثقی لا انفصام لھا

کچا دھاگا نہین ہی کہ جھٹ سے ٹوٹ جائے۔

اکتشافات جدیدہ اگر اس پر غور کیا جائے اسلامی عقاید اور قواعد کی بنیاد دین مضبوط کر رہے ہین بیس برس قبل حضرت سلیمان علیہ السلام کے تخت کی وہ سیر کہ قرآن نے جسکو فرمایا

غدوھا شھر و رواحھا شھر

اسکو سیاہ و سفید موٹی عقل جھٹلاتی تھی اور طبیعیات کے قاعدہ سے یہ واقعہ غلط بتایا جاتا تھا۔ مگر آج ایروپلین کی جھون جھون اور ٹن ٹن نے ان کی عقل کے کان کھول دئے افسوس میرے بزرگ سر سید احمد خان اس زمانے مین زندہ نہ رہے ورنہ مین جھک جھک کر سلام کرتا اور دیگر منکرین کو اب بھی مین یہ کہتا ہون کہ ذرا جنگ کو ختم ہونے دیجئے آپ کو تخت سلیمان پر بہت سویرے برک فاسٹ کے بعد پائے تخت دہلی سے سوار کرون گا، اور پشاور مین تھوڑی دیر ٹھہر کر لنچ پر بٹھاؤنگا پھر آگے لیجا کر بخارا مین ڈنر پر بٹھا دون گا، اور اسیطرح سے چوتھے یا پانچوین دن آپ کو لندن پہونچا کر بلند آواز سے آپ کے کان مین کہونگا،

انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم

غدوھا شھر و رواحھا شھر

اسپر بھی کوئی نہ مانے تو مین یہ پڑھون گا

صم بکم عمی فھم لا یرجعون

الغرض آج علمی دنیا کے اکتشافات اسلام کی صداقت کو صاف بتارہے ہین جیسے جیسے سائنس اور فلسفہ ترقی کرے گا، اور نئے نئے اکتشافات ہوتے جائین گے، اسلام کی بنیاد مضبوط ہوتی جائے گی، اور مخالفین کے بیجا حملے سست پڑجائین گے، پس ملاحدہ آریہ و نیچریہ کے بیجا شبہات سے بچنے کے لیے ہم کو جدید کلام کی ضرورت ہی مگر مین نہایت افسوس سے کہتا ہون کہ ہمارے دار العلوم کو اِس مقصد مین ابھی نصف کامیابی بھی نہین ہوئی ہی، اور اِس تعویق کی وجہ کو مین اِس وقت بیان کرنا غیر مناسب سمجھتا ہون،

ولعل اللہ یحدث بعد ذلک امرا

تاریخ و سیر

حضرات! دنیا مین کوئی قوم ہو اُس کے اُبھرنے کا بہترین طریقہ یہ ہی کہ اُس کے اگلے بزرگون کے کارنامے اُس کے سامنے پیش کیے جائین۔ اور ان کی محنت اور جانفشانی اور حریت اور صبر و استقلال اُن کو بتایا جائے اور میرے خیال مین اِن امور مین جسقدر ذخیرہ ہم مسلمانونکے پاس ہی کسی دوسرے کے پاس نہین مگر وائے بدبختی او رہمارے بدنصیبی کہ ہم اپنے رسول کی سچی لائیف سے بھی واقف نہین، آگرہ مین دو مولوی صاحب اِس بات پر لڑ رہے تھے کہ غزوہ بدر پہلے ہی غزوہ احد ایک صاحب فرما رہے تھے کہ دیکھو۔ صحیح بخاری مین پہلے بدر کا ذکر ہی دوسرے صاحب فرماتے ہین کہ تقدیم ذکر کی وجہ سے وہ حقیقت مین مقدم نہین ہوسکتا بخاری نے کہین صاف لفظون سے نہین کہا ہی کہ اول الغزوۃ بدر، مین نے کہا آپ دونون بھولے اول الغزوۃ یرموک اِس پر بھی وہ نہ سمجھے۔ اور میرے اِس جملہ کو بھی کوئی روایت نا معقول سمجھے، اللہ اللہ! یہ ہمارے تغافل کی انتہا ہی۔

صاحبو! اب البتہ چند دنون سے احوال اور سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف توجہ ہو چلی ہے اور اُس طرف میرا رجحان پیدا ہوا ہے، مگر ابھی تک یہ بالکل ناکافی ہے، خدا سے پاک اس مین اور زیادہ ترقی دے حقیقت یہ ہے کہ اس طرف ہمین توجہ دلانے والے انگریزی دان برادر ہین ورنہ اس علم کو تو ہم مولوی بالکل کھو بیٹھے تھے، اور اس لیے ہمین اُن انگریزی دانون کا شکرگذار ہونا چاہیے۔ برادران اِسی سلسلہ مین یہ بھی سُن لو کہ ہم سے تاریخ ابھی تک بالکل گم ہے مختصر توجہ ہرگز کارآمد نہین ہو سکتی ہم لوگون کو اسطرف بہت زیادہ توجہ کرنا چاہیئے۔

حاضرین جلسہ، مین ڈھاکہ یونیورسٹی کمیٹی کا ممبر ہوا، اثنائے کمیٹی مین جب عربی نصاب کے متعلق بحث چھڑی ہوئی تھی تو پرنسپل صاحب نے مجھ سے فرمایا کہ ہندوستان کی تاریخ جو زبان عربی ہو نصاب مین داخل کیجیئے، اب مین علامہ شبلی کا مُنھ دیکھتا، اور وہ مجھے دیکھتے! آخر مین جب دو بارہ سہ بارہ پرنسپل صاحب نے کہا تو مجبوری مین نے اُٹھ کر اُن سے کہا، کہ افسوس عربی زبان مین کوئی تاریخ ہندوستان کی ابھی تک نہین لکھی گئی، جسپر وہ سخت متعجب و متحیر ہو کر رہ گئے!

انا للہ وانا الیہ راجعون

مسلمانو! یہ کیسے سخت صدمہ کی بات ہے کہ آٹھ سو برس تک یہان مسلمان برسر حکومت رہے مگر اب تک باوجود عربی درس وتدریس کے کوئی تاریخ ہندوستان عربی زبان مین نہین لکھی گئی، خیر جو کچھ ہوا سو ہوا گذشتہ را صلوات اب ہمین اُسکی طرف توجہ کرنی چاہیئے مشکل کام انسان سے حل ہوتا ہے۔ اسی لیے صاحبو ہم جماعت علماء و مولویان نے ندوۃ العلماء کے ذریعہ اس بات کی ہمت کرلی ہے کہ جہانتک ممکن ہو تاریخ دانی کو اور خاصکر مذہبی تاریخ سے قوم کے ہونہار بچون کو آراستہ و پیراستہ کردین تاکہ تاریخی غلط الزام جو غیر قومین ہم کو دیا کرتی ہین اُس کا بخوبی دفعیہ ہو سکے، الحمد للہ کہ ہمارے دار العلوم کو اس مقصد مین بہت جلد کامیابی ہوئی اور ہمارے لڑکے تاریخ وسیر مین محققانہ پایہ رکھتے ہین جسطرح چاہیئے اس کا امتحان کر لیجیے،

خطبۂ صدارت کے ختم ہونے پر محترم صدر نے بعض دوسرے مسائل پر بھی گفتگو کی اور اسی سلسلہ مین قدیم و جدید تعلیم کا موازنہ کیا اور یہ نصیحت کی کہ قدیم و جدید تعلیم یافتہ اصحاب کو باہم مل کر کام کرنا چاہیئے تاکہ دونون ایک دوسرے کے معلومات سے فائدہ حاصل کرین اور ہر شخص باہمی مصالحت سے اپنے منصب کے فرائض انجام دے یعنی علما بحیثیت ایک مذہبی رہنما و لیڈر کے تسلیم کیئے جائین اور جدید تعلیم یافتہ اصحاب دنیوی امور مین مسلمانون کی رہنمائی کرین آپ نے فرمایا کہ جب تک یہ دونون گروہ ایک دوسرے سے نفرت کرتے رہین گے اور معاندانہ نکتہ چینی و مخالفت کا سلسلہ جاری رہیگا اس وقت تک مسلمانون کو کسی قسم کا فائدہ نہین پہونچے گا بلکہ قوم کی رفتار ترقی رک جائے گی۔

غرض محترم صدر نے اسی مسئلہ پر دیر تک تقریر کی جو اپنی روانی و سلاست کی وجہ سے قلمبند نہ کی جاسکی، اُس کے بعد جناب مولانا حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما نے حسب ذیل سالانہ رپورٹ اجلاس مین پیش کی جسکو مولوی غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلما نے نہایت بلند آواز سے پڑھ کر سنایا۔

رپورٹ جناب مولانا حکیم سید عبدالحی صاحب ناظم ندوۃ العلما

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وصلی اللہ علی سیدنا و مولانا محمد و آلہ و صحبہ وسلم

جناب صدر انجمن!! ارکان ندوۃ العلما!! اعیان مدراس!!! ندوۃ العلما کا یہ سولھوان سالانہ جلسہ ہی جو آپ کے شہر مین منعقد ہوا ہی اس سے پہلے ۱۳۲۱ھ مین ندوۃ العلما کا اجلاس دہم اسی شہر مین ہوچکا ہی اور جو واقعات اُس زمانہ مین پیش آئے تھے وہ ابتک ہماری آنکھون کے سامنے ہین آپنے باوجود عام مخالفت کے جو حقوق میزبانی ادا کیئے تھے اور جس طور پر اپنے عزم و استقلال کا ثبوت دیا تھا اُس کی یاد ہمارے دلون سے کبھی دور نہین ہوسکتی آپ کی محبت و ہمدردی کا ہم نے دوسرے

مقامات پر بارہا تذکرہ کیا ہی اور آپ کے معین الندوہ نے ابتداے قیام سے ابتک جو وقتاً فوقتاً ہم کو
مدد دی ہی اُس کو ہم نے ہمیشہ بطور نمونہ کے دوسری جگہ پیش کیا ہی۔

ہم کو اس بات سے بہت مسرت ہی کہ اِس مرتبہ ہمارا مدراس کا آنا پہلے بار کے آنے سے بہت سی
باتون کے لحاظ سے مختلف شکل رکھتا ہی،

پہلے بار جب ہم آئے تھے تو گو ہمارے عزیز ترین مقصد "اصلاح و ترقی تعلیم" نے عملی شکل اختیار کر لی تھی
مگر اُس وقت دار العلوم ابتدائی حالت مین تھا، شہر لکھنؤ کے بعض تنگ کوچون مین ایک ذرا سا کرایہ
مکان تھا جس مین مدرسہ بھی تھا اور دار الاقامہ بھی، درجہ ابتدائی کھل چکا تھا، اور درجہ متوسط کی صرف
دو جماعتین اُس وقت تعلیم پا رہی تھین، عربی کے ساتھ اُس وقت انگریزی زبان لازمی نہین کی گئی
تھی، آمدنی کا مدار غیر مستقل چندون پر تھا، جسکی مقدار چھ سات ہزار روپیہ سے زیادہ نہ تھی، ملک مین ندوۃ العلما
کے خلاف ایک عظیم الشان طوفان موجزن تھا، ارکان ندوۃ العلما نے ایسی اہم ذمہ داری اپنے سر لی تھی
جو بجاے خود امید و بیم کی حالت پیدا کر دینے والی تھی، نصاب درس و طریقہ تعلیم کا جو تقریباً دو سو برس سے
عمل مین آرہا ہو دفعتہً بدل دینا بڑی ذمہ داری کا کام تھا، مگر چونکہ اُن کو اِس بات کا پورا یقین ہم اسا
ہو چکا تھا اور احساس کے بعد اطمینان بھی حاصل تھا کہ قوم کی فلاح دنیا کا مدار زیادہ تر اِس بات پر ہی
کہ اب ایسے علما ملک مین پیدا ہون جو اپنا اعتبار از سرِ نو قائم کرین اور کافی طور پر مسلمانون کی رہبری
کر سکین، جس وقت تک افراد قوم مغربی علوم و فنون سے واقف نہین تھے اُس وقت تک پُرانے مدرسون کے
نکلے ہوے فاضل ملک و قوم کو مخاطب کرنے کی اہلیت رکھتے تھے آج جبکہ ایک ایک بچہ علوم جدیدہ کو
حاصل کرنے پر تُلا ہوا ہی تو یہ ناممکن ہی کہ وہ پُرانے طریقہ استدلال پر قانع ہو سکے،

یہ ایسا منصوبہ تھا جسپر خدا کی عنایت سے ہم قائم رہے، آندھیان آئین، طوفان اُٹھے زلزلون نے
ہمارے منصوبون کو خاک مین ملا دینا چاہا یہان تک کہ خود آپکے شہر مدراس مین کیا کچھ نہین ہوا، ان واقعات

کو آپ بھولے نہون گے اور ہم تو اُسکو بھول نہین سکتے اِس واسطے کہ ہماری زندگی کا یہ ایک قابل فخر کارنامہ ہی مگر صاحبو! ان طوفانون کا ہم نے مقابلہ کیا اور بارہ برس کے بعد ہم پھر آپ کے شہر مین آئے ہین اسوقت ہماری حالت پہلے سے کسی قدر بہتر ہی،

ہم کو عمارت دار العلوم کے واسطے شہر کے بہترین حصّہ مین جو لکھنؤ کا علمی مرکز سمجھا جاتا ہی تقریباً تیس بگہ زمین گورنمنٹ عالیہ کی عنایت سے حاصل ہوئی اور جناب بیگم صاحبہ بھاولپور دام اقبالہا نے پچاس ہزار روپیہ عمارت دار العلوم کے واسطے عنایت فرمایا جس سے ایک عالیشان عمارت تیار کی گئی اور تقریباً اسی ہزار روپیہ اُس پر صرف ہو چکا ہی یہ عمارت اگرچہ ابتک نامکمل ہی اور تقریباً تینتیس ہزار روپیہ اُس کی تکمیل کے لیے ہنوز درکار ہی مگر جسقدر حصّے اسکے تیار ہو چکے ہین وہ کام دے رہے ہین یہ عمارت دو منزلی ہی جسمین تیئیس کمرے اور ایک نہایت شاندار ہال ہی جو باعتبار وسعت کے علیگڈہ کے اسٹریچی ہال سے کسی قدر زیادہ ہی اور اگر لکھنؤ مین ندوۃ العلما کے سالانہ جلسے کبھی ہون تو صرف دار العلوم کی عمارت مہمانون کی آسائش اور اجلاس کے لیے کافی ہو سکتی ہی۔

تقریباً تین سال سے دار العلوم اُسی عمارت مین ہی اور چونکہ ابتک دار الاقامہ تیار نہین ہوا لہذا اُسکے نصف حصّہ مین طلبہ رہتے ہین اور نصف مین تعلیم ہوتی ہی، دار العلوم سے کچھ فاصلہ پر ایک عارضی مکان باورچی خانہ اور کھانا کھلانے کے لیے تیار کرا لیا گیا ہی اور ہم کو خوشی ہی کہ مدراس کے نامور ممبر آنریبل مسٹر یعقوب حسن صاحب سیٹھ چند روز پیشتر لکھنؤ جا چکے ہین اور وہ اسکی تصدیق کر سکتے ہین، دار العلوم کی عمارت کا نقشہ ملاحظہ ہو۔ جسقدر سیاہ روشنائی سے بنایا گیا ہی یہ سب مکمل عمارت کا نقشہ ہی اور جسقدر سُرخ روشنائی سے کھینچا گیا ہی وہ ہنوز نامکمل ہی اور اِس بات کا محتاج ہی کہ اولو العزم اور فیاض طبیعت مسلمان اُس کو نظر توجہ سے ملاحظہ فرمائین (یہ نقشہ جلسہ گاہ مین مناسب موقع پر آویزان تھا)

ہم جسوقت پہلے بار آپ کے یہان آئے تھے تو اسوقت دار العلوم اور ندوۃ العلما کے تمام صیغون مین مصارف سالانہ تقریباً دس ہزار روپے تھے اور اب اس سال جو تخمینہ جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۱۸۔ مارچ ۱۹۱۰ء مین طے ہوا ہی وہ بتیس ہزار ایک سو چھبیس روپیہ تین آنہ پانچ پائی کا ہی جو سنہ گذشتہ سے کچھ زیادہ ہی ہی اُسوقت ہماری آمدنی کا مدار تمامتر غیر معین چندون پر تھا، اگرچہ اب بھی مصارف کا زیادہ حصّہ غیر معین چندون سے پورا ہوتا ہی تاہم ہمکو شکر گذاری کے ساتھ اس بات کا اعتراف کرنا چاہیئے کہ تقریباً سترہ ہزار روپیہ کی آمدنی مستقل ہی جسمین ہماری مہربان گورنمنٹ عالیہ برطانیہ دامت سلطنتہا چھ ہزار روپیہ سالانہ گورنمنٹ گرانٹ ان ایڈ کی شکل مین ہم کو عنایت فرماتی ہی اور علیا حضرت سرکار عالیہ بھوپال خلد اللہ ملکہا تین ہزار روپیہ سالانہ دار العلوم کو عنایت فرماتی ہین اسکے علاوہ کچھ مستقل چندے وظائف طلبائے غیر مستطیع کے لیے ہم کو فیاض مسلمانون سے حاصل ہوتے ہین، جنمین آپکے مدراس کے چندے بھی شریک ہین اور ہم خوشی کے ساتھ اس بات کا اعتراف کرتے ہین کہ آپ کے چندے ہم کو اُسوقت سے مل رہے ہین جبکہ پہلے بار ہم آپ کی مہمان نوازی سے مسرور ہوے تھے کچھ روپیہ ہم کو جائداد ون کی آمدنی سے حاصل ہوتا ہی اور اگر وقف کرنال کے مقدمہ مین پریوی کونسل سے بھی کامیابی ہوگئی تو ہماری مستقل آمدنی مین کسی قدر اور اضافہ ہوجائے گا،

گر صاحبو! مجھ کو اجازت دیجیے کہ مین اسی موقع پر آپ سے یہ بھی عرض کر دون کہ ایسی حالت مین جبکہ ندوۃ العلما کا تخمینہ مصارف مبلغ ۳۲۱۲۶/۳/۵ کا قرار پایا ہی یہ امر کسی طرح تشفی بخش نہین ہو سکتا کہ اُس کی مستقل آمدنی کم و بیش تین ہزار روپیہ ہو، اسکے یہ معنی ہین کہ تقریباً بیس ہزار روپیہ کے واسطے ہم کو مسلمانون کی جیب و دامن کی آزمائش کرنی پڑے گی اور ممکن ہی کہ اُسکے کرنے مین ہم کو سخت زحمتین برداشت کرنی پڑین جیسا کہ سال گذشتہ کا تجربہ ہم کو بتا رہا ہی جب تک کہ ندوۃ العلما کی مستقل آمدنی اس قدر نہو جائے کہ اسکی روز افزون ضرورتون کو پورا کر سکے اسوقت تک اطمینان نہین ہو سکتا۔

بہرحال ندوۃ العلما نے باوجود چند در چند رکاوٹون کے اپنی علمی زندگی مین برابر پیشقدمی کی اور سنین گذشتہ مین اُسنے دار العلوم کو ایک اسکول کے درجہ سے ترقی دے کر کالج کے درجہ تک پہونچا دیا، مین نے ابھی بیان کیا ہی کہ جب ہم پہلے بار مدراس مین آئے ہین تو اُس وقت تک درجہ ابتدائی کھل چکا تھا اور درجہ متوسط کی صرف دو جماعتین کام کر رہی تھین اُسکے بعد سے سال بسال درجے بڑھتے گئے یہان تک کہ ہشت سالہ خواندگی کا پورا انتظام مکمل ہو گیا یعنی درجہ ابتدائی کی تین جماعتین اور درجہ متوسط کی پانچ جماعتین قائم ہو گئین اور چند روز مین خدا کے فضل سے درجہ تکمیل بھی کھول دیا گیا جسکی خواندگی دو سال کی ہی اور اُس درجہ مین مختلف فنون ادب، حدیث اور کلام کی تکمیل جاری ہی

اسوقت تک بہت سے طلبہ فارغ التحصیل ہو کر نکل چکے ہین اور انھون نے خود اپنی علمی قابلیت اور ضرورت شناسی کی وجہ سے اپنے آپ کو ملک مین روشناس کرا دیا ہی اُنکے لیے اسبات کی ضرورت نہین کہ اُن کا تعارف آپ سے کراؤن، وہ دار العلوم سے نکلتے ہی اپنی علمی کارگذاریون کی بدولت معروف و مشہور ہو چکے ہین۔ آپ نے سُنا ہو گا کہ اعظم گڈھ مین **دار المصنفین** کے نام سے ایک انسٹیٹیوشن قائم ہوا ہی وہ ہمارے مدرسہ کے متخرجین کا کارنامہ ہی، **مولوی سید سلیمان صاحب ندوی** اُسکے سکرٹری ہین، **مولوی مسعود علی صاحب** منتظم ہین، اور **مولوی سید سلیمان صاحب و مولوی عبد السلام صاحب و مولوی حاجی معین الدین صاحب** وغیرہ تصنیف و تالیف کے کام مین مصروف ہین، **سیرۃ نبوی** کا کام علامہ شبلی مرحوم نے شروع کیا تھا پانچ جلدون مین سے صرف ایک جلد وہ تیار کر چکے تھے کہ داعی اجل کو لبیک کہنے کا وقت آ گیا، اب اُس کی تکمیل کا دار المصنفین نے بیڑہ اُٹھایا ہی، دو جلدین اسکی انھون نے اور تیار کر لی ہین سیر الصحابہ کے نام سے ایک بڑی ضخیم کتاب لکھی جا رہی ہی جس کا مقدمہ مولوی عبد السلام

عبدالسّلام صاحب نے ایسا لکھا ہی جو اشاعت کے بعد زمانہ حال کی بہترین تصنیف سمجھا جائیگا مولوی عبدالسّلام صاحب نے اِسکے علاوہ سَرتطور الامم کا ترجمہ بھی کیا ہی جو عنقریب شائع ہوگا، مولوی سید سلیمان صاحب نے دروس الادبؔ لغات جدیدہؔ ارض القرآن وغیرہ تصنیفات کے علاوہ اُم المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی سیرت لکھی ہی جو عنقریب شائع ہوگی علاوہ اِسکے المعارف کے نام سے ایک ماہوار رسالہ بھی وہان سے نکلتا ہی جو علمی مضامین کے اعتبار سے ہندوستان کا بےنظیر رسالہ ہی۔

چند لوگون نے سرائے میر ضلع اعظم گڈہ مین ایک مدرسہ بھی قائم کیا ہی جو دارالعلوم کے نصاب درس وطریقہ تعلیم کا نمونہ ہی اُسکے مدرس اول ہمارے دارالعلوم کے متخرج مولوی شبلی صاحب ندوی ہین اور اب مولوی عبدالرحمان صاحب نگرامی متخرج دارالعلوم بھی اُسی مدرسہ مین بُلالیئے گئے ہین کچھ زمانہ گزرتا ہی کہ یہ لوگ ہندوستان کے نامور مدرسین مین شمار کیے جائین گے۔

ہمارے دارالعلوم کے ایک متخرج مولوی ضیاءالحسن صاحب ایم اے ہین جنھون نے شروع سے آخر تک دارالعلوم مین تعلیم پانے کے بعد علیگڈھ کالج مین ایم اے تک کامیابی حاصل کی۔ اب اُن کو گورنمنٹ عالیہ نے ممالک متحدہ کے عربی مدارس کا انسپکٹر مقرر فرمایا ہی۔

دارالعلوم کے چند فارغ التحصیل رنگون مین ہین اور انھون نے علوم وفنون اسلامیہ کی ترقی کے خیال سے اُردو زبان کی ترویج کی کوششین کین جسمین وہ ایک حد تک کامیاب ہوچکے ہین اور اُسکے بعد لائبریری قائم کی ہی اُنمین سے ایک مولوی سید ابوظفر صاحب بہاری آجکل برہمی زبان سیکھ رہے ہین تاکہ اُس مُلک مین اشاعت اسلام کی خدمت انجام دین علاوہ اُنکے مفتی محمد یوسف صاحب انصاری، مولوی محمد یوسف صاحب منطقی

حافظ فضل الرحمن صاحب اور مولوی عبدالودود صاحب دار العلوم سے فارغ التحصیل ہوکر اُسی دار العلوم کے مدرس مقرر کیے گئے ہین اور اپنے کار مفوضہ کو نہایت خوش اسلوبی سے انجام دے رہے ہین، مولوی عبدالغفور صاحب نے دفتر ندوۃ العلما کی خدمت پسند کی اور مُجھکو خوشی ہی کہ وہ اِس خدمت کا حق نہایت محنت اور جانفشانی سے پورا کررہے ہین، مولوی محمد اکرام اللہ خان صاحب الندوہ کے اڈیٹر ہین اُن کو روشناس کرنے کی ضرورت نہین جنھون نے اُنکے مضامین دیکھے ہین وہ خود اِس بات کا اندازہ کرسکتے ہین کہ وہ کِس قابلیت سے اِس کام کو کررہے ہین،

مولوی خواجہ عبدالواجد صاحب اپنے زمانہ طالب علمی مین ہمارے دار العلوم کے بہترین طلبہ مین شمار کیے جاتے تھے وہ آجکل کلکتہ کے امپیریل لائبریری مین کام کررہے ہین۔ مولوی عبدالباری صاحب پونہ کالج مین اسسٹنٹ پروفیسر ہین۔ مولوی سید نجم الہدیٰ صاحب بہاری مولوی قمرالدین صاحب الوی، مولوی سید عبدالمتین صاحب دسنوی۔ مولوی سید عبدالحفیظ صاحب وبعض دیگر متخرجین دار العلوم مختلف مقامات کے گورنمنٹ اسکولون مین ہیڈ مولوی وسیکنڈ مولوی ہین اور ہمارے دار العلوم کے ایک پُرانے طالب العلم مولوی خلیل بن محمد صاحب عرب مدرسہ عالیہ کلکتہ مین فن ادب کے مدرس ہین اور مسٹر ہارسلے پرنسپل مدرسہ عالیہ نے جس وقت لکھنؤ آکر دار العلوم کا معائنہ فرمایا ہی تو مولوی خلیل صاحب کا خاص طور پر معائنہ کی کتاب مین تذکرہ کیا ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ ہمارے عزیزون نے کس طور پر علمی کامون مین اپنی دلچسپی کا اظہار کیا ہی اور بغیر کسی خارجی اثر کے خود اپنے علمی شوق کی وجہ سے اُنھون نے اپنے لیے کیسی راہین پیدا کری ہین۔ کچھ ایسے بھی ہین جو یہان سے فارغ التحصیل ہونے کے بعد طب کی طرف متوجہ ہوے اور چند روز کی مشق وتجربہ کے بعد مختلف مقامات پر کامیابی کے

ساتھ اس خدمت کو انجام دے رہے ہین از انجملہ مولوی حکیم رکن الدین صاحب سہسرامی کلکتہ مین مولوی حکیم عبدالباری صاحب پورنیہ مین مولوی حکیم محمد یعسوب صاحب مونگیر مین مولوی حکیم مظہر قدیم صاحب ملے بریلی مین مولوی محمد خلیل صاحب رنگون مین اور مولوی حکیم سید ممیز الدین صاحب انبالہ مین نہایت ہوشمندی اور قابلیت سے مطلب کر رہے ہین -

مین نے چند ایسے متخرجین دار العلوم کا آپ کے سامنے تذکرہ کیا ہی جو یہان سے نکلنے کے بعد علمی خدمتون مین مشغول ہو گئے ہین ورنہ اُنکے علاوہ بہت سے فرزندان ندوہ ہین جو ضروریات زندگی کی مختلف شاخون مین مصروف کار ہو گئے ہین کچھ ایسے ہین جو یہان سے نکل کر انگریزی اسکولون اور کالجون مین داخل ہو گئے ہین وہان سے کامیاب ہونے کے بعد اگر زمانہ نے مساعدت کی تو یہی لوگ ہندوستان کے درخشندہ گوہر سمجھے جائینگے -

حضرات و ارکان ندوۃ العلما کو اس بات کا سخت افسوس ہی کہ اس بارہ برس کے عرصہ مین بہت سے ناگوار تغیرات بھی ظہور پذیر ہوے ہین کتنے حضرات تھے جنھون نے ہمیشہ ندوۃ العلما کا کام دلاویزی کے ساتھ انجام دیا اور اسکو بقدر امکان ہر طرح کی مدد دی وہ اب ہم مین نہین ہین -

اسی مدرسہ کے تعلقات کے لحاظ سے الحاج عبد الملک بادشاہ صاحب کو ہماری آنکھین ڈھونڈھتی ہین اور اُنکی نمایان خدمتین ہم کو یاد آتی ہین مگر افسوس ہی کہ وہ اب ہم مین نہین ہین -

ہمارے ارکان خاص مین علامہ شبلی شمس العلما مولوی عبد الحق مولوی مسیح الزمان خان وغیرہ جو مدرسہ کے پچھلے جلسہ مین شریک تھے اور ندوۃ العلما کے دست و بازو سمجھے جاتے تھے وہ ہم سے جدا ہو گئے - یہ لوگ اب ہم مین نہین ہین مگر اُنکی یاد ہمارے دلون مین تازہ ہی اور ندوۃ العلما کے صفحات تاریخ ہمیشہ اُنکی یاد تازہ رکھینگے، ہم اُنکے لیے دعا کرتے ہین کہ اللہ تعالے اپنے فضل و کرم سے ہمیشہ اُن کو اپنے جوار رحمت مین رکھے،

جناب صدر انجمن ۹ مجھ کو بحیثیت ناظم ندوۃ العلما کے صرف سال گذشتہ کے کارروائی اس موقع پر بیان کرنی چاہیئے تھی مگر جو واقعات مدراس سے ندوۃ العلما کو بارہ برس پیشتر حاصل ہو چکے ہین ان کا اقتضا یہ تھا کہ اس بارہ برس کی مدت مین ندوۃ العلما نے اپنے فرائض مین جو تھوڑی بہت کامیابی حاصل کی ہو اُس کا مختصر سا تبصرہ کر دیا جائے تاکہ میزبانان مدراس کو یہ معلوم ہو کہ اس مدت مین ہم خاموش نہین رہے اور ہم نے جو وعدے اُن سے کیے تھے اُن کو نہین بھولے‘ اِس معذرت کے ساتھ مین سال زیر بیان کی کارروائی جناب کی خدمت مین پیش کرنے کی اجازت چاہتا ہون۔

ندوۃ العلما

سال گذشتہ مین ندوۃ العلما کا اجلاس پانزدہم پونا مین ۲۲-۲۳-۲۴-اپریل سنہ ۱۹۱۶ء کو منعقد ہوا تھا اور اسمین علاوہ تعزیت وتہنیت کی تجویزون کے تین تجویزین نہایت ضروری منظور ہوئی تھین

(۱) یہ جلسہ تجویز کرتا ہو کہ پونہ مین ایک انجمن معین الندوہ کے نام سے قائم کی جائے اور اُس انجمن کی ماتحتی مین ایک ابتدائی اسکول قائم کیا جائے جسمین ندوۃ العلما کے تجویز کردہ نصاب کے مطابق تعلیم ہو اور بعد کامیابی رفتہ رفتہ اسی نمونہ کے اسکول دیگر مقامات پر قائم کیے جائین

(۲) یہ جلسہ احاطہ بمبئی کے مسلمانون کو توجہ دلاتا ہو کہ اپنے احاطہ کے چند ہونہار مسلمان بچون کو دار العلوم لکھنؤ مین عربی و دینی علوم کی کامل تحصیل کے لیے بھیجین اور اُسکے لیے ایک چندہ وظائف قائم کرین تاکہ وہ وہان سے واپس آکر اپنے ملک کی بہترین خدمت انجام دے سکین۔

(۳) یہ جلسہ اُن تجویزون کی تجدید کرتا ہو جو اجلاس چہاردہم ندوۃ العلما مین بابتہ تکمیل دار العلوم وتعمیر دار الاقامہ ومسجد وکتب خانہ کے منظور ہو چکی ہین۔"

یہ تجویزین جیسی کچھ ضروری اور اہم ہین وہ آپ کو معلوم ہین مگر افسوس ہو کہ عملی کارروائی ان کی

بمنزلہ نہونے کے ہوئین نے جلسہ کے بعد خود عمائدین پونہ سے معین الندوہ کے قائم کرنے کے متعلق گفتگو
کی اور وہان سے آنے کے بعد مولانا غلام محمد صاحب شملوی کو بھیجا وہ کئی مہینہ تک مسلسل
اس کی کوشش کرتے رہے، مولوی عبدالباری صاحب اسسٹنٹ پروفیسر پونا کالج
کو جو ہمارے دارالعلوم کے متخرج ہین توجہ دلائی گئی وہان کے حضرات کو خطوط بھیجے گئے مگر کئی مہینون
کے جد و جہد کا بھی کوئی نتیجہ نہین نکلا۔

تجویز نمبر ۲۔ ایک حد تک ہم لوگون کے کرنے کی تھی اسواسطے ہم نے مولانا غلام محمد صاحب
مدوح کو جبکہ وہ پونا مین تھے اُس کی طرف توجہ دلائی اور انھون نے دو لڑکے وہان سے منتخب کر کے بھیجے
جن کو ہم نے وظائف دیکر دارالعلوم مین داخل کر دیا ہی اور وہ زیر تعلیم ہین۔

تجویز نمبر ۳ کے متعلق جلسہ مین بہت کم چندہ ہوا کچھ نقد کچھ موعود اور افسوس ہی کہ موعودہ رقم ابھی
تک کچھ باقی ہی جو وصول نہین ہوئی، جلسہ کے بعد وکلائے ندوۃ العلما نے مختلف مقامات کے دورے کئے
مگر جنگ کے اثر نے کچھ مفید نتیجہ نکلنے نہین دیا ان مسلسل ناکامیون کا نتیجہ یہ ہی کہ دارالعلوم ہنوز نامکمل ہی،
دارالاقامہ کی تعمیر شروع نہین ہوئی مسجد کا کام شروع ہونے کو تھا مگر سرمایہ کی کمی سے اُسمین بھی
ابھی تک ہاتھ نہین لگایا گیا۔

آپ کو معلوم ہی کہ دارالعلوم جس زمین پر بنایا گیا ہی وہ ہم کو گورنمنٹ عالیہ نے چھ روپیہ بیگہ کے
حساب سے لگان پر عطا کیا ہی چونکہ ایسی زمین پر شرعاً مسجد نہین بنائی جا سکتی اسواسطے ہم نے پہلے
اس بات کی کوشش کی کہ اُسکے متصل کوئی قطعہ زمین کا بقیمت ہم کو مل جائے تو اُسپر مسجد بنائین
مگر اُس مین ناکامی ہوئی اِس واسطے ہم نے گورنمنٹ عالیہ سے درخواست کی کہ وہ اس قدر
قطعہ زمین کا جو مسجد کی ضرورتون کے لیے کافی ہو ہم کو ہبہ فرمادے چنانچہ عالیجناب نواب
لفٹننٹ گورنر ممالک متحدہ دام اقبالہ نے ہماری درخواست کو شرف قبولیت عطا فرمایا اور

۲۲۲ فٹ زمین ۳۵ فٹ طول مین ۸۰ فٹ عرض مین ہم کو عنایت فرمائی اور اُس کا نقشہ اور استمیٹ تیار کر لیا گیا ہے اور داغ بیل پڑ چکی ہے۔ اب اہل کرم کی فیاضی کا انتظار ہے مین نے سال گذشتہ کی رپورٹ مین بیان کیا تھا کہ ۵ مارچ ۱۹۱۶ء کو جناب نواب سر جیمس مسٹن لفٹنٹ گورنر بہادر دام اقبالہ بہ نفس نفیس دار العلوم کے معائنہ کے واسطے تشریف لائے تھے جناب ممدوح نے روانہ ہوتے وقت ناظم ندوۃ العلما کو حاضر ہونے کے لیے ارشاد فرمایا تھا۔ اُس زمانہ مین جلسہ پونا کا کام چھڑا ہوا تھا اِس وجہ سے مین حاضر نہین ہو سکا۔ پونہ سے واپس آنے کے بعد مین نے حاضری کی اجازت چاہی اور جناب ممدوح کی اجازت سے جناب خان بہادر کرنل محمد عبد المجید خان صاحب حامی ندوۃ العلما جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رکن انتظامی اور خاکسار نینی تال مین باریابی سے مشرف ہوے جناب ممدوح نے ندوۃ العلما اور دار العلوم کے ساتھ اپنی دلآویزی کا اظہار فرمایا اور اُنکے مقاصد و اغراض سے کامل ہمدردی ظاہر کرتے ہوے ہر طرح کی مدد دینے کا اقرار فرمایا اور دار العلوم کو جلد سے جلد تکمل کر دینے کی خواہش فرمائی اور ارشاد کیا کہ تکمیل دار العلوم کا اسٹمیٹ و نقشہ اُنکی خدمت مین بھیجا جائے جو محض ضروری ضروری کامون پر مشتمل ہو جس کا مقصد یہ تھا کہ ہز آنر نے دار العلوم کی تکمیل مین کافی مدد دینے کا ارادہ فرما لیا تھا مگر ذرائع امداد کے متعلق گفتگو ہونے کے بعد فرمایا کہ لکھنؤ مین مجھ کو یاد دہانی کیجاے۔

اسی سفر مین صاحب ڈائرکٹر ممالک متحدہ کی خدمت مین بھی مجھکو اور جناب منشی محمد احتشام علی صاحب کو حاضری کا اتفاق ہوا تھا اور اُن سے بھی دار العلوم پر دیر تک گفتگو رہی، ۹ جون ۱۹۱۶ء کو میرے پاس ایک چٹھی نمبری ۲۳۹ صاحب ڈائرکٹر صیغہ تعلیم کی موصول ہوئی اُسمین جناب ممدوح نے اس بات پر آمادگی ظاہر فرمائی کہ اگر ارکان ندوۃ العلما اس بات کو منظور کرین کہ وہ ایک خاص نقشہ کے موافق بائیس ہزار روپیہ کی لاگت سے دار الاقامہ تیار کرین گے

تو گورنمنٹ اُن کو ازراہ مہربانی پندرہ ہزار روپیہ عنایت فرمائے گی یہ چٹھی ۹ ستمبر ۱۹۱۶ء کے جلسہ انتظامیہ مین پیش ہوئی اور یہ طے ہوا کہ ڈائرکٹر بہادر کی خدمت مین گورنمنٹ کی اس توجہ اور مہربانی کا شکریہ ادا کیا جائے اور یہ استدعا کی جائے کہ وہ اس عطیہ کو تکمیل دارالعلوم کے واسطے عنایت فرمائین چنانچہ اس مضمون کی چٹھی اُنکی خدمت مین بھیجدی گئی ہے اُس کا جواب ہنوز موصول نہین ہوا

جب ہز آنر بالقابہ لکھنؤ تشریف لائے تو جناب منشی محمد احتشام علی صاحب نے باریابی حاصل کر کے یاددہانی کی ہز آنر نے فرمایا کہ اُنکی خدمت مین میموریل بھیجا جائے چنانچہ ۱۰ جنوری ۱۹۱۷ء کو منظوری جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۲۱ دسمبر ۱۹۱۶ء ارکان انتظامیہ کی جانب سے میموریل بھیجا گیا اور اُسمین تفصیل کے ساتھ اپنی تمام ضرورتین عرض کی گئین، ہم کو کامل توقع تھی کہ ہز آنر ہماری درخواست کو شرف پذیرائی عنایت فرمائین گے مگر افسوس ہے کہ جنگ کی وجہ سے اس قدر جلد جلد حالات بدلتے رہتے ہین کہ ائندہ کی کسی بات پر بھروسہ نہین کیا جاسکتا، ہز آنر نے ہمارے میموریل کے جواب مین دلی ہمدردی ظاہر کرتے ہوئے حالت موجودہ مین مدد دینے سے معذرت ظاہر فرمائی اور اس طرح ہماری یہ امید بھی جاتی رہی،

حضرات! باوجود ان تمام دشواریون اور مایوسیون کے ہم نے جدوجہد مین کوئی کمی نہین کی ندوۃ العلما کا اثر از سر نو پیدا کرنے کے لیئے ملک کے با اثر حضرات سے خط وکتابت کی گئی وکلا روانہ کئے گئے، ارکان انتظامیہ کو بار بار توجہ دلائی گئی، دوران سال مین تقریباً تین تین مہینہ کے بعد مجلس انتظامی کے چار اجلاس اور مجلس نظامت کے دس اجلاس منعقد ہوئے اور ارکان انتظامیہ نے توجہ اور دلچسپی سے سب کام انجام دیئے کبھی یہ نہین ہوا کہ کورم پورا نہونے کی وجہ سے جلسہ نہو سکا ہو، جیسا کہ ہندوستان کے دیگر مجالس مین اکثر ہوا کرتا ہے اور خود ندوۃ العلما مین اس سے پہلے کئی بار ہو چکا ہے یہ بات اس کی دلیل ہے کہ پہلے سے زیادہ ارکان کو ندوۃ العلما کے ساتھ دلچسپی پیدا

ہوگئی ہے۔

اِس سال جناب بابو نظام الدین صاحب آنریری مجسٹریٹ امرتسر کی توجہ اور مہربانی سے امرتسر مین از سرِ نو معین الندوہ قائم ہوئی اور خوشی کی بات ہے کہ ارکان و عہدہ داران معین الندوہ دلآویزی کے ساتھ کام کر رہے ہین۔

ندوۃ العلماء کے صیغہ تعمیر کا کام بہت عرصہ سے بند ہوا اور جناب منشی محمد احتشام علی صاحب رئیس کاکوری سکرٹری تعمیرات اِس عہدہ سے بہت زمانہ ہوا مستعفی ہو چکے ہین اِس سال اِس عہدہ پر نواب سیّد علی حسن خان صاحب بہادر کا انتخاب کیا گیا اور اُنکی مدد کے واسطے خواجہ سیّد رشید الدین حسین صاحب جوائنٹ سکرٹری منتخب کئے گئے۔

نواب صاحب ممدوح نے بحیثیت معتمد مال و معتمد صیغہ تعمیر صیغہ مال و صیغہ تعمیر کے علیحدہ علیحدہ ضوابط تیار کئے ہین جنمین ضابطہ تعمیرات جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۱۹- مارچ ۱۹۱۷ء مین بعد غور و بحث کے طے ہو کر منظور ہو گیا ہے اور ضابطہ مال ایک مجلس ماتحت کے سپرد (بغرض غور و بحث) کر دیا گیا ہے نیز نقشہاے کتب حساب ایک دوسری مجلس ماتحت کے سپرد کیے گئے ہین امید ہے کہ آئندہ جلسہ انتظامیہ مین یہ دونون چیزین طے ہو جائینگی۔

ضابطہ تعمیرات کی منظوری کے علاوہ جو کام صیغہ تعمیر مین ہوے ہین وہ حسب مندرجہ ذیل ہین

(۱) جلسہ انتظامیہ منعقدہ ۱۷- دسمبر ۱۹۱۶ء مین طے ہوا کہ آیندہ سے کام ذریعہ ٹھیکہ کسی ماہر انجینیر کی نگرانی مین ہوا کرے اور سامان مصالحہ بطور امانی خریدا جائے اِس سے مقصود یہ تھا کہ مستقل عملہ تعمیر کی بچت رہے گی اور کام اصولِ فن تعمیر کے موافق ہوگا، اِس تجویز کے موافق مسٹر محمد احسن الزمان سندیافتہ کویرزیل کالج سے جو دولت آصفیہ حیدر آباد مین مدت تک کار تعمیر انجام دے کر اب لکھنؤ مین کار و بار کرتے ہین خط و کتابت کی گئی اور جناب ممدوح نے از راہ ہمدردی کار ملنے قبل کی

انجام دہی کا معاوضہ پانچ فیصدی منظور فرمایا (الف) تیاری نقشہ جات ڈزائن اسکیچ و ٹمیٹ (ب) جانچ و نگرانی کار ٹھیکہ دار وغیرہ (ج) پیمائش کار ٹھیکہ دار (د) جانچ اشیاء تعمیر (ہ) تیاری بل، یہ بھی طے ہو گیا ہو کہ فیس ہمیشہ ختم کار کے وقت دی جائے گی

(۲) حسب ذیل نقشہاے عمارات دار العلوم نہایت محنت سے مرتب کیے گئے جنکی ساخت مین کفایت شعاری، استحکام، سادگی اور عربی طرز عمارت ملحوظ رکھی گئی ہو (الف) نقشہ تقسیم عمارات اراضی دار العلوم نقشہ مسجد، مسجد نبوی علی صاحبہ الصلوٰۃ و السلام کے نمونہ پر جو نہایت واضح و تفصیلی بنایا گیا ہو اور اُسکے اجزا، گنبد، مینار، محراب، اور پھاٹک کے جُدا جُدا نقشے بناے گئے ہین (ج) نقشہ کتب خانہ جو دار العلوم کے جانب شرق مسجد کے مقابل تجویز کیا گیا ہو (د) نقشہ دار الاقامہ مع عمارات ملحقہ مثلاً دیبشیہ وغیرہ دو منزلہ یہ عمارت تین حصون پر تقسیم کی گئی ہو، اُس کا درمیانی حصّہ دار العلوم کے محاذ مین ہوگا اور دو دیگر حصّے شرقاً و غرباً مین ہونگے سمت شمال پھاٹک مع بنگلہ ہو اور وسط مین حوض فوارہ، چمن اور سڑکین ہونگی، دار العلوم اور دار الاقامہ کی مابین اراضی طلبہ کی ورزش کے لیے چھوڑی جائے گی پوری تفصیل اُسکے ضمیمہ رپوٹ اور نقشون کے معائنہ سے معلوم ہو سکتی ہو جو چھپوا کر آویزان کر دیے گئے ہین (۳) سال زیر بیان مین منجملہ کارہاے تعمیر کے حسب مندرجہ ذیل کام انجام دیے گئے ہین۔ (الف) سفیدی دار العلوم و مرمت باورچیخانہ و دار الطعام وغیرہ (ب) کمرہ ہاے دار العلوم مین ۲۶ جوڑ دروازے لگائے گئے اور ۴۸ جوڑ کھڑکیان اور ۶ عدد چوکھٹ بازو اور ۴۲ عدد کھڑکیان روشندانون مین لگائی گئین۔

(ج) دار العلوم کے ہال اور برآمدہ مین گٹی کٹوا کر زمین کو فی الجملہ مضبوط کر دیا گیا ہو (د) بسلسلہ تعمیر مسجد مطبخ و دار الطعام کہنہ کی عمارت اپنے موقع سے ہٹائی گئی اور زمین ہموار کر کے مسجد کی داغ بیل ڈالی گئی اور اسی سلسلہ مین خدا کے بھروسہ پر آغاز کار کر دیا گیا ہو، اب ضرورت اس بات کی ہو کہ آپ ہماری

حوصلہ افزائی فرمائیے اور فراخ دلی سے ہم کو مدد دیجئے۔

دار العلوم

مثلِ سال گذشتہ کے اس سال بھی دار العلوم کی طرف ارکان انتظامیہ نے زیادہ توجہ مبذول کی سب سے پہلے نصاب درس پر غور کیا گیا ۱-۲ اپریل ۱۹۱۶ء کے جلسہ انتظامیہ مین مجلس علما اصلاح نصاب کے واسطے قائم کی گئی اور ہندوستان کے چیدہ اشخاص جو تعلیمی کامون مین مہارت رکھتے ہین اس مجلس کے ممبر نامزد کیے گئے قبل اسکے کہ مجلس علما کا کوئی جلسہ منعقد کیا جائے ناظم ندوۃ العلما نے مہتمم دار العلوم سے خواہش کی کہ وہ مدرسین دار العلوم سے نصاب زیر درس کے متعلق رپورٹین حاصل کر کے مع اپنی یادداشت کے بھیجین ان رپورٹون کے آنے کے بعد اُنکی متعدد کاپیان مع نصاب زیر درس کے ہر ایک ممبر کو بھیجدی گئین تاکہ وہ پہلے سے اُس پر تیار ہو جائین اُسکے بعد دسمبر ۱۹۱۶ء مین جلسہ منعقد کیا گیا اور تمام کتابین جن پر بحث ہونی چاہیئے تھی موجود کر دی گئی نیز مدرسین دار العلوم کو موقع دیا گیا کہ وہ اس مجلس مین شریک ہو کر اپنے خیالات ظاہر فرمائین چنانچہ اس طریقہ سے مسلسل کئی روز کی نشست اور غور و بحث کے بعد نصاب مرتب کیا گیا جو امید ہے کہ دار العلوم کے مقاصد و اغراض کے لحاظ سے بہترین نصاب ہو گا۔ اس نصاب کو دورانِ سال مین نافذ کرنا مناسب نہ تھا اس واسطے قرار دیا گیا ہے کہ شوال ۱۳۳۵ھ سے جو تعلیمی سال کے آغاز کا زمانہ ہے اُسکے موافق تعلیم دی جائے گی۔

اس نصاب کی متعدد خصوصیتون مین سے بڑی خصوصیت یہ ہے کہ ہشت سالہ خواندگی مین سے پہلے اور دوسرے درجہ سے انگریزی تعلیم نکال ڈالی گئی ہے کیونکہ دو دو مشکل زبانون کے سیکھنے کا بار چھوٹے چھوٹے بچون پر ناقابل برداشت تھا اور نتیجہ اُس کا یہ ہوتا تھا کہ ابتدا ذہنی کمزوری

تھی پھر آخر تک یہ بگاڑ انکی استعداد دن مین باقی رہتا تھا ایک خصوصیت اس نصاب کی یہ ہی کہ اُسکو قابل تحمل بنانے پر زیادہ کوشش کی گئی ہی تاکہ عربی اور انگریزی کے ایکساتھ پڑھنے اور دونون پر برابر محنت کرنے سے اُنکے قولے دماغی پر مُضر اثر نہ پڑے جو زمانہ حاضرہ مین انگریزی تعلیم کا لازمی نتیجہ ہوگیا ہی ایک خصوصیت اسکی یہ ہی کہ باوجود اُسکے ہلکے کیئے جانے کے ادب اور دینیات کا معیار تعلیم بہت بلند کردیا گیا ہی ایک خصوصیت اس نصاب کی یہ ہو کہ بعض ضروری ضروری فنون جو اب تک کسی وجہ سے چھوٹے ہوے تھے کے لیے بھی اس مین گنجائش نکالی گئی اور فن مناظرہ و ہیئت کی تعلیم بھی داخل نصاب کردیگئی علاوہ اسکے اور بھی خصوصیتین ہین جو انشاءاللہ تعالیٰ ظاہر ہونگی۔

مگر صاحبو! صرف نصاب کی مناسب ترتیب کافی نہین ہی۔ اسکے ساتھ طریقہ تعلیم کو بھی دخل ہی اس لیے ارکان ندوۃ العلما نے مدرسین دار العلوم کے انتخاب مین پوری پوری جدوجہد کی ہی اور بہترین لوگون کو اس کام کے لیے منتخب کیا ہی اور صرف ونحو کے درجہ کے لیے ایک مدرس کو کافی نہین سمجھا اس سال ایک مدرس کا اور اضافہ کردیا ہی جس سے امید ہو کہ چھوٹے بچون کی تعلیمی پرداخت بہ نسبت پہلے کے اب زیادہ ہوسکے گی۔

بہ نسبت سال گذشتہ کے اس سال طلبہ کی تعداد بھی بڑھ گئی ہی اور اگر ندوۃ العلما مین طالب علمون کے رہنے کی زیادہ گنجائش ہوتی اور دار الاقامہ بن چکا ہوتا تو دوچند وسہ چند طلبہ لیئے جاسکتے تھے۔ تاہم بہ نسبت سال گذشتہ کے اس سال چالیس طلبہ کا اضافہ ہوا ہی پچھلے سال اپریل ۱۹۱۶ء تک ستر طلبہ درج رجسٹر ہوے تھے اور اس سال اب تک ایک سو طالب العلمون کا نام درج رجسٹر ہوچکا ہی جن کی اوسط حاضری ۹۴ ہی ان مین ۵۹ طلبہ دار الاقامہ مین رہتے ہین اور ۲۵ طلبہ کو ندوۃ العلما کی جانب سے وظیفہ دیا جاتا ہی۔

گوشوارہ حساب آمد وصرف ندوۃ العلماء ودار العلوم

من ابتدائے یکم اپریل سنہ ۱۹۱۶ء لغایت ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۷ء

نمبر	تفصیل مدات آمدنی	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی
١	٢	٣	۴	٥
	بقایا ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۱۶ء	[illegible]	٣	١٠ پائی
	تحویل بنک آف بنگال [illegible] ١٢/١٠			
	تحویل سرمایہ محفوظ [illegible] ٥/٦			
	تحویل معتمد صاحب ١/٦ پائی			
١	تعلیم دار العلوم	[illegible]	١٥	٠
٢	وظائف طلبہ	[illegible]	١١	٠
٣	انعام تفسیر وحدیث	[illegible]		
۴	چندہ تعمیر مسجد	[illegible]	٠	٠
٥	چندہ تعمیر دار الاقامہ	[illegible]	١٥	٧ پائی
٦	عام اغراض ندوۃ العلماء	[illegible]	١۴	٣ پائی
٧	چندہ رکنیت	[illegible]	٠	٠
٨	امانت	[illegible]	١٣	١ پائی
٩	زکوٰۃ	[illegible]	٠	٠
١٠	فروخت کتب۔ کتب خانہ	[illegible]	٨	٠
١١	فروخت کتب روئداد	[illegible]	٥	٠
١٢	رسالہ الندوہ	[illegible]	١٠	٠
١٣	چندہ تکمیل عمارت دار العلوم	[illegible]	١٢	٣ پائی
١۴	محمد ہاشم بہاری متعلم دار العلوم	[illegible]	٠	٠
١٥	متفرقات ندوۃ العلماء	٠	٩	٠
	میزان صفحہ	[illegible]	١	٢ پائی

نمبر	تفصیل مدات خرچ	مقدار: روپیہ	آنہ	پائی
١	٢	٣	۴	٥
٢	تنخواہ ملازمین دار العلوم	[illegible]	۴	٩ پائی
٢	وظائف طلبائے غیر مستطیع	[illegible]	١۴	٠
٣	ڈاک دار العلوم	[illegible]	١۴	٦ پائی
۴	طبع دار العلوم	[illegible]	١٣	٦ پائی
٥	خرید کتب درسیہ	[illegible]	٣	٠
٦	لگان اراضی نزول دار العلوم	[illegible]	١	٢ پائی
٧	دار الاقامہ	[illegible]	۴	٠
٨	طبع پرچہ امتحان دار العلوم	[illegible]	١	٠
٩	کتب خانہ دار العلوم	[illegible]	١	٠
١٠	مرمت وصفائی دار العلوم	[illegible]	١٣	٣ پائی
١١	تنخواہ وکلاء دار العلوم	[illegible]	٠	٦ پائی
١٢	تنخواہ ملازمین دفتر ندوۃ العلماء	[illegible]	٨	٨ پائی
١٣	سفر خرچ وکلاء	[illegible]	١	٩ پائی
١۴	سفر خرچ عہدہ داران	[illegible]	٨	٩ پائی
١٥	طبع ندوۃ العلماء	[illegible]	١١	٠
١٦	ڈاک ندوۃ العلماء	[illegible]	٦	٦ پائی
١٧	متفرقات وسائر خرچ ندوۃ العلماء	[illegible]	١۴	٩ پائی
١٨	مصارف جلسہ سالانہ ندوۃ العلماء	[illegible]	٣	١٠ پائی
١٩	مہمانداری ندوۃ العلماء	[illegible]	١٢	٦ پائی
	میزان صفحہ	[illegible]	١٠	٥ پائی

نمبر	تفصیل مدات آمدنی	مقدار روپیہ	آنہ	پائی
۱	۲	۳	۴	۵
	میزان صفحہ سابق	[illegible]	۱/	۲
۱۶	دارالاقامہ	[illegible]	۸/	۱
۱۷	لگان اراضی نزول	[illegible]	۰	۰
۱۸	واپسی ڈاک	۰	۰	۰
	میزان اصل آمدنی	[illegible]	۱۰/	۱
	واپسی حسب الخرچ	[illegible]	۵/	۰
	میزان سال حال	[illegible]	۱۵/	۱
	میزان کل سال حال مع بقایا سابق تا ۳۱ مارچ ۱۹۱۶ء	[illegible]	۲/	۱
	دستخط محمد علی معتمد مال			

نمبر	تفصیل مدات خرچ	مقدار روپیہ	آنہ	پائی
۱	۲	۳	۴	۵
	میزان صفحہ سابق	[illegible]	۱۰/	۵
۲۰	امانت	[illegible]	۱۰/	۱۰
۲۱	سید محمد ہاشم بہاری متعلم	[illegible]	۰	۰
۲۲	متفرقات و سائر خرچ دار العلوم	[illegible]	۰	۹
۲۳	زکوٰۃ	[illegible]	۸/	۰
۲۴	رسالہ الندوہ	[illegible]	۷/	۰
۲۵	تعمیر دار العلوم	[illegible]	۱۴/	۱۱
۲۶	سفر خرچ دار العلوم	[illegible]	۴/	۲
۲۷	خرید فرنیچر دار العلوم	[illegible]	۹/	۰
۲۸	میزان کل اصل مصارف	[illegible]	۱/	۵
۲۹	حسب الخرچ	[illegible]	۱۱/	۱۱
۳۰	میزان کل مصارف	[illegible]	۱۳/	۴
۳۱	بقایا ۳۱ مارچ ۱۹۱۶ء	[illegible]	۵/	۷
۳۲	تحویل بنک آف بنگال لکھنؤ [illegible]			
۳۳	تحویل معتمد صاحب مال ۱۵/ ۹			
	میزان کل	[illegible]	۲/	۱۱
	محمد علی حسن (معتمد مال)			

نقل تنقیح جناب مولوی نظام الدین حسن صاحب بی اے بی ایل منقح حسابات ندوۃ العلما

(متعلق گوشوارہ آمد و صرف ندوۃ العلما من ابتدائے یکم اپریل ۱۹۱۶ء لغایت ۳۱ مارچ ۱۹۱۷ء)

گوشوارہ سالانہ بابتہ سنین ۱۹۱۶ و ۱۹۱۷ء لغایتہ ۳۱ مارچ ۱۹۱۷ء حسب تنقیح من درست ہین جلد طبع ہوکر شائع کیا جائے

نظام الدین حسن بی-اے بی ایل
منقح حسابات ندوۃ العلما لکھنؤ۔

رپورٹ ختم ہونے پر جناب مولوی عبد اللہ احمد صاحب نے تحریک کی رپورٹ منظور کی جائے جسکی تائید آنریبل سیٹھ یعقوب حسن صاحب نے کی اور رپورٹ بالاتفاق منظور کی گئی، بعد ازان جناب صدر انجمن کی طرف سے تجویز نمبر ۱ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی گئی۔

"اس جلسہ کی رائے مین مسلمان باشندگان ہند کو جو گورنمنٹ برطانیہ کے زیر سایہ امن و امان سے زندگی بسر کر رہے ہین لازم ہے کہ موجودہ زمانہ مین بھی اپنے وفادارانہ طریق عمل کو قائم رکھین"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوئے جناب صدر انجمن نے مختصر تقریر فرمائی جس کا ماحصل حسب ذیل ہے۔

آپ نے فرمایا کہ اسلام نے ہم کو تہذیب و امتیاز مدارج کی تعلیم دی ہے اسی لیے بچے والدین کا اور چھوٹے پیرانہ سال بزرگون کا ادب کرتے ہین اگرچہ اس زمانہ کی یہ کیفیت ہے کہ بچہ ہر چیز کی علت و سبب دریافت کرتا ہے اگر یہی لیل و نہار رہا تو خدا حافظ ہے، بہرحال مسلمانون کو معلوم ہونا چاہیئے کہ اُن کو حکام کی اطاعت و وفاداری کی تعلیم دی گئی ہے یعنی یہ بتایا گیا ہے کہ جس گورنمنٹ کے ماتحت ہو اُسکی اطاعت کرو اور اگر تمکو کوئی شکایت ہے تو اُسکو ادب و شائستگی سے پیش کرو واقعہ ہجرت حبشہ سے اسلام کے طریق عمل کا اندازہ ہوسکتا ہے غرض ہر حکومت و گورنمنٹ کے ماتحت وفادارانہ زندگی ہمارا طریق عمل

ہونا چاہیئے اسکے لیئے کسی رزولیوشن کی مطلق حاجت نہ تھی لیکن چونکہ آجکل زمانہ بھرمین آگ لگی ہوئی ہی اور عناصر اربعہ باہم مصروف پیکار ہین اور لوگ ترمیہم بحجارۃ کا مصداق بن رہے ہین اور گورنمنٹ کے مشکلات مین اضافہ ہوگیا ہی اس لیئے گورنمنٹ کی مصروفیت کے زمانہ مین امن وامان کا قائم رکھنا ہمارا فرض ہی یعنی اس موقع پر امن وامان قائم رکھنے مین ہم کو گورنمنٹ کی مدد کرنا چاہیئے. لہذا ہم اپنا فرض سمجھتے ہین کہ لوگون کو قیام امن و وفادارانہ طرزعمل اختیار کرنے کی ترغیب دین۔

مذکورۂ بالا تقریر کو لوگون نے عام طور پر پسند کیا اور تجویز نمبر(۱) بالاتفاق منظور کی گئی۔

اسکے بعد آنریبل یعقوب حسن سیٹھ صاحب نے منجانب آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحیم صاحب بیان کیا کہ ۳ بجے سہ پہر کو ندوۃ العلماء کے پنڈال مین انجمن تعلیمی جنوبی ہند کا سالانہ اجلاس منعقد ہوگا۔ چنانچہ یہ اجلاس زیر صدارت آنریبل مسٹر جسٹس عبدالرحیم صاحب منعقد ہوا جسکے حالات ہم عدم گنجائش کی وجہ سے ندوۃ العلما کی سالانہ روداد مین شایع کرنے سے معذور ہین

افتتاحی اجلاس ختم ہونے سے پہلے لارڈ پنٹلینڈ گورنر مدراس کی چٹھی حاضرین کو سُنائی گئی جسکا ترجمہ حسب ذیل ہی۔

ترجمہ چٹھی پرائیوٹ سکرٹری گورنر مدراس

مورخہ ۵۔ اپریل ۱۹۱۷ء

جناب من! بجواب اس عنایت آمیز دعوت کے جو آپ نے ہز اکسلنسی کو جلسہ ندوۃ العلماء کی شرکت یا اُسکے افتتاح کے لیے دی تھی، مین ہز اکسلنسی کے رنج کا اظہار کرتا ہون کہ پبلک کامون اور دوسرے کامون کا اتنا بار اُن پر ہوگیا ہی کہ اسمین اضافہ کرنا ممکن نہین۔

مین آپ سے استدعا کرتا ہون کہ آپ جلسہ ندوۃ العلما مین ہز اکسلنسی کی بہی خواہی اور اُنکی اس توقع کا اظہار کردین کہ ہز اکسلنسی یہ چاہتے ہین کہ اس جلسہ سے اراکین ندوۃ العلماء کے توقعات پورے ہون

مندرجہ بالا چٹھی سُنانے کے بعد ندوۃ العلما کا افتتاحی جلسہ ایک بجے ختم ہوا اس اجلاس مین مسٹر ایف آر ٹیج کمشنر پولیس اور مسٹر باوانندم سپلے اسسٹنٹ کمشنر پولیس آخر تک شریک رہے۔

شب کو حسب دستور عام جلسہ وعظ منعقد ہوا جسمین ہزارون مسلمان شریک تھے۔

دوسرا اجلاس

۸- اپریل ۱۹۱۷ء مطابق ۱۵ جمادی الاخری ۱۳۳۵ھ روز یکشنبہ

۹ بجے صبح سے ۱ بجے تک

سب سے پہلے مولوی حسین میان صاحب خلف مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب پھلواروی نے قرآن مجید کی تلاوت کی اُسکے بعد جناب مولوی حکیم سید فخرالدین صاحب فخری میلاپوری نے تجویز نمبر ۱ حسب ذیل الفاظ مین پیش کی۔

"یہ جلسہ جناب نواب وقارالملک بہادر کے انتقال پرملال کو قومی مصیبت خیال کرتے ہوئے اپنے دلی رنج وتاسف کو ظاہر کرتا ہوا یہ تجویز کرتا ہو کہ نواب صاحب مرحوم کے لیے دعاے مغفرت اور اُنکے پسماندون سے دلی ہمدردی ظاہر کیجاے"

اس تجویز کو پیش کرتے ہوے محرک نے نواب صاحب مرحوم کے فضائل ومحاسن کا ذکر کیا اور فرمایا کہ وہ ہماری قوم کے نہایت ممتاز ونامور شخص تھے اور کالج مین مذہبی رنگ پیدا کرنے اور دینداری کے پھیلانے مین اُنھون نے نہایت سعی وکوشش کی۔

مولوی عبداللہ احمد صاحب محافظ حجاج نے اسکی تائید کی اور تمام حاضرین نے مرحوم کے لیے دعاے مغفرت مانگی اسکے بعد جناب مولوی محی الدین صاحب جیدہ نے تجویز نمبر ۲ حسب ذیل الفاظ مین

پیش کی :-

"یہ جلسہ جناب مولانا مفتی محمد لطف اللہ صاحب علیگڈھی کی وفات پر اپنے دلی رنج و افسوس کا اظہار کرتے ہوے تجویز کرتا ہو کہ اُنکے لیے دعاے مغفرت اور اُنکے پسماندون سے اظہار ہمدردی کیا جاے"

اِس تجویز کو پیش کرتے ہوے فاضل محرک نے بیان کیا کہ میرے ذمہ ایک دردناک فرض مقرر کیا گیا ہو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہماری زبان مین ایک لفظ احساس ہو جو ہمارے تعلقات رشتہ داری و شاگردی و استادی کو شامل ہو، اِس احساس کی بدولت انسان انسان بن سکتا ہو اور یہ احساس زندگی کے ساتھ منقطع نہین ہوجاتا بلکہ مرنے کے بعد بھی باقی رہتا ہو' اسی احساس کا اثر ہو کہ ندوۃ العلماء نے اپنا فرض خیال کیا کہ وہ مرحوم کی تعزیت کا رزولیوشن پاس کرے' اگر آپ مولانا مرحوم کے حالات زندگی پر غور کرین تو آپکو معلوم ہوگا کہ انکو ندوۃ العلماء سے کیا علاقہ ہو ندوۃ العلماء سے علاقہ رکھنا گویا تمام ہندوستان کے مسلمانون سے علاقہ رکھنا ہو۔ مولانا مرحوم کو تمام ہندوستان اور جنوبی ہند سے خاص تعلق تھا یہان جو علم کی نہرین جاری ہین اُن کا سرچشمہ مولانا مرحوم ہی کی ذات مبارک تھی' مدراس کے پہلے اجلاس کے موقع پر مجکو کچھ شکوک تھے ناظم ندوۃ العلما نے اُن کا عمدگی سے ازالہ کیا لیکن پھر مولانا ممدوح نے اِس طریقہ سے سمجھایا کہ مین سمجھ گیا، اگر مین مولانا ممدوح کی زیادہ تعریف کرونگا تو وہ سلسلہ تلمذ کی وجہ سے سمجھی جائے گی۔ لیکن مشک آنست کہ خود ببوید، علما ہماری قوم کی آباے روحانی ہین اِس لیے قابل عزت ہین۔ لہذا مین تحریک کرتا ہون کہ اِس تجویز کو پاس کیا جائے۔

مولانا غلام محمد صاحب شملوی نے اس تجویز کی تائید کرتے ہوے فرمایا کہ فاضل ویلور نے جو تجویز پیش کی ہو مین اُسکی تائید کے لیے کھڑا ہوا ہون مین یہ بتانا چاہتا ہون کہ مولانا مرحوم کو ندوۃ العلماء سے کیا تعلق تھا؟ حضرت مولانا ممدوح درحقیقت بانیان ندوہ مین سے ہین' اور اُنکو ندوۃ العلماء سے جو تعلق تھا اُسکو الفاظ مین ظاہر کرنا دشوار ہو اگرچہ موت العالِم موت العالَم عام طور پر مشہور ہو لیکن مولانا مرحوم درحقیقت اسکے صحیح مصداق تھے

مین مدت تک اُنکی صحبت مین رہا ہون اور اُنکے محاسن و کمالات سے واقفیت حاصل کرنے کا مجکو موقع ملا ہی مین نے کبھی اُنکی مجلس مین بدگوئی نہین سنی جب کبھی کفر کا فتویٰ اُنکے سامنے پیش ہوتا تھا تو وہ اُسپر دستخط نہین فرماتے تھے۔ مولانا مرحوم بذات خود ایک یونیورسٹی تھے ہندوستان کے تمام نامور علما اُنکے سلسلۂ تلمذ مین داخل ہین و بانیان ندوۃ العلما مین بھی قریباً ہر شخص کو اُنکے سلسلۂ تلمذ مین داخل ہونیکا شرف حاصل تھا۔ اُنکی وفات پر اظہار رنج والم اس لیے کیا جاتا ہی کہ لوگون کے دلون مین احساس پیدا ہو۔ غرض مین نہایت جوش سے اِس تجویز کی تائید کرتا ہون، چنانچہ یہ تجویز بالاتفاق منظور ہوئی۔

اسکے بعد مولانا غلام محمد صاحب فاضل ہوشیارپوری نے تجویز نمبر ۲ پیش کی جسکے الفاظ حسب ذیل ہین:

"یہ جلسہ شمس العلما مولانا عبدالوہاب صاحب بہاری، شمس العلما مولانا غلام رسول صاحب مدراسی اور مولانا مرتضیٰ صاحب مدراسی کی وفات پر اپنے دلی رنج و ملال کا اظہار کرتے ہوے اُنکے لیے دعاے مغفرت کی تحریک کرتا ہی"

اِس تجویز کو پیش کرتے ہوے محرک نے بیان کیا " احضرات اگرچہ مخلوقات پر اللہ جل شانہ کی نعمتین بے شمار ہین لیکن سب سے بڑی نعمت علم ہی علم ایسی نعمت ہی کہ جس سے انسان خود بھی لطف و سرور حاصل کرتا ہی۔ اور دوسرون کو بھی فائدہ پہونچاتا ہی۔ ایک مفلوک الحال عالم جو کنج تنہائی مین بیٹھا ہوا مطالعہ کتب کرتا ہی یا مباحثہ و مذاکرہ سے جو لُطف حاصل کرتا ہی وہ سلاطین کو بھی میسّر نہین ہی۔ اِس لیے علماے ربانی کا دنیا سے اُٹھ جانا ایک ایسا واقعہ ہی جس پر ہر شخص کو ماتم کرنا چاہیے۔ چونکہ وقت کم ہی اسلیے مین کوئی طویل تقریر نہین کرون گا، مجکو اُمید ہی کہ آپ اِس تجویز کی تائید کرین گے،

مولوی شاہ نظام الدین صاحب جھجری نے اِس تجویز کی تائید کرتے ہوے فرمایا حضرات! آج کا اجلاس صبح سے مجلس ماتم بنا ہوا ہی، داستان رنج والم کچھ اسطرح چھڑی ہی کہ ختم ہونے پر نہین آتی۔

ہمارے محترم علما جو اس مجلس کی زینت ہوا کرتے تھے ہم سے رخصت ہو رہے ہین، اب اُنکی صورتین کہین نظر نہین آتین ؎

ڈھونڈین اُنھی کس دیس بستیان ہین + اب جنکے دیکھنے کو آنکھین ترستیان ہین

مدراس کے دونون بزرگ علماء کے بعد مولانا عبدالوہاب صاحب بہاری تیسرے بزرگ تھے جن کا ہم ماتم کر رہے ہین، اُن کی وفات ایک ناقابل برداشت صدمہ ہے، افسوس کہ ہم مین سے جو اُٹھ جاتا ہے وہ اپنا کوئی قائم مقام نہین چھوڑتا چونکہ اِن بزرگون کی وفات سے مسلمانون کو نقصان پہونچا ہے، اس لیے مین نہایت صدق دل سے اِس تجویز کی تائید کرتا ہون آپ حضرات بھی اِن بزرگون کے لیے دعاے مغفرت کیجیے۔

یہ تجویز بالاتفاق پاس ہوئی اور ان سب بزرگون کے لیے دعاے مغفرت مانگی گئی۔

بعد ازان مولوی عبدالمجید صاحب شرر ایڈیٹر قومی رپورٹ نے تجویز نمبر ۵ پیش کی جو پرچہ نظام اوقات مین نمبر ۵ پر درج تھی۔ اس تجویز کے الفاظ حسب ذیل ہین۔

”ندوۃ العلما کا یہ جلسہ تحریک کرتا ہے کہ سرکاری اور امدادی اسکولون اور کالجون مین مسلمانون کی مذہبی تعلیم کا وقت دوران اوقات مقررہ مین معین فرمائے اور موجودہ مذہبی انتظامات مین سہولت عطا فرمائے نیز مشنری درسگاہون مین مسلمانون کو انجیل کی تعلیم سے علحدہ رہنے کا اختیار دے“

اِس تجویز کو پیش کرتے ہوے محرک نے بیان کیا کہ یہ تجویز پروگرام مین نمبر ۵ پر درج تھی اور مین اُسکا محرک نہ تھا لیکن محترم صدر کی تعمیل ارشاد کی بنا پر مین پیش کرتا ہون، اِس تجویز کے دو حصے ہین پہلا حصہ مسلمانون کی مذہبی تعلیم کے متعلق ہے دوسرا انجیل کی تعلیم کے متعلق اِس تجویز کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانون کو مذہبی تعلیم کے لیے جو وقت دیا جائے وہ تعلیمی گھنٹون کے اندر ہو، ہمارے صوبہ مین تعلیم کا وقت ۱۰ بجے سے ۱ بجے تک اور ۲ بجے سے ۴ بجے تک ہے۔ ہم گورنمنٹ کے شکرگذار ہین کہ اُس نے ہم کو اپنے مذہبی ضرور یات کے

انجام دینے کا موقع دیا ہے۔ لیکن اسکے ساتھ ہی ہم یہ کہنے کا حق رکھتے ہین کہ موجودہ طریقہ تعلیم اس قابل ہے کہ جلد گورنمنٹ اُس پر نظر ثانی کرے' ماہرین تعلیم ہرگز یہ نہ کہین گے کہ مذہبی تعلیم غیر مفید ہے۔ بلکہ اکثر واقف کار صحاب نے تسلیم کیا ہے کہ موجودہ تعلیم کا اصلی نقص یہ ہے کہ اُس مین مذہبی تعلیم کا عنصر نہین ہے۔

لارڈ ہارڈنگ نے ایک موقع پر بیان کیا تھا کہ ہماری تعلیم مین ایک خرابی ہے' جو چیز ہمارے یہان نہین پائی جاتی وہ خدا ہے۔ لیکن یہ چیز ہمارے (مسلمانون کے) یہان موجود ہے' اور ہم اُس کو چھوڑنا نہین چاہتے لہذا ہم کو اجازت دیجاے کہ ہم مذہبی تعلیم کا مستقل انتظام کرین' جو گھنٹے اب دیئے جاتے ہین وہ ناکافی ہین' جو لڑکا ۱۰ بجے سے ۴ بجے تک ذمہ داری کے بوجھ اور احساس کے ساتھ کام کرتا ہے' وہ دینیات کی تعلیم کے لیے وقت نہین نکال سکتا۔ بلکہ دینیات کے مدرس اُسکو اجازت دے دیتے ہین کہ وہ انگریزی کے لیے تیاری کرے جو مستقل کام ہے لہذا ایسا وقت جو مذہبی تعلیم کے لیے مفید ہو صرف باضابطہ اوقات کے اندر مل سکتا ہے کیا سبب ہے کہ انجیل کی تعلیم کے لیے تو وقت ہے لیکن قرآن مجید کے لیے نہین ہے' کہا جاتا ہے کہ انجیل کی تعلیم ہمیشہ سے ہوتی ہے لیکن یہ کوئی دلیل نہین ہے۔

گورنمنٹ انگریزی علوم وفنون کو پھیلانا چاہتی ہے اور ہم اسکے ساتھ اپنی زبان مین مذہبی تعلیم بھی دینا چاہتے ہین اگر گورنمنٹ مذہبی واخلاقی تعلیم کا فیصلہ ہماری راے وانتخاب پر چھوڑ دے تو وہ ہماری اخلاقی خوبیان مشاہدہ کر سکتی ہے اگر مسلمانون کو مسلمان رکھا جاے تو وہ ہمیشہ وفادار رہین گے۔

اسی طرح ہماری یہ بھی خواہش ہے کہ جو طلبہ انجیل نہ پڑھنا چاہین اُنکو اسکا اختیار دیا جاے۔

خان بہادر مولوی غلام محمود صاحب نے اِس تجویز کے متعلق ترمیم پیش کی اور مختلف صحاب نے

اِس تجویز پر مباحثہ کیا آخرکار جناب صدر نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ تجویز نظر ثانی اور دوبارہ غور و فکر کے لیے جماعت استقبالیہ کے سپرد کردی جائے غرض یہ تجویز ملتوی کردی گئی۔

اسکے بعد تجویز نمبر ۶ جو پروگرام کی ترتیب کے لحاظ سے نمبر ۲ پر درج ہی خود محترم صدر نے پیش کی اس تجویز کے الفاظ حسب ذیل ہین۔

"یہ جلسہ دار العلوم حیدر آباد دکن کے اصلاحِ نصاب اور ترقی کو بہ نظر مسرت دیکھتا ہی اور امید کرتا ہی کہ حسب وعدہ دار العلوم حیدر آباد کو مشرقی یونیورسٹی کے درجہ تک جلد پہونچایا جائے"

محترم صدر نے مذکورہ بالا تجویز کو پیش کرتے ہوے ایک دلچسپ تقریر کی جسکا ماحصل یہ ہے کہ ناظم صاحب اور بعض دوسرے اصحاب کو معتبر ذریعہ سے یہ معلوم ہوا ہی کہ حیدر آباد کے نصاب مین اصلاح ہونے والی ہی، ریاستون کی خبرون کے متعلق جب تک صاف صاف معلوم نہو کچھ کہا نہین جا سکتا تاہم مجکو یہ خبر سُن کر نہایت خوشی ہوئی کہ اصلاح نصاب کی طرف اب ہر جگہ لوگ متوجہ ہو رہے ہین۔

ہم مولویون پر یہ الزام لگایا جاتا تھا کہ پُرانے نصاب کی اصلاح نہین کرتے ابتک پُرانی کتابین پڑھاتے چلے آتے ہین لیکن ہم ندوے والے اِس الزام سے بری ہین کیونکہ بمصداق

سوختم خود را و طرزِ سوختن شمع را پروانہ را آموختم

یعنی اصلاح نصاب کا اصلی محرک ندوۃ العلما ہی اور سب سے پہلے ندوۃ العلما ہی نے اُسکے لیے آواز بلند کی جسکی صدائے بازگشت گویا حیدر آباد و بھوپال بلکہ مصر و دیگر ممالک اسلامیہ تک پہونچی، اصلاح نصاب کے نام سے لوگ خواہ مخواہ گھبراتے ہین اور درس نظامیہ کو ناقابل تغیر سمجھتے ہین حالانکہ ہمارے بزرگ ملا نظام الدین نے یہ ہرگز نہین کہا تھا کہ اب اِس نصاب مین ہاتھ نہ لگانا یہ ہمیشہ قیامت تک یون ہی رہیگا لایمسہ الا المطھرون' نصاب مین برابر تبدیلیان ہوتی رہی ہین اور ہونگی اِس تبدیلی کا مقصد یہ ہی کہ روشن خیال علما پیدا ہون مین کل بھی عرض کرچکا ہون کہ زمانہ بدلتا

جاتا ہی اسلیے زمانہ کے ساتھ ہم کو بھی بدلنا چاہیئے۔ اور میرے خیال مین شیعہ سُنی اہل حدیث سب کو ایک نصاب پڑھانا چاہیئے۔ ان باتون کو سُن کر لوگ خیال کرتے ہین کہ ہم کوئی نیا مذہب بنانے والے ہین لیکن خدا جانتا ہی کہ یہ ہم لوگون پر اتہام ہی۔

ابتدا مین جب ندوۃ العلماء نے اصلاح نصاب کے مسئلہ کو چھیڑا تو کس قدر شور و غل برپا ہوا یہان تک کہ علماے ندوہ پر کفر کا فتویٰ لگایا گیا۔ اور طرح طرح کے فتوے ہم لوگون نے دیکھے جنپر مربع مثلث، مستطیل، مدور مہرین لگی ہوئی تھین لیکن خدا جانتا ہی ندوہ ہٹا نہین آخرکار حق کو فتح ہوئی بعض اوقات لوگ جھوٹ بول کر فتح حاصل کر لیتے ہین اور سُرخرو بن جاتے ہین لیکن یہ فتح عارضی ہوتی ہی اسکا انجام بُرا ہوتا ہی۔ حضرت امام حسین علیہ السلام کا واقعہ آپ کے سامنے ہی وہ نہایت بے رحمی سے شہید کیے گئے، اور زن و فرزند قید کیے گئے لیکن آخرکار دنیا مین ڈنکا حسین کا بجا نہ کہ یزید کا۔

غرض اصلاح کے معاملہ مین ہم کو کسی کی پروا نہ کرنا چاہیئے، بلکہ ہمیشہ ثابت قدم رہنا چاہیئے، جب اصلاح کا کام شروع ہوتا ہی تو لوگ ہمیشہ شور و غل برپا کرتے ہین لیکن آخرکار زمانہ اُن کو تمام ضرورتین خود دکھا دیتا ہی اور جس کام سے ابتدا مین لوگ اعتراض کرتے ہین آخر مین اُسکو خود کرتے ہین۔ اور بعض ناعاقبت اندیش لوگ سب سے آخر مین کرتے ہین، غرض مین نہایت مسرت کے ساتھ اس تجویز کو پیش کرتا ہون امید ہی کہ آپ منظور کرین گے، چنانچہ تائید کے بعد یہ تجویز بالاتفاق پاس کی گئی۔

اسکے بعد جناب مولانا عبدالسبحان صاحب اسٹیج پر تشریف لائے اور آپ نے تجویز نمبر ۶ پیش کی جسکے الفاظ حسب ذیل ہین:-

"ندوۃ العلماء کا یہ جلسہ تحریک کرتا ہی کہ مدراس مین ایک مرکزی مجلس اشاعت الاسلام کے نام سے باضابطہ قائم کی جاے وہ اپنا مستقل سرمایہ غربا کی تعلیم، مکاتب اسلامیہ کی اصلاح، اور عام مسلمانون کی بہبودی کے واسطے قائم کرے اور بذریعہ واعظین و مبلغین کے اُس کا انتظام کرے اور اس

مجلس اشاعت الاسلام کا دستور العمل زیر نگرانی معین الندوہ مدراس مرتب کیا جائے"

اس تجویز کو مولانا **عبد السبحان** صاحب نے نہایت جوش وخروش کے ساتھ پیش کیا، اور اشاعت اسلام کے مسئلہ پر پُرمغز تقریر کی جسکے سلسلہ مین آپ نے یہ بھی فرمایا کہ اگرچہ ہندوستان کی قریباً ہر اسلامی مجلس کے مقاصد مین ایک مقصد اشاعت اسلام بھی رکھا گیا ہو لیکن کافی سرمایہ نہونے کی وجہ سے اب تک یہ کام باقاعدہ طور پر نہین شروع کیا گیا۔ ہمارے صوبہ مین محدود سرمایہ جمع کیا گیا چھوٹی چھوٹی تنخواہون کے واعظ دورہ پر بھیجے گئے تو انھون نے اشاعت اسلام کو ترک کیا اور علیحدہ رکھا خود اپنا کام شروع کیا۔ اس لیے میرے خیال مین اس کام کو کافی سرمایہ سے باقاعدہ طور پر کرنے کی ضرورت ہو۔ یعنی اس کام کو جاری کرنے کے لیے کم از کم پانچ لاکھ روپیہ کی ضرورت ہو۔ لہذا اس کام کے لیے ہم کو پانچ لاکھ روپیہ بطور سرمایہ جمع کرنا چاہیے۔

مسلمانون کا اصلی کام امر بالمعروف و نہی عن المنکر ہو اسلیے ہم مسلمان جب اشاعت اسلام کے فرض کو ادا کرین کیونکر مسلمان رہ سکتے ہین۔ اگر مدراس کے مسلمان اُس کی ضرورت کو محسوس کرکے اُسکو دل پر رکھ لین اور صرف ایک ایک روپیہ دین جب بھی ۴۲ لاکھ روپیہ جمع ہو سکتا ہو جس سے یہ ضروری کام نہایت آسانی سے شروع کیا جا سکتا ہو۔ خدا کے لیے ذرا دیہات کے مسلمانون کے حالات دریافت کیجیے جنکے واقعات سُنکر کلیجہ منھ کو آتا ہو۔ دوسرے مذاہب کے لوگ ان مقامات پر جاتے ہین اور اُن کو اپنے مذہب مین داخل کر لیتے ہین۔ لہذا ہم کو جلد ان دور اُفتادہ دیہات کے مسلمانون کی خبر لینا چاہیے۔ ہمارے پیغمبر **محمد** صلی اللہ علیہ وسلم کا اصلی کام اشاعت اسلام تھا۔ اسلیے ہم سچے مسلمان اسیوقت ہو سکتے ہین جب اس کام مین آنحضرت صلعم کی پیروی اختیار کرین لہذا مین تمام حاضرین سے درخواست کرتا ہون کہ وہ سچے اسلامی جوش سے اس تحریک کی تائید فرمائین۔

معز ز محرک کی تقریر کے بعد آنریبل سیٹھ **یعقوب حسن** صاحب نے ایک پُرمغز تقریر فرماتے ہوئے اس

تجویز کی تائید کی اور عالیجناب مسٹر جسٹس عبدالرحیم نے نہایت پُرجوش و مؤثر لہجہ مین تائید مزید کی تقریر مین ایسا سوز و گداز تھا کہ جس نے حاضرین کے دلون کو جوش و اثر سے لبریز کر دیا۔ افسوس کہ یہ تقریر قلمبند نہین ہو سکی ورنہ ہم ناظرین روداد کی خدمت مین پیش کرتے، غرض کسی قدر تغیر الفاظ کے بعد عام رائے کی تائید سے یہ تجویز منظور کی گئی اور عملی ثبوت کے طور پر بزرگان مدراس نے قریباً ۴ ہزار روپیہ کے عطیات کا اعلان کیا۔

اس مبارک تجویز کے پاس ہونے کے بعد قریباً ۲ بجے اجلاس ختم ہوا۔

۴ بجے سہ پہر کو ندوۃ العلما کے پنڈال مین انجمن مشرقی اطبائے جنوبی ہند کا سالانہ اجلاس زیر صدارت جناب آنریبل خان بہادر میر اسد علی خان صاحب منعقد ہوا۔ اور جناب مولانا قاری شاہ محمد سلیمان صاحب نے مدرسہ طبیہ قدوسیہ کے کامیاب طلبہ کو اپنے ہاتھ سے انعام تقسیم فرمایا۔

۹ بجے شب کو حسب دستور اجلاس عام منعقد ہوا، اور سب سے پہلے مدرسہ لطیفیہ ویلور کے دو عربی خوان طلبہ نے باہم عربی زبان مین مکالمہ کیا جس پر جناب صدر نے طلبہ کی حوصلہ افزائی کی اور کلمات تحسین سے اُن کا دل بڑھایا۔ بعد ازان جناب مولوی سید عبدالواحد صاحب متھراوی نے حقانیت اسلام پر نہایت مبسوط، مدلل، اور پُراثر تقریر کی جس کو تمام سامعین نے شوق و ذوق سے سُنا۔ آخر مین مولانا شاہ نظام الدین صاحب جھجری نے وعظ بیان کیا جو بڑی دلچسپی سے سُنا گیا یہانتک کہ ۱۱½ بجے شب کو جلسہ برخاست ہوا۔



اجلاس سوم

۱۶ جمادی الاخری ۱۳۳۵ھ مطابق ۹ اپریل ۱۹۱۷ء روز دوشنبہ

۹ بجے سے ۱۲ بجے تک

حسب دستور تلاوت کلام مجید سے اجلاس شروع ہوا بعدازاں جناب مولوی کنجی احمد صاحب نے اپنا عربی قصیدہ سنایا۔

القصیدة النخویة

انشدها المولوی کنجی احمد النخوی فی جلسة ندوة العلماء

رَوضُ المَقَالَةِ اِنَّمَا تَزدَانُ ۔۔۔ بِزُهُورِ حَمدٍ مَن هُوَ الرَّحمٰنُ
کَم نِعمَةٍ حَبَا مِنهُ مَعَ عِصیَانِنَا ۔۔۔ اَلعَدُّ یَقصُرُ عَنهُ وَالاَوزَانُ
اَلاَ رَفَعَ الاِرسَالُ لِلرُّسُلِ الاُلیٰ ۔۔۔ یَهدِی بِهِم لِصِرَاطِهِ المَنَّانُ
لَا کُلُّهُم بِالاِستِوَاءِ فَقَد اَتیٰ ۔۔۔ بِتَفَاضُلٍ مِن رَبِّنَا القُرآنُ
فَمُحَمَّدٌ خَیرُ الخَلَائِقِ کُلِّهِم ۔۔۔ مَانَالَ رِفعَةَ قَدرِهٖ اَحَدَانُ
نُورُ الوُجُودِ وَاَوَّلُ المَوجُودِ مِن ۔۔۔ مِنهُ الکِیَانُ اَتیٰ بِهِ البُرهَانُ
نُسِخَت بِمِلَّتِهِ المَذَاهِبُ وَالمِلَلُ ۔۔۔ وَجَمِیعُ کُتبٍ طَمَّهُ الفُرقَانُ
مِن اَوَّلِ الاَزمَانِ لَاحَ جَمَالُهٗ ۔۔۔ وَبِاٰخِرٍ اِظهَارُهٗ وَبَیَانُ
فَخِتَامُ کُلِّ الاَنبِیَاءِ مُحَمَّدٌ ۔۔۔ لَا لَا نَبِیَّ مِن بَعدِهٖ اِتیَانُ
صَلّٰی عَلَیهِ مُسَلِّمًا وَعَلَیهِم ۔۔۔ مِقدَارَ عَظمَةِ ذَاتِهِ الحَنَّانُ

مِنْ اَجْلِ هٰذَا الْخَتْمِ جَاءَ كَاَنْبِيَا	عُلَمَاءُ اُمَّتِيَ اِذْهُمُ الْاِخْوَانُ
ظُلُمَاتُ جَهْلٍ فِي انْمَحَا بِسَنَاهُمُ	بِسَنَا بِهِمْ رَأْسُ الضَّلَالِ مُبَانُ
وَشَرَائِعُ الْاِسْلَامِ بَعْدَ مَمَاتِهَا	حُيِيَتْ لَهَا مِنْ رَوْحِهِمْ رَيْحَانُ
مِنْ هٰؤُلَاءِ جَمَاعَةُ الْعُلَمَاءِ فِيْ	نَانَدْوَةُ الْعُلَمَا لَهَا الْعُلْوَانُ
كُبَّارُ اَعْلَامٍ خِيَارُ الْكُمَّلِ	بَاهَتْ بِرَوْنَقِ نُوْرِهَا الْبُلْدَانُ
حِيْنَ انْتِدَاهُمْ اَنْجُمُ الْجَوْزَا تَرٰى	خَجِلَتْ نَظَرًا مِنْهُمْ لَهَا الْهَيَمَانُ
لِلْمُتَّقِيْنَ اَئِمَّةٌ فِيْهِمْ اَسَا	اَلْمُهْتَدُوْنَ وَمَنْ لَهُمْ اِيْمَانُ
الْاِقْتِدَاءُ بِوَاحِدٍ مِنْهُمْ كَمَا	بِالنَّجْمِ يُهْدٰى مُنْتَهَا الْاَجْنَانُ
فَاِذَا ابْتَنٰى كُلُّ الْاُمُوْرِ لَهُمْ عَلٰى	شُوْرٰى فَهَلْ لِلشَّكِّ مِنْ شَكَّانُ
اٰرَاءُهُمْ بِاِصَابَةٍ مَشْهُوْدَةٌ	اَنْظَارُهُمْ بِدَلَائِلٍ اِمْعَانُ
بَاعِيْ قَصِيْرٌ فِي ثَنَاهُمْ عَاجِزٌ	بِمَدِيْحِهِمْ لَا لَا يُحِيْطُ لِسَانُ
مَقْصُوْدُهُمْ اِعْلَاءُ دِيْنِ اللّٰهِ وَالْــ	ـاِصْلَاحُ خَلْقِ اللّٰهِ وَالْاِحْسَانُ
بِحِسَانِ مَوْعِظَةٍ وَدَعْوَةِ حِكْمَةٍ	وَبِاَحْسَنٍ فَجِدَالُهُمْ تِبْيَانُ
وَجِهَادُهُمْ بِسَبِيْلِ رَبِّيْ دَائِمًا	بِمَحَاسِنِ الْحُجَجِ الْجَلِيَّةِ زَانُوْا
دَارُ الْعُلُوْمِ وَدَارُ فَتْوَاىَ دَارُهُمْ	تَصْنِيْفُ كُتُبٍ بِالصَّلَاحِ ضَمَانُ
دَارُ الْيَتَامٰى عَيَّنُوْهَا تَرْبِيَةً	اَيْتَامُنَا بَرَكَاتُهُمْ اَفْنَانُ
مِنْ فَوْقِ عِشْرِيْنَ السِّنِيْنَ لِنَدْوَةِ الْــ	ـعُلَمَا يَقُوْدُ زِمَامَهَا فُرْسَانُ
مَنْ اَخْلَصُوْا لِلّٰهِ دِيْنَهُمْ وَلَا	جَيْشٌ يُهَوِّلُهُمْ وَلَا طُوْفَانُ
يَبْقٰى مَا يَبْقٰى مَا تَرْتَقِيْ فِيْ قُوَّةٍ	وَمَتَانَةٍ يَعْلُوْ لَهَا الْاِتْقَانُ

جازاهمُ بالفضلِ والمأوى الحسن   دِيناً ودارينِ العليّ الدّيّانُ
فلِأجلِ حسنِ النّظمِ فيها والصّفا   وبها السّلامةُ منهجاً وأمانُ
جاها حكومةُ هندِنا عطفاً لها   بعِنايةٍ جادت لها المِعوانُ
بعطيّةٍ عاميّةٍ وببقعةٍ   مرضيّةٍ منّا لها الشّكرانُ
فالحقّ فيكم لازمٌ إمدادُها   يا أسخياءَ القومِ والشّجعانُ
بنواجذٍ عضّوا عليها واتركوا   ما عابكم في شأنِها أقرانُ
أسلافُكم جادوا بأرواحٍ لهم   في مثلِ هذا الخيرِ يا خلّانُ
ما بالكمُ أخلافُهم في مالكم   في أمرِ هذا الخيرِ ماذا الشّانُ
لا تهملوها عن معونٍ فاجهدوا   في أمرِها لا مسّكم نسيانُ
إنّا وقعنا في زمانٍ قد لعب   بفخارنا الماضي فيا خسرانُ
فالغفلةُ الخسرانُ وهي هلاكنا   فاللازمُ الإجماعُ لا الفرقانُ
والاعتصامُ بحبلِ ربّي فالسّعا   دةُ هذه يا أيّها الأعيانُ
هذا الختامُ حوالةُ الباقي على   أفكارِ أكياسٍ هُمُ الضّيفانُ
لا أطلبنّ بنفيسِ أوقاتٍ لكم   بالصّرفِ يعفي عن مسيّ عصيانُ
لابدّ من إفراطِ تشكرانِ الملك   ذا القيصرِ الهنديِّ والبرطانُ
شكريّةُ الحكومةِ المدراس جلّ   ولصدرِنا أشرافِنا الشّكرانُ
شكريّةً يا أهلَ الاستقبالِ وال   مدراسِ إكراماً لكم فوزانُ
واجعل إلهي جمعنا في رحمةٍ   والافتراقَ بعصمةٍ غفرانُ
لا تجعلن منّا شقيّاً بل سعيـ   ـداً كلّنا اجعل بالنّبيّ سلطانُ

وَعَلَيْهِ وَالْاٰلِ الصِّحَابِ مِنَ الصَّلٰوةِ مَعَ السَّلَامِ الدَّائِمِ الْهَطْلَانُ

وَالْحَمْدُ لِلرَّحْمٰنِ خَتْمًا مَا ابْتَدٰى دَوْضُ الْمَقَالَةِ اِنَّمَا تَزْدَانُ

مولوی احمد صاحب کنجی کے قصیدہ کے بعد جناب مولانا شیخ محمد صاحب ادیب دار العلوم کا قصیدہ

مولوی محمد محسن صاحب متعلم دار العلوم نے پڑھ کر سنایا جو ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وقلت فی ۱۳۳۵ھ عند ذهاب علماء الندوة وبعض ارکانها للاحتفال فی مدارس وارساتها من لکنأ ومع ناظم الندوة ذکرت فیها ان دار العلوم غیر تامة وترجیت منهم ان یجتهدوا فی اتمامها بقولی

شکت بلسان الحال طول جفاها ونادت ولکن من یجیب نداها

وشدت الی مدراس امراس حلها لتبلغ منهم ما یزیل عناها

وجاءت الیهم تستغیث من الاولی جفوها ولم یعنوا برفع بناها

ولم یکملوا ما قد بقی غیر کامل ولم یعبأوا ابا الطالبین ولاها

ولم یجهدوا فیها التتمیم فقد شکت بلسان الحال طول جفاها

عسا اهل مدراس ومن حل قربهم اولی همة علیا تشید سماها

فیا ندوة قد کدر الله صفوها وطال علیها کربها وعناها

خلیلی لم یبق الجفاء لناظر بکاء فهل عین تعیر بکاها

فنا بکی من هجر طویل وغربة بدار متی ادعو اجاب صداها

احاط بها الافلاس من کل جانب فطلابها هم یومها وصداها

یصیحون فیها کل یوم ولیلة جیاعا واظمأهم شدید صداها

فيا اهل دين الله قوموا فبادروا … لنصر عباد الله من علماءها
فجاؤا الى مدراس يستنجدونهم … يقودهم ابن الوصى وطاها
يقودهم حبر نبيل معظم … وذلك عبدالحى بدر سماها
فتى همه التقوى وهمة نفسه … اناقت على مريخها وسهاها
فتى قد جنى من كل فن ثمارة … وحاز من العليا رفيع ذراها
قريب الى اهل الشريعة والتقى … بعيد بمن يهدى بغير هداها
عفيف عن الاموال الا بحقها … يرى زهرة الدنيا يطير هباها
فيا عبد سبحان الذى شاع صيته … ونال من العليا على عُلاها
اليك فشمر ساعدا فى مرامهم … وجد لهم واجهد بنيل مناها
وليس لهم فيما ارى من مساعد … سواك فلا تحفل بغير سواها
خليلى هل من سامع لشكية … اذا انبثت الشكوى اليه دعاها
الم تر بالاعلام جاؤك للتى … وراظهرهم اضحت تمد يداها
الم تعلما ما قد اتوا الطلابه … لتشييد دار كى يتم بناها
بها غرف مبنية غير انها … ترى ناقصات من بعيد رُواها
سواكم اهل الفضل والبذل والندا … لها حاميا فيما ارى لن راها
فهل سامع قولا لصدر اتى بها … جيب لمن قام حو رحيماها
لشروان منسوب بالخان لقبوا … له العزة القعساء دام عُلاها
اذا عد اهل البذل عدوه اولا … وان نسبوا العلياء كان اباها
وهذا اليمانى بو خليل محمد … مدرس دار العلم دام بقاها

الی بقصیدکی ینوب منابہ	وقد عاقہ فی لکھنؤ رؤساھا
فقابل قصیدی بالقبول فانہ	الی سوحکم التی الجزان وفاھا
فصبرا علی مایصدع القلب دونہ	عساغارۃ تشفی القاو عساھا
فبالصبر تنحل الشدائد کلھا	وینجاب بالصبر الجمیل دجاھا
علیکم سلام اللہ ماھبت الصبا	فردت علی نفس المشوق صباھا

ناظم عقدھا وناسج بردھا

ابوخلیل محمد بن حسین الانصاری السعدی

الخزرجی الیمانی عفا اللہ عنہ

عرب صاحب کے قصیدہ کے بعد محترم صدر نے جناب مولوی محی الدین صاحب پھلواروی المتخلص بہ تمنا کا عربی قصیدہ اور فارسی ترکیب بند اجلاس میں پیش کیا لہذا دونوں کو بجنسہ ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

قصیدۃ عربیۃ میمیۃ

مالی ارانی مُطرِبًا بترنُّم	اَبَرءْتُ مِن داءِ الاَسٰی وتألُّم
اَم نِلتُ مِن هِندِ الملیحۃ وَصْلَها	فتُرٰی بوجهی نضرۃُ المتنعّم
اٰثارُ فرحی قدبَدَتْ من مُهْجَتی	بتهلُّلِی ونضادتی وتبسُّم
قدکنت قبل الیوم ابکی شدۃً	کابدتُّ من نار الاسی واللُّوَّم
جَذَلِی بانَّ سراۃ قومی کلّهم	جاءُوا جمیعا سائرین کانجم
قل للذی یرجو الفلاح لنفسہ	ونجاتہا من حرنار جھنَّم

جالس كرام القوم كن متعلما ... منهم كتاب الله تنج وتسلم
واشهد مجالسهم بصالح نية ... واسمع لما وعظوا به وتعلم

يا معشر البخلاء الآن قوموا وانهضوا ... حتى متى في غفلة والى كم
لا تزحموا اذيالكم جبرية ... جيئوا هداياكم بقلب مفصم
خير المدارس ندوة وكانها ... قد متت الى المدراس خير المقدم
فشمروا اذيالكم لاعانة ... بجوارح ومواعظ ودراهم
ايا كم ان تبخلوا وعليكم الانفاق لله الكريم المنعم
اهل السخاء لمكرمون واجرهم ... من انبتت سبع سنابل يعلم
اسفي على البخلاء هم لا يشترون جنة الفردوس وهي بدرهم
هل لا يرون الجود خير سجية ... ام لم يظنوا البخل شيمة اشأم
فعليكم ان تقدروا سراتكم ... اهل الكرامة والنهى كلهم
جاءوا الذكر الله بين يديكم ... فلذا الملائك ههنا غطتكم
ما احسن الاجماع اجماع الورى ... اكرم بهذا المجلس المعظم
لا ينسينك واحد من جنسنا ... يا محضر الاعيان خير المجمع
ذكرك يجري مدة في بيننا ... رؤياك منك مذكر للنائم

اسكت تمنا فالسكوت لا جمل ... اياك والطول الممل المولم

ع التنوين في كل من هذه المقامات الثلث للترنم۔ فلا تغفل ۱۲

اِرْفَعْ يَدَيْكَ الى السماء تَضَرُّعًا	اِنْ للقصيدة ذاكَ خَيْرُ الخاتم
قُلْ يا الٰهَ العالمين وربَّهم	لاغيرَكَ فى العالمين بِمُنْعِمٖ
ان تستقو فينا الحيات فمن يَمُتْ	ان شِئْتَ انت هلاكنا مَنْ يعصم
الاَمْرُ اَمْرُكَ والقضاءُ قضاءُكَ	ما للعباد هٰهنا مَسَاغُ تَكَلُّم
نحن عبادُكَ عابدوكَ ولو بَدَتْ	مِنَّا جرائمُ جَمَّةً فلنَنْدَم
اِنْ كان كالجَبَلِ العظيم ذنوبُنا	مِنْ عفوكَ اللهم ليس بِاَعظم
فاغفر لنا واسمع تَضَرُّعَنا برحمتك الوسيعِ وَتُبْ علينا وارحم	

وصل يا رب على من ذاته	كَهْفُ العصاةِ فِى النَّبَأ الاعظم
هو خيرُ خلق الله خيرُ خيارهم	هُوَ سَيِّدُ الثَّقَلَيْنِ مَوْلَى العالَم
اَلْمُرْسَلُوْنَ تَحَمَّلُوا بِمَجِيئِهٖ	نَعَمٌ ارتِفَاعُ الشمسِ مُخْفِى الانجم
هُوَ رَحْمَةٌ لِلْعَالمين وجودُهٗ	وَلَسَوْفَ يُبْعَثُ فى المقام الاعظم
لو اَنَّنِى ادركتُهٗ لاطعتُهٗ	وخدمتُهٗ مَعَ من يُّطِيع ويخدم
مَنْ لَّمْ يَجِئْهُ مُطَاوِعًا مُتَذَلِّلًا	واللهِ عندَ اللهِ لَيْسَ بِاَكْرَم

وعليه سَلِّمْ ثُمَّ بارِكْ وعلى
اَصْحَابِهٖ وَاٰلِهٖ كُلِّهم

ترکیب بند

آه! پرسید کہ ما بے سر و سامانی را	بے خود انیم و ندانیم بخود شانی را

ما ندایم بدل حسرت سامانِ طرب	مانخواهیم سگے عیشِ تن وجانی را
مانجوئیم اہالی و موالی وحشم	مانخواهیم دَر دولت وایوانی را
مانکردیم نظر بر حشم وجاه وجلال	جاندادیم بدل مُلکِ سُلیمانی را
پیشِ من ہیچ نیرزند سلاطینِ زمن	در جہان ہیچ ندانیم جہانبانی را
خرقۂ کہنہ پسندیم وکلاہی زگلیم	مانخواهیم بسر افسرِ سلطانی را
ذوقِ باخانہ بدوشی کہ مراہست ببَر	از دلم حسرتِ بام و درِ ایوانی را
عرضه دارند اگر خلعت سُلطانی ہم	زیرِ بارش نکنم من تنِ عُریانی را

ماقلندر منشانیم۔ زما ہیچ مپرس
جز بتسبیح و مصلا و دُعا ہیچ مپرس

گر تو پرسی خبر از اہلِ وفا از ما پرس	ماجرائے دلِ اربابِ وفا از ما پرس
ماندانیم کہ اسپنسر واسکاٹ چہ گفت	ہان مقالات شہ ہر دوسرا از ما پرس
مانخواندیم ز اسکندر وسیر ز حرفے	ہمت حضرت فاروق بیا از ما پرس
ماندانیم کہ رستم کہ و سہراب کہ بود	قوت دستِ زبردستِ خدا از ما پرس
ماندانیم کہ نلسن، کہ ولنگٹن بود است	خبرے بادار از سعد ترا از ما پرس
ماندانیم چہ کرد ستم بوناپاٹ	ماجرائے ستم کرب و بلا از ما پرس
ماندانیم ز اَی بی دِ کرسٹل پیلیں	حالت مسجد و محراب دُعا از ما پرس
ماندانیم پیٹ وبرک وگلیڈسٹونی	حال آن ہا کہ گزشتند زما از ما پرس

کار در ہر دو جہان چون ز دگر ما نیست
بخدا از دگران ہیچ خبر ما نیست

حیف آنست شما تفرقه انداخته اید — مسجد خویش ز ما دور جدا ساخته اید
جان بفرسوده اسپنسر و بیکن دادید — دل ز ارشاد نبی صاف بپرداخته اید
بر گپ جانسل و مل همه دارید نظر — قدر قول نبوی حیف که نشناخته اید
حکمت باطل یورپ همه دانید صحیح — نظرے بر حکم شرع نینداخته اید
آه! آنجا که سر عجز نگون مے باید — علم کبر بصد فخر بیافراخته اید
وقر دین آه بباد از پے دنیا دادید — آبروے گہرے با خسکے باخته اید
حیف آنست که بگذاشته خود را ہم — وارمیده ز خود و سوی دگر باخته اید
صورت شمع ز شبهای تغافل ہر شب — دل ارباب وفا بود که بگداخته اید

آخر این خواب گران جیله راحت تا کے
غفلت ای اهل همم از غم ملت تا کے

آخر این جلسه که مستجمع افراد آمد — مجمع اهل صفا مرجع زهاد آمد
از پے چیست بگوئید ز ره انصاف — ہله لغو است و یا مستحق داد آمد
از تغافل بسر ندوه و هم بام درش — حالتے رفت که محراب بفریاد آمد
بعد این جلسه هم ار ماند تغافل بر حال — آه ز این محنت جانکاه که برباد آمد
ناظم ندوه و هم این علما و فضلا — ہر یکے پیش شما با دل ناشاد آمد
غایت الامر خود این مدرسه دین رسول — سائل لطف و کرم طالب امداد آمد
دل ملیان بهمه یاس امیدی دارد — وه چه ویران کده هست که آباد آمد
همت ای اهل کرم اصرف درم چیزی نیست — ہر که عالی همم است از غمش آزاد آمد

ہر که امداد کند روح نبی شاد کند
دین تمنای خرمیش بدعا یاد کند

اِسکے بعد جناب سیٹھ اسمٰعیل صاحب مغموم نے دو قومی نظمین پڑھین جو ذیل مین درج ہین۔

نظم

غم اُلفت کے سوا کچھ دل سوزان مین نہین — اور کوئی تازہ حکایت مری عنوان مین نہین
رو چکے قوم پہ اور پھر بھی وہی رونا ہے — کوئی مضمون نیا طبع پریشان مین نہین
ہے یہ ممکن کہ نہ ہو نالۂ و فریاد بلند — طاقت ضبط مگر دیدۂ گریان مین نہین
جوش ملت مین غم دل کی فراوانی ہے — بے سبب جوش مے اشک کے طوفان مین نہین
ہستی ملت عالم نہین جز شرع رسولؐ — قول باطل کی ہوا گلشن ایمان مین نہین
وقت تبلیغ ہوے مدعیان تثلیث — نور ایمان بھی کیا قلب مسلمان مین نہین
فیلسوفان جہان سے ہمین مطلب کیا ہی — دین و دنیا کی ہی کیا بات جو قرآن مین نہین
دونون عالم کے مقاصد کا یہی ضامن ہی! — گل رحمت کے سوا شرع کے دامان مین نہین
فکر عقبیٰ ہو کہ دنیا نہین کچھ جاے قیام — لطف جو اپنے مکان مین ہی وہ زندان مین نہین
آہ! وہ قوم زمانے مین ہوئی ہے رسوا — جسکے گلشن کی ہوا خلد کے ایوان مین نہین
خود شناسی ہی فقط معرفت حق کی سبیل — اور کچھ اسکے سوا قالب عرفان مین نہین
طرز اغیار پہ افسوس اسٹے جاتے ہین — دین احمد کی ضیا محفل یاران مین نہین
دور ہو علم کا اور جہل و تعصب برباد — بات کچھ اسکے سوا سوزش پنہان مین نہین
ہے عجب روح فزا علم کے گلشن کی بہار — بیخزان گل کوئی ایسا چمنستان مین نہین
سعی و ہمت سے ہوا کرتی ہی مشکل آسان — کونسی بات ہے جو طاقت انسان مین نہین
شرف علم سے انسان نے خلافت پائی — ورنہ کس شئے کا اضافہ ہی جو حیوان مین نہین

کیون نہ ہو جلوہ فردوس برین پیش نظر
چمن علم کا حظ سیر گلستان مین نہین

علم کے نور سے ہو آئینہ دل روشن
جسکی تمثیل کہین مہر درخشان مین نہین

یہی مقصد ہے جو فرماتے ہین ندوے کے بزرگ
اور ایسا نہین یہ کام جو امکان مین نہین

درد سے قوم کے بیچین ہوا دل اُنکا
کیا ہوا قدر جو انکی دل نادان مین نہین

مرض دل کے معالج ہین طبیب حاذق
جنکی تشخیص غلط درد کے درمان مین نہین

دین و دُنیا کی ترقی کا وسیلہ ہے علم
سخت بدنام ہے جو علم کے میدان مین نہین

یہی مقصد ہے کہ ہو علم کی تابندہ ضیا
اور کچھ اِنکے غم و حسرت و ارمان مین نہین

اِنکے اقوال گہربار سے دامن بھر لو
غیر ہمدردی اخوان دل نالان مین نہین

جسم مین روح نہین علم مین گر ہو نہ عمل
کہ کوئی وجہ فضیلت تن بیجان مین نہین

وقت رفتہ یہ ہے حسرت تو تلافی کر لو
یاس و حرمان کا گذر قلب پشیمان مین نہین

اپنی غفلت کا ہوا احساس تو ہی شرط عمل
چارۂ کار فقط اَشک کے طوفان مین نہین

پھر وہی لطف وہی رحمت حق کی ہے نوید
نا امیدی کی جھلک دامن عصیان مین نہین

چیخ اُٹھا جو غمِ قوم سے بےچین ہوا
بے نیازی دلِ مغمومِ سخندان مین نہین

نظم دیگر

فکر عقبےٰ نہین کوئی خوش و خرم بھی نہین
عمر برباد ہوئی جاتی ہے اور غم بھی نہین

دل تہی صدق سے اور وقف ہے سر بہر سجود
وہ جو بیگانہ نہین دین سے محرم بھی نہین

کیا مصیبت ہے زمانے کی ہوا بگڑی ہے
جو ہین دلسوز اِنھین چین کوئی دم بھی نہین

روش اغیار کی ہے ملت اغیار نہین
اور قدم جادہ توحید پہ محکم بھی نہین

غفلت و جہل مین ہوتی ہی بسر عمر اگر
منفعل قلب نہین دیدۂ پرنم بھی نہین

سعی و ہمت ہو ترقی کی ہی تدبیر یہی
چند روزہ غم دُنیا ہے جو پیہم بھی نہین

ہو کسیطرح سے زائل مرض روحانی
یہ نہ کہیئے کہ کوئی اِسکا مُعلم بھی نہین

بات بن بنکے بگڑ جاتی ہی حکمت کیا ہی
صدق و اخلاص نہین عزم مصمم بھی نہین

دل عبث تیغ جہالت سے جو مجروح ہوے
کیا جہان مین کوئی اِس زخم کا مرہم بھی نہین

رنگ تقلید کا مغرب کی چڑھا اور نہ مٹا
محفل علم مگر درہم و برہم بھی نہین

دین سے بیخبری نوک زبان علم فرنگ
شان اسلام نمایان ہو وہ عالم بھی نہین

قول ملسن کا ہے اور شکسپیر کی تعلیم
آہ کیا حرمت قرآن معظم بھی نہین

پھیلتے جاتے ہین مذہب مین بھی کچھ جرائیم
اور اگر غور سے دیکھو تو مجسم بھی نہین

نہ جھکا غیر کے آگے سرِ سرکش نہ سہی
طاعتِ حق مین سرِ عجز مگر خم بھی نہین

مجلس وعظ یہان اور وہان رقص و سرود
کیا ستمگر ہے یہ دل رام نہین رم بھی نہین

روکشی ہو گی جو ملت سے تو مِٹ جاؤ گے
جنگ قدرت سے ہو ایسا کوئی رستم بھی نہین

جو ہین مصروف عمل راہ عمل نا معلوم
خلد خواہان نہین اُنکی تو جہنم بھی نہین

بزم آرائی حکمت نہ ہو جز شرع رسول
وہ موّخر جو نہین ہین تو مقدم بھی نہین

اُوڑھنا اور بچھونا ہے ہمارا مذہب
اور پابندی مذہب جو نہین ہم بھی نہین

ہے ہر اک شے کو فنا علم کو حاصل ہے بقا
قصر کسرے نہین خسرو نہین اور جم بھی نہین

نور سے علم کے معمور ہو دل اے منعم
ورنہ کس کام کی دولت ہی جو دائم بھی نہین

چشمۂ علم تو ہے تشنگی علم کہان
یہ وہ ہے آب مصفا کہ جو مبہم بھی نہین

سنیئے کہتے ہین جو ندوے کے مقدس علما
ہم کہان اور کہان پھر یہ معزز مہمان؟
اُٹھتے جاتے ہین مقدس علما دُنیا سے
اُنکی کچھ قدر کرو قوم کے غمخوار ہین یہ!
بدنصیبی ہے جو ہون فیض سے اُنکے محروم
رو چکے قوم کو اور کھو بھی چکے اپنا شباب

اُنکے اقوال مین تلخی نہین اور سم بھی نہین
ساتھ قائم رہے ایسا کوئی موسم بھی نہین
جس کا احساس اگر بیش نہین کم بھی نہین
عمر دائم نہین اور یہ زمزمہ قائم بھی نہین
زندگانی کا بھروسا تو کوئی دم بھی نہین
طاقت گریہ نہین حسرت ماتم بھی نہین

طلب علم ہی مغموم رہے شام و سحر
کوئی مونس نہین ایسا کوئی ہمدم بھی نہین

اِن قصائد کے بعد مولوی **عبداللہ** صاحب متعلم درجہ تکمیل دارالعلوم ندوہ نے عربی زبان مین تقریر کی جسکو حاضرین نے نہایت دلچسپی سے سُنا، اِسکے بعد **مولوی منظور احمد** صاحب اور **مولوی محمد محسن** صاحب متعلمان درجہ عالیہ نے ترتیب اُردو و عربی مین برجستہ تقریرین کین۔ یہ تقریرین زیادہ دیر تک جاری رہتین لیکن جناب صدر نے طلبا کو روک دیا کیونکہ آج اجلاس کا آخری دن تھا اور ابھی کام کا بڑا حصّہ باقی تھا اور قصائد مین زیادہ وقت صرف ہو چکا تھا۔

طلبہ کی تقریرونکے بعد آنریبل جناب سیٹھ **یعقوب حسن** صاحب نے تجویز نمبر ۹ پیش کی جو پروگرام مین حسب ذیل الفاظ مین شائع کی گئی تھی،

"ندوۃ العلما کا یہ جلسہ گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ جنوبی ہند کے اوقاف کا انتظام ایک کمیٹی کے حوالے کرے یعنے ایسے مذہبی اوقاف کو جو گورنمنٹ کی نگرانی مین ہین مسلمانون کی مقامی انجمنون کو اِن کا متولی بنایا جاے۔

اِس تجویز کے الفاظ حاضرین کو سنا کر معزز محرک نے ایک تقریر کی جس کا ماحصل یہ ہے کہ "جب اس تجویز کے الفاظ ترتیب دیئے گئے مین اُسوقت موجود نہ تھا، اسلیے مین الفاظ کا

ذمہ دار نہین ہون صرف تعمیل حکم کے لیئے کھڑا ہوا ہون اور مین جناب صدر سے اسکے الفاظ مین ترمیم کا خواستگار ہون۔ اس تجویز کے پہلے حصّہ مین اوقاف کی کوئی تفصیل و تشریح نہین۔ آخری حصہ مین مقامی انجمنون کو اور اصل تجویز مین کمیٹی کو ذمہ داری کی راے دی گئی ہے حالانکہ محرک کے لیے یہ بتانا ضروری ہو کہ وہ کون سے اوقاف ہین جن کا انتظام گورنمنٹ کے ہاتھ مین ہے اور اُن کا انتظام کس طریقہ سے اچھا ہو سکتا ہے؟ میرے علم مین گورنمنٹ کے ہاتھ مین چند اوقاف ہین اور اُن کا انتظام قابل اطمینان نہین ہے! اور مین اس معاملہ کو کونسل مین پیش کرنے والا ہون؟ -

اس تقریر کے بعد محرک نے بتغیر الفاظ اس تجویز کو پیش اور خان بہادر مولوی غلام محمود صاحب تاجر مدراس نے تائید کی میر سلطان محی الدین صاحب بیرسٹر ایٹ لا نے مزید ترمیم پیش کی اسپر مولوی **عبد المجید** صاحب شرر نے فرمایا کہ اس تجویز کے الفاظ درحقیقت آنریبل سیٹھ یعقوب حسن صاحب نے ترتیب دیے تھے لیکن سبجکٹ کمیٹی نے اس مین تصرف کیا جس سے اس تجویز کا مفہوم بدلگیا اسکے بعد جناب شرر نے اصل الفاظ سنائے تو میر سلطان محی الدین صاحب نے ترمیم کو واپس لیا جناب صدر نے بھی اس مباحثہ مین حصّہ لیا آخر کار یہ تجویز حسب ذیل الفاظ مین، منظور ہوئی -

"ندوۃ العلمار کا یہ جلسہ گورنمنٹ سے درخواست کرتا ہے کہ جنوبی ہند کے ایسے اوقاف کا انتظام جواب گورنمنٹ کے ذمے مین ایک کمیٹی کے حوالے کرے"

اسکے بعد مولوی **عبد الغفور صاحب** تاجر چرم بنگلور نے حسب ذیل الفاظ مین تجویز نمبر ۹ پیش کی -

"یہ جلسہ تجویز کرتا ہے کہ مولانا شاہ محمد سلیمان صاحب چشتی قادری کی خدمات کے اعتراف مین

وظائف سلیمانی کے نام سے ایک فنڈ قائم کیا جائے جس سے غیر مستطیع طلبہ کو دارالعلوم میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے وظایف دیے جائیں"۔

مولوی غلام محمد صاحب شملوی نے نہایت پراثر طریقہ سے اس تجویز کی تائید کی۔

تحریک و تائید کے بعد خود مولانا **شاہ سلیمان صاحب** ایستادہ ہوے اور آپنے یہ ترمیم پیش کی کہ اس فنڈ کا نام آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اسم مبارک کے انتساب سے **وظائف محمدیہ** رکھا جائے، اس موقع پر جناب ممدوح نے محبت رسول کریم اور اسلام کی اخلاقی و روحانی تعلیم پر ایسی پر اثر و دلگداز تقریر کی کہ ہر شخص کا دل فرط جوش سے تڑپ اٹھا اور تمام مجلس ماتمکدہ بن گئی۔ ہر شخص کی آنکھ سے بے اختیار آنسو جاری تھے، اور تمام مجمع پر ایک عجیب عالم بے خودی چھایا ہوا تھا، مولانا کی یہ تقریر مدراس مین ہمیشہ یادگار رہیگی افسوس کہ اس تقریر کی روانی، سلاست و سحرکاری نے اس عالم جوش وخروش مین کسی کو اسکے لکھنے کا موقع نہین دیا اسیلیے ہم اس کو ناظرین تک پہونچانے سے معذور ہین!"

اس تقریر کے بعد **وظایف محمدیہ** کے لیے مختلف عطیات کا اعلان کیا گیا بعض اصحاب نے مستقل سالانہ اعانت اس فنڈ کے لیے منظور کی اور اس تجویز کے محرک مولوی عبدالغفور صاحب نے پانچسو روپیہ نقد اور سو روپیہ سالانہ کا اعلان کیا۔

اس کارروائی کا سلسلہ ابھی جاری تھا کہ عالی جناب نواب غلام محمد علیخان صاحب بہادر **پرنس آف ارکاٹ** جلسہ مین تشریف لائے صدر دروازہ پر اعیان مدراس اور والنٹیرون کی جماعت نے آپکا خیر مقدم کیا۔ پرنس کی تشریف آوری کے بعد جناب ممدوح کے سکرٹری نے ایک دلچسپ دپرمعنی نظم بھی جلسہ مین پڑھکر سنائی"

اسکے بعد جناب **نواب غلام احمد صاحب** کلامی نے تجویز نمبر (۱۰) حسب ذیل الفاظ مین پیش کی -

"یہ جلسہ ان تجویزونکی تجدید کرتا ہے جو اجلاس گذشتہ ندوۃ العلماء مین بابت تکمیل دار العلوم و تعمیر دار الاقامہ و مسجد و کتب خانہ کی منظور ہو چکی ہین"

نواب صاحب ممدوح نے اس تجویز کو پیش کرکے ایک پر مغز تقریر کی جس مین دار العلوم ندوہ کی ضرورت و اہمیت اور اسکی تمام ضروریات کو بہ تفصیل بیان کیا اور آخر مین حاضرین سے چندے کے لیے اپیل کی ، آپکی تقریر سے غیر معمولی جوش و خلوص ظاہر ہوتا تھا

اسکے بعد مولوی غلام محمد صاحب شملوی نے اس تجویز کی تائید مین تقریر کی اور دار الاقامہ کی ضرورت کو مفصل طور پر بیان کیا بعدازان محترم صدر نے اس تجویز کی تائید مزید کی اور عالی جناب مسٹر جسٹس **عبد الرحیم** نے ندوہ کے مفید مقاصد و خدمات کو بیان کرکے اہل مدراس کو ترغیب دی کہ وہ دل کھولکر اسکی اعانت کرین -

اسکے بعد جناب مولانا **عبد السبحان صاحب** اپنی کرسی سے اُٹھے اور آپ نے فرمایا تعجب ہے کہ اس تجویز کی تحریک کی تائید مین میرا نام کیون نہین رکھا گیا حالانکہ مین گذشتہ سال سے اس مفید تحریک کا زبردست حامی ہون - پھر آپنے اہل مدراس کو مخاطب کرکے فرمایا کہ اے برادران مدراس جب مین گذشتہ سال مع چند بزرگان مدراس کے پونا مین ندوۃ العلماء کے سالانہ اجلاس مین شریک ہوا تو مین نے ارکان ندوہ سے وعدہ کیا اور جلسہ مین بھی اعلان کیا کہ اگر ارکان ندوۃ العلماء آیندہ سال مدراس مین ندوے کا سالانہ اجلاس منعقد کرین اور اہل مدراس کی دعوت کو قبول کرین تو ہم مدراس کی طرف سے **دس ہزار روپیہ** تعمیر دار الاقامت کے لیے ندوہ کو دینگے آپ جانتے

ہین کہ یہ وعدہ مین نے آپکے اعتماد پر کیا تھا مجکو یقین تھا کہ جب آپکا ایک بھائی کسی سے وعدہ کریگا تو آپ اُس وعدے ضرور پورا کرینگے۔"

کل مسٹر جسٹس عبد الرحیم نے فرمایا تھا کہ اہل مدراس جب کسی بات کا وعدہ کرتے ہین تو اسکو ضرور پورا کرتے ہین پس ہمارا فرض ہے کہ ہم یہ ثابت کردین کہ ہم نے جو وعدہ کیا تھا وہ پورا کیا - اگر آپنے میرے وعدہ کے مطابق دس ہزار روپیہ نہ دیا تو مین مدراس کے ایک ایک ضلع کا دورہ کرونگا اور پیسہ پیسہ مانگ کر دس ہزار روپیہ جمع کرونگا اور جو وعدہ کیا ہے اسکو انشاءاللہ ضرور پورا کرونگا۔

اے برادران اسلام! جلدی کیجیے ورنہ مین نیچے اُتر کر آپ لوگونکے پاس آؤنگا اور فرداً فرداً ہر شخص سے وصول کرونگا - مدراس کے اولوالعزم و باہمت مسلمانون کے نزدیک دس ہزار روپیہ کی کوئی حقیقت نہین ہے بس پر نہ کیجیے اُٹھیے!!! ۱۰ منٹ کے اندر دس ہزار روپیہ جمع ہوجانا چاہیے -

مندرجہ بالا تقریر کے بعد جسکو ہم نے اختصار کے ساتھ قلمبند کیا ہے مولانا عبد السبحان صاحب اپنی کرسی پر بیٹھ گئے اور مدراس کے فیاض مسلمانون نے درحقیقت نصف گھنٹے کے اندر مطلوبہ رقم کا اعلان کردیا اور جو وعدہ کیا تھا اُسکو پورا کردکھایا - اسکے بعد ایک بجے کے قریب اجلاس ختم ہوا۔

اجلاس چہارم

۳ - بجے سے ۵ بجے تک

تلاوت کلام مجید کے بعد اجلاس شروع ہوا اور جناب صدر نے دار العلوم ندوہ

کے نتائج پر ایک پر اثر تقریر کی اسکے بعد عالی جناب آنریبل جسٹس عبدالرحیم صاحب اسٹیج پر تشریف لائے اور آپنے نہایت جوش و اخلاص سے بحیثیت صدر جماعت استقبالیہ میزبانون کا شکریہ ادا فرمایا اور جن اصحاب نے ندوے کے جلاس کو کامیاب و شاندار بنانے مین حصہ لیا ان کا نام بنام ذکر کیا سلسلۂ تقریر مین آپنے فرمایا کہ ہمارے اجلاس کے صدر مولانا قاری شاہ سلیمان صاحب باوجود پیرانہ سالی اجلاس سے دو تین ماہ قبل بنگلور تشریف لاے، اور برابر ندوے کا کام کرتے رہے شاہ صاحب کے متعلق زیادہ کہنے کی حاجت نہین تمام اصحاب اُن سے واقف ہین مین نے بہت سے خوش بیان واعظ وخطیب دیکھے لیکن ایسا نہین دیکھا اُن کا بیان عجب پر تاثیر ہوتا ہے اُن کو ہنسانے رُلانے دونون مین کمال ہے ہم مولانا کے شکر گذار ہین کہ ہم نے اُنکے مفید نصائح سے فائدہ اُٹھایا

مولانا حمید الدین صاحب پرنسپل دار العلوم حیدرآباد باوجود علالت حیدرآباد سے تشریف لائے اور ہم سب کو شکر گذار فرمایا۔ مولانا محمد اسلم صاحب فرنگی محلی علامہ بحر العلوم کے پوتے بمبئی آکر بیمار ہوگئے لیکن اُنھون نے اجلاس مین شریک ہوکر ہمکو شکر گذاری کا موقع دیا۔ مولوی عبداللہ احمد صاحب بمبئی سے تشریف لائے وہ ہمیشہ قومی کامون مین دلچسپی سے شریک ہوتے ہین اور ہر مفید کام مین حصہ لیتے ہین ہم ہر ہائنس بیگم صاحبہ بھوپال کا بھی شکریہ ادا کرتے ہین کہ ریاست کی طرف سے مفتی محمد انوار الحق صاحب ایم۔ اے کو اجلاس ندوہ مین شریک ہونے کے لیے روانہ فرمایا۔ سرکار عالیہ کی ندوہ پر خاص توجہ ہے یعنی تین ہزار روپیہ سالانہ ندوہ کو عطا فرماتی ہین۔

ہمارے جلسہ مین مولانا ناظر حسن صاحب، مولوی شاہ نظام الدین صاحب جہری

مولوی عبدالسلام صاحب پانی پتی، اور مولوی غلام محمد صاحب فاضل ہوشیار پوری بھی تشریف لائے ہین جو پنجاب کی زندہ دلی کا ثبوت ہین۔ مولانا سید امیر علی صاحب پرنسپل دار العلوم ندوہ بھی یہان موجود ہین یہ تمام علما ہمارے خاص شکریہ کے مستحق ہین۔

سب سے زیادہ لائق شکریہ جناب مولانا حکیم سید عبد الحی صاحب ناظم ندوۃ العلما ہین جو اپنے خاص کامونکو چھوڑ کر باوجود کثرت مشاغل کے ایک مدت سے ندوۃ العلما کی خدمت کر رہے ہین اور انکی وجہ سے ندوے کا کام چلتا ہی وہ اپنے مشاغل کو چھوڑ کر یہان تشریف لائے ہین اور مدراس مین انکی تشریف آوری درحقیقت ندوے کی کامیابی کا ایک بڑا سبب ہے ہم اُن تمام سامعین کے بھی شکر گذار ہین جو ہزارون کی تعداد مین اجلاس مین شریک ہوتے رہے۔

یہ امر بھی ہمارے لیے قابل مسرت ہے کہ اجلاس ندوۃ العلما کی وجہ سے مدراس مین اشاعت اسلام کے کام کی بنیاد رکھی گئی اور خود دار العلوم ندوے کے متعلق جو کچھ کارروائی ہوئی وہ بھی قابل اطمینان رہی۔

آخر مین بحیثیت صدر جماعت استقبالیہ مین اسقدر ضرور کہونگا کہ مدراس کے خاندان بادشاہ کے معزز اصحاب نے اِس کام مین خاص حصہ لیا اس خاندان کے سربرآوردہ رکن جناب حاجی عبد العزیز بادشاہ یہان موجود ہین جو ندوے کے خاص ہمدرد ہین۔

مولانا عبد السبحان صاحب تین ماہ سے ندوے کا کام کر رہے ہین اُنکی وجہ سے ہم کو بہت کامیابی ہوئی، ہم اُنکے خاص طور پر شکر گزار ہین۔ اِس اجلاس نے تمام احاطہ مدراس مین خاص طور پر شہرت حاصل کی اور ہر جگہ اِسکا خیر مقدم کیا گیا خاصکر بنگلور و مالابار کے بہت سے مہمان یہان تشریف لائے اور ہمکو ممنون کیا۔

ہمارے نوجوان والنٹیر خصوصیت سے شکریہ کے مستحق ہین، اُنھون نے مہمانون کی

خاطر و مدارات کے فرایض کو نہایت خوبی سے ادا کیا اور کسی کو شکایت کا موقع نہین دیا - یہ تمام حسن انتظام اور کام کی باقاعدگی جو آپ دیکھ رہے ہین والنیٹرونکی سعی و کوشش کا نتیجہ ہے - اسلیے ہم خصوصیت سے اُنکے شکر گزار ہین، ہم سب لوگون کی خواہش تھی کہ جلسہ نہایت قابل اطمینان طریقہ سے منعقد ہو، ہم کو مسرت ہے کہ لائق و فرض شناس والنیٹرونکی مدد سے ہم کو اس معاملہ مین کامیابی ہوئی، یہانتک کہ جلسہ بخیر و خوبی اختتام کو پہونچا"

عالیجناب مسٹر جسٹس عبدالرحیم کی تقریر کے بعد جناب مولانا عبدالسبحان نے ایک مختصر تقریر کی جس مین آپنے اجلاس سالانہ کی کیفیت اور اُسکے انتظامات کی مختصر روداد بیان کی اور اُن تمام اصحاب کا فرداً فرداً شکریہ ادا کیا جو آغاز عمل سے آخر تک جلسہ کے انتظامات مین اُن کو مدد دیتے رہے - خاصکر عالی جناب مسٹر جسٹس عبدالرحیم کی توجہ اور دلچسپی کو خصوصیت سے بیان کیا -

بعد ازان مولوی غلام محمد صاحب شملوی وکیل ندوۃ العلما اسٹیج پر آئے اور آپنے نہایت جوش و خلوص سے بزرگان مدراس کی مہمان نوازی، فیاضی، اور حسن اخلاق کا شکریہ ادا کیا، اور نام بنام ان تمام بزرگان مدراس کا تذکرہ کیا جو درحقیقت مدراس مین اجلاس ندوۃ العلما کی شاندار کامیابی کا باعث تھے آپنے بتایا کہ کسطرح مولانا عبدالسبحان صاحب مسلسل چند ماہ تک ندوے کے کام مین مصروف رہے اور بعض اوقات ان کو کام مین اسقدر انہماک رہا کہ اپنے تجارتی کاروبار اور ذاتی مشاغل کے لیے بھی ان کو مہلت نہ ملی - آپنے یہ بھی بیان کیا کہ مولانا عبدالسبحان صاحب کی اہلیہ محترمہ اس عرصہ مین برابر سخت علیل رہین اور یہ سلسلۂ علالت ابتک جاری ہے لیکن مولانا کو

ندوے کے کام مین اسقدر مصروفیت رہی کہ وہ علاج و تیمارداری مین اپنا وقت نہ صرف کرسکے اور یہ فرض خاندان کے دوسرے لوگون کے ذمے رہا۔

اسیطرح آپنے عالی جناب مسٹر جسٹس عبدالرحیم جناب خان بہادر حاجی بدرالدین صاحب اور جناب سی عبدالحکیم صاحب کی غیر معمولی سعی وکوشش اور مالی اعانت کا تذکرہ کیا اور مقامی اخبارات کے محترم ایڈیٹرون کے خدمات بھی بیان کیئے آخر مین والنٹیرون کا شکریہ ادا کیا اور بہ تفصیل بتایا کہ انگریزی اسکولون اور کالجون کے طلبا نے محترم مہمانون کی کسطرح خدمت کی حالانکہ امتحانات کا زمانہ بالکل قریب تھا اور قدرتًا انکی مشغولیت غیر معمولی تھی، غرض مولا ممدوح نے اپنا پُرجوش سلسلہ تقریر بزرگان مدراس کے شکریہ پر ختم کیا اور دن کا جلسہ بھی اسی تقریر پر باقاعدہ طور سے ختم ہوگیا

